اس کے مقابلے میں کوئی دوسری جنتری نہ ملے گی

روحانی ماہنامہ تحفۂ روحانیات

2019ء

مزمل روحانی جنتری

اپنے سابقہ معیار کے ساتھ

2+0+1+9
12
2+1
3

تقویم، نجوم
ملکی سیاسی حالات

شہر ٹو شہر اور بانڈ ٹو بانڈ کے نایاب فارمولا جات

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات
محمد ایاز مزمل حسین شاہ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

شجرہ طیبہ چہاردہ معصومین علیہم السلام

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْراً

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

اپنے علم کو جہل اور اپنے یقین کو شک نہ بناؤ۔ جب جان لیا تو عمل کرو' اور جب یقین پیدا ہوگیا تو آگے بڑھو:۔ حضرت علیؑ

اسمائے معصومینؑ	لقب	کنیت	اُمہات	تعداد اولاد	تاریخ ولادت	جائے ولادت	تاریخ شہادت	مدت حیات	جائے مدفن
حضرت محمدؐ ابن عبداللہؑ	مصطفےٰؐ	ابوالقاسم	حضرت آمنہ بنت وہب	فاطمۃ الزہراؑ طیبؑ طاہرؑ قاسمؑ ابراہیمؑ	۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل	شعب ابوطالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر سنہ ۱۱ھ	۶۳ سال	مدینہ منورہ
حضرت فاطمہؑ بنت رسولؐ	زہراؑ	اُم الحسنین سیدۃ النساء	حضرت خدیجہ الکبریٰ	حسنؑ حسینؑ زینبؑ اُم کلثومؑ اسقاط محسنؑ	۲۰ جمادی الثانی ۵ بعثت	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانی سنہ ۱۱ھ	۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ دن	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام علیؑ ابن ابی طالبؑ	امیرالمومنینؑ	ابوالحسنؑ ابوتراب	حضرت فاطمہ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل جمعہ	(درمیان) خانہ کعبہ	۲۱ رمضان سنہ ۴۰ھ	۶۳ سال	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	مجتبےٰؑ	ابومحمدؑ	حضرت فاطمۃ الزہرہؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر سنہ ۵۰ھ	۴۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام حسینؑ ابن علیؑ	سیّدالشہداءؑ	ابوعبداللہ	حضرت فاطمۃ الزہرہؑ	۶ پسر ۴ دختران	۳ شعبان ۴ھ	مدینہ منورہ	۱۰ محرم الحرام سنہ ۶۱ھ	۵۷ سال	کربلامعلےٰ (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن الحسینؑ	زین العابدینؑ	ابومحمدؑ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم الحرام سنہ ۹۵ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	باقرؑ	ابوجعفر	فاطمہ بنت امام حسنؑ	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب المرجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ سنہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام جعفرؑ ابن محمدؑ	صادقؑ	ابوعبداللہ ابواسماعیل	اُم فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی بکر	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع اول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال المکرم ۱۴۸ھ	۶۵ سال	جنت البقیع (مدینہ منورہ)
حضرت امام موسیٰؑ ابن جعفرؑ	کاظمؑ	ابوابراہیم ابوالحسن	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر المظفر ۱۲۸ھ	ابواء مابین مکہ و مدینہ	۲۵ رجب المرجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن موسیٰؑ	رضاؑ	ابوالحسن	اُم البنین	امام محمد تقیؑ	۱۱ ذیقعد ۱۵۳ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذیقعد سنہ ۲۰۳ھ	۵۰ سال	مشہد مقدس (ایران)
حضرت امام محمدؑ ابن علیؑ	تقیؑ	ابوجعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب المرجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذیقعد سنہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ دن	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ ابن محمدؑ	نقیؑ	ابوالحسن	سمانہ خاتون	۵ پسر دختران	۵ رجب المرجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب المرجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	رمن رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ ابن علیؑ	عسکریؑ	ابومحمدؑ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب العصرؑ	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول سنہ ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۲ ماہ	سرمن رائے (عراق)
حضرت امام محمدؑ ابن الحسنؑ	الحجۃ القائم المہدیؑ	ابوالقاسم	نرجس خاتون	العلم عنداللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سرمن رائے (سامرہ)	بحکم خدا زندہ ہیں!	ماشاءاللہ	جائے غیبت سرمن رائے

مصدقہ :۔ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

مزمل روحانی جنتری (رجسٹرڈ)

پریس لارز برانچ حکومت پاکستان کے تحت جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ جعلی ایڈیشن یا مضامین شائع کرنے کی صورت میں ادارہ سخت قانونی چارہ جوئی کرے گا۔ (ادارہ)

بانی ادارہ روحانیات وچیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر: محمد نبیل مزمل ۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین: ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر: سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر: رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس: سید شارق حسین زیدی، رضوان حسین شاہ

سید عارف معین بلے (ایکسپریس چینل)
جناب محترم عابد کمالوی (ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ)
ملک نسیم رضا (ر) ڈائریکٹر ایف آئی اے، شہزادہ منظور علی سموں
علامہ آغا السید ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر
ماسٹر شوکت علی بروہی، غلام اکبر زنگیجو، سید شعیب الرحمٰن شاہ

لیگل ایڈوائزر
شیخ مستحسن جاوید (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ) 0300-9630230
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ) 0333-6101585

قیمت فی جنتری 200 روپے

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ترتیب مضامین

صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر	مضمون
02	کلامِ حق	63	جائیداد خریدنا، ملازم رکھنا
03	اختتام، ابتدائے سال کی دعا	64	قرض دینا، قرض لینا
04	درود مزمل	65	بچے کا نام رکھنا
05	سورۃ مزمل	66	رنگ اور لباس
06	خواص سورۃ مزمل	67	پتھر اور نگینے
08	سیاسی سوالات وجوابات	68	سعد تاریخ اور نکاح
12	نوروز عالم افروز	69	صدقات بروج
13	آداب واعمال نوروز عالم افروز	70	یہ سال کیسا رہیگا؟
14	احکام زائچہ نوروز	120	اوقات استخراج نوروز عالم افروز
16	تقویم رفتار سیارگان 2019ء	121	دوست دشمن موزوں برج
40	جدید فارمولے کلیہ جات	122	جدول کیفیت سورج چاند گرہن
46	نتائج انعامی بانڈ 2018ء	123	کسوف وخسوف 2019ء
47	شیڈول انعامی بانڈز 2019ء	124	کیفیت سیارگان
48	2019ء سال رواں کے لکی نمبرز	125	سیارگان در قطبین
49	منسوبات بروج، بچوں کا مستقبل	126	احکامات وظائف وعملیات
51	حالات سیارگان در بروج	127	داخلہ خروج سیارگان
52	پچھتر اور منسوبات	128	قمر در عقرب، شرف قمر
53	قاعدہ استخراج زائچہ	129	قمری نظرات
54	استخراج کوابکی وقت	140	شرفات سیارگان
57	ملتان سے دیگر شہروں کا وقت	141	اہم نظرات سیارگان
59	احکامات سیارگان در بروج	144	100 سالہ شرف مشتری
60	استخراجی حسابی جدول	145	50 سالہ مریخی کیفیت
61	دائمی جفری فالنامہ	146	100 سالہ زحلی کیفیت
62	اہم امور، آغاز سفر	147	دیوالی، ہندو تہوار

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک سے جاری کیا۔

کھلا خط آپ کیلئے

پیارے قارئین کرام السلام علیکم! آپ کی خدمت میں مزمل روحانی جنتری **2018**ء پیش کی جارہی ہے۔ الحمد للہ! مزمل روحانی جنتری فرقہ وارانہ اور مذہبی تعصب اور منافرت سے پاک ہے۔ اسے پاکستان کے اہل تشیع، اہل سنت والجماعت نے یکساں پسند فرمایا مزمل روحانی جنتری **2018**ء میں انتہائے، ابتدائے سال کی دُعا، درود مزمل، سورہ مزمل، سورہ مزمل کے بعد سورہ مزمل کے مجرب اعمال کا ایسا ذخیرہ موجود ہے جو کہ کسی دوسری جنتری یا روحانی رسالہ میں نہ ملے گا۔ اہم سیاسی پیشن گوئیاں ملکی و بین الاقوامی سیاسی حالات پر زائچہ نجوم کی روشنی میں تبصرہ، نوروز عالم افروز کی اہمیت افادیت کو خاص طور سے شائع کیا گیا ہے۔ جنتری کا اصل مقصد وتقاویم (کیلنڈر) کا جاننا ہے۔ جس میں عیسوی، بکرمی، شاکا، ہجری تقویم سمیت ترتیب ایام سال، پنچھتر، داخلہ قمر در بروج، منازل قمر، سعد ونحس ایام، اہم تاریخی واقعات، مذہبی تہوار، عرس کی تواریخ، اہم سرکاری و نیم سرکاری تعطیلات، اہم اسلامی تہوار ائمہ کرام کی ولادت، شہادت وصال سے متعلق معلومات شامل ہیں۔

اچھی اور میعاری جنتری کی نشانی. جنتری کے معنی ومقاصد تقاویم اور سیارگان کی رفتار، نشست در بروج، نظرات، درجات، شرفات، اوج، حضیض وہبوط، کسوف وخسوف کا جاننا ہے۔ نا کہ جنتری میں اعمال کی بھرمار یا خودثنائی یا اس قسم کی معلومات جن کی عام قاری کی دلچسپی نہ ہو شائع کرنا۔ مزمل روحانی جنتری **2018**ء میں اس بات کو خاص اہمیت دی گئی ہے کہ آپ اپنے روزمرہ کے معاملات مثلاً اہم امور، محبوب سے ملاقات یا پیغام محبت، آغاز سفر، آغاز چلہ کشی، جائیداد خریدنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، جائیداد فروخت کرنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، ملازم رکھنا، مقدمہ کی ابتداء، آپریشن کروانا، قرض دینا، قرض لینا، بچے کا نام رکھنا، بچے کی ختنہ کرنا، بچے کا عقیقہ کرنا، اسکول داخل کروانا، خوشی کی رسم کرنا' کونسا رنگ اور لباس کس طرح استعمال کریں یا کس برج کیلئے کونسا رنگ موزوں ہے' آپکے لئے کونسا پتھر یا نگینہ فائدہ مند رہیگا یا کونسا پتھر اور نگینہ نقصان دہ ہوسکتا ہے' نکاح یا شادی کروانا ہو تو کس ماہ کی کونسی تاریخ نکاح یا شادی کیلئے مناسب یا مبارک ثابت ہوگی' نحوستوں پریشانی سے بچنے کیلئے آپکے برج کا کونسا صدقہ بنتا ہے اور کس طرح یہ صدقہ دیں اس کی مکمل تفصیلات جنتری ہذا میں شامل ہے۔

صاحب روحانیات یا منجم یا عاملین مزمل روحانی جنتری کو بہت اچھے انداز سے سمجھ سکتے ہیں کیونکہ جنتری کے آخر میں نجوم کی باریکیاں قمری نظرات' کیفیت سیارگان' رجعت استقامت' داخلہ خروج سیارگان' قمر در عقرب' ہبوط قمر' شرف قمر اور اہم نظرات سیارگان شائع کئے گئے ہیں۔

مزمل روحانی جنتری کا سال بھر شائقین روحانیت کو انتظار اس لئے بھی رہتا ہے کہ جنتری ہذا میں **50** یا **100** سالہ درجات وتواریخ اہم سیارگان زحل' مشتری' مریخ' شرفات' اوج حضیض' ہبوط شائع کئے جاتے ہیں۔ یہ اعزاز دُنیا بھر میں کسی دوسری جنتری کو حاصل نہ ہے۔

عوامی مقبولیت میں اضافہ مزمل روحانی جنتری کے متذکرہ بالا خاص مضامین کی وجہ سے ہوا اور یہ سلسل بدستور جاری ہے کہ اہل علم دیگر جنتریوں کی نسبت مزمل روحانی جنتری کو اہمیت دیتے ہیں۔

عام قاری کیلئے مزمل روحانی جنتری میں خاص طور سے آپ کے برج سے متعلق سالانہ حالات ہفتہ وار شائع کئے گئے ہیں جو کہ عوام میں بہت زیادہ شہرت رکھتے ہیں کہ جنتری ہذا میں شائع کردہ سالانہ حالات درست طور پر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ سال بھر کے لکی نمبر خاص کلیہ جات کی مدد سے حکومتی پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی کے درجہ اول اور دوئم کے نمبرات کا استخراج کرنا تا کہ خاص کے علاوہ عام آدمی بھی مزمل روحانی جنتری سے استفادہ کر سکے۔ مزمل روحانی جنتری میں اس بات پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے کہ جنتری کا کاغذ اور میعار اعلیٰ ہو، بہت عام فہم زبان میں کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ قارئین کو مزمل روحانی جنتری کا شدت سے انتظار رہتا ہے اگر عام طرز طریقہ سے جنتری ہذا کو تیار کرنا ہوتا تو دیگر جنتریوں کی طرح سال نو کے آغاز سے کئی ماہ قبل مزمل روحانی جنتری مارکیٹ میں پیش کر دیا جاتا۔ **دعا گو!** محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کسی بھی شہر میں **جنتری نہ ملنے** کی صورت میں **03006368746** پر رابطہ کریں۔ **ادارہ روحانیات**

اختتام سال کی دعا

اَللهُمَّ مَا عَمَلَتُ فِی السَّنَةِ مِمَا نَهِيِی عَنهُ وَلَمْ اَتبُ مِنهُ وَحَلَمْت فِيهَا بِفَضْلِكَ بَعْدَ قُدرِ تك عَلٰى عَقرَبِیْ وَدَ عُوَتَنِیْ اَلتَوْبَةُ مِنْ جَرَاتِیِ عَلٰیْ بِفَضْلِكَ بَعْدَ قُدرِ تَك عَلٰی عَقرَبَتِی وَدَ عُوَتَنِی اَلتَّوْبَةُ مِنْ جَرَاتِی عَلٰیْ مَعَصِیتَاكَ فَانِی اَسْتَغْفِرُكَ فَا غفِرلٰی وَمَا عَمَلتُ فِيهَا تَرْضَاه وَعَدتَنِی عَلِيه الثَوَابَ فَاسَئلَكَ اَنْ تَتَقَلَبهُ مِنِی وَلَا تَقطَعَ وَجَائِی مِنْكَ يَا كَرِيم۔

(ترجمہ) اے اللہ اس سال میں نے تیری جو نافرمانی کی اور اُن بداعمالیوں سے اب تک توبہ نہ کی اس کے باوجود میرے قابل سزا ہونے پر بھی تیری رحمت فضل وکرم مجھ پر جاری رہا اور سب کچھ جانتے ہوئے بھی تو نے مجھے توبہ کی طرف مائل کیا اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اے اللہ میں نے اس سال میں جتنے بھی نیک کام کئے تیری رضا کیلئے کئے اور جن پر تو نے انعام واکرام کا وعدہ فرمایا۔ اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ اُن نیک اعمال کا بدلہ تو ہی دینے والا ہے اے کریم میری اس اُمید کو جو تیری ذات سے وابستہ ہے کبھی منقطع نہ کرنا۔

آغاز سال کی دعا

اَلّهُمَّ اَنْتَ اِلَا بَدَیْ اَلْقَدِیْم الاَوَلْ وَعَلٰیْ فَضُلِكَ الْعَظِیْم وَکَرَم جَوُدكَ الْمَرْزِلَ وَ هذَا عَامَ جَدِيد قَد اَقبَلَ اَسَئل العَصْمَةَ فِيهِ مِنَ الشَیْطَانْ وَاوَلِیاَ ئهُ وَالْعَوْنَ عَلٰیْ هذَاالنَفَسِ اَلا مَادَةُ بِالسُّوعِ وَالْاَ اشْتَغَالِ بِمَا يَمتَرَ بُنِیْ اِلَيِكَ زَلْفِیْ يَا ذَوَالجَلَالِ وَالْا اِكْرَام۔

(ترجمہ) اے اللہ! آپ کی ذات ازلی ابدی اور اول ہے اپنے عظیم فضل، قابل بھروسہ بخشش اور کرم کے ساتھ تو قائم ودائم ہے اے اللہ یہ نیا سال آن پہنچا ہے اس سال کے اندر شیطان اور اس کے مددگاروں سے مجھے نجات دلا اور برائیوں کے خلاف برانگیختہ کرنے والے اپنے اس نفس کے خلاف میری مدد فرما اور میری مدد فرما ایسے اعمال میں مشغولیت کی جو میرے مرتبہ کو آپ کی ذات کے قریب کر دے۔ اے اللہ بے شک تیری بزرگی اور کرم ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

(**نوٹ**) ان دونوں دعاؤں کو اختتام سال اور آغاز سال سے قبل تین تین بار پڑھیں۔ ان بابرکت دعاؤں کی بدولت پورا سال پریشانی، مصیبت، آفات بلیات اور دکھوں سے نجات ملتی ہے۔

دُعَآئے امام مُوسٰی کاظمؑ

يَا سَامِعَ كُلِّ صَوتِ وَيَا سَا بِقِ الفوتِ وَيَا كَاسِیَ العظَام لَحْمًا وَّمُنْشِرَ ها بَعْدَ اَلْمَوْتِ اِسْئلُكَ باَ سْماَ ئِكَ الْحُسْنٰی وَبا سْمِكَ اَلَا عْظَمِ اَلَا كْبَرِ الْمحزوُنِ الْمَكْنُون الَّذِیْ لَمْ يَطِّلِعْ عَلَيْهِ اَحَدُ مَنَ الْمخلُوقِيْنَ يَا حَلِيماً ذَآنَاةٍ لَا يُقوِیْ عَلَیْ اَنَا تِهِ يَا ذَا الْمعرُوفِ الَّذِیْ لَا يَنْقَطِع اَبَدًا وَّلَا يُحصِی عَدَدًاافرَجْ عَنِیَّ۔

دعآئے امام جعفر صادقؑ برائے حل المشکلات

اَللّٰهمّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ وَاَسعِدنِیْ بِتَقْوِيْكَ وَلَا تُشْقِنِیْ بِنَشْطِیْ لِمَعَا صِيْكَ وَخِرْلِیْ فِیْ قَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ قَدرِكَ حَتّٰیْ لَآ اُحِبَّ تَاْ خِيْرَ مَا عَجَّلْتَ وَلَا تَعجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ نَفْسِیْ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثِيْنَ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ وَاَرِنِیْ فِيْهِ قُدرَتَكَ يَارَبِّ وَاَقِرَّ بِذٰلِكَ عَيْنِیْ

دعآ اسم اعظم

حضرت سیدنا علی المرتضیؑ اَللّٰهُمَّ اِنِیّٓ اَسْئَلُكَ يِا عَالِمَه الْخَفِيَّةِ وَيَا مَنِ السَّمَآءُ بِقُدرَتِه مَبْنِيَّةٌ وَّيَا مَنِ الْاَرْضُ بِعِزَّتِه مَدحِيَّةٌ وَّيَا مَنِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِنُورِ جَلَالِه مُشرِقَةٌ وَّمُضِيْئَةٌ وَّيَا مُقبِلًا عَلٰی كُلِّ نَفْسٍ مُّؤمِنَةٍ زَكِيَّةٍ وَّيَا مُسَكِّنَ رُعْبَ الْخَائِفِيْنَ وَاَهْلَ التَّقِيَّهِ يَا مَنْ حَوَآئِجُ الْخَلْقِ عِنْدَهُ مَقْضِيَّةٌ يَّا مَنْ نَّجّٰی يُوسُفَ مِنْ رِّقِ الْعُبُودِيَّةِ يَا مَنْ لَّيْسَ لَهٗ بَوَّابٌ يُّنَادیٰ وَلَا صَاحِبٌ يُّغْشٰی وَلَا وَزِيْرٌ يُّعْطٰی وَلَا غَيْرُهٗ رَبٌّ يُّدعٰی وَلَا يَزْدَادُ عَلٰی كَثْرَةِ الْحَوَائِجِ اِلَّا كَرَمًا وَّجُودًا وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِه وَاَعطِنِیْ سُؤالِیْٓ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدائی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَلْمُزَّمِّلْ وَالْخَصَائِصُ

سورۃ مزمل سے متعلق یہ خاص ورد پاک اور اختتامی درود پاک بہت ہی نایاب ہے جو کہ شاید آپ نے آج تک نہ سنے اور نہ ہی پڑھیں ہونگے۔ درود مزمل کی یہ خاصیت ہے کہ سورۃ مزمل کے وظیفہ یا ورد سے پہلے اس درود پاک کا ورد کیا جائے تو اس وظیفہ کی چلہ کشی میں یا جس مقصد کے حصول کیلئے سورۃ مزمل پڑھی جائیگی وہ مقصد فوری پورا ہوگا اور ایک خاص روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

اختتامی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصْ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرُوْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَعْطَرِ وَالْمَدَدِ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تُزَمِّلْنِی بِرءِ یْ بِلُطْفِکَ عَنْ عُیُوْنِ الْبَاغِیْنَ وَالطَّاغِیْنَ وَالْحَاسِدِیْنَ مِنْ اَعْدَائِ وَاَعْدَائِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا مَنْ ھُوَ یَامَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ اَحْفِظْنِیْ عَنِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ یَا اَللّٰہُ صَمَدِیْ وَمَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ یَا اَللّٰہُ۔

اختتامی درود پاک کی بھی فضیلت بہت زیادہ ہے یہ درود پاک کئی سوسالہ پرانی بیاض سے میسر آئے ہیں اس بیاض میں سورۃ مزمل کے خاص طریقہ زکات اور مشکلات سے حل کیلئے سورۃ مزمل کا وظائف درج ہیں قارئین کیلئے میری جانب سے سال نو کا اس سے بڑھ کر بیش قیمت تحفہ اور کوئی نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ قارئین کرام کی تمام مشکلات اور پریشانیوں کو آسان فرمائے اور آپ لوگوں کو روحانی وجسمانی صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ صدقہ محمدؐ وآل محمدؐ میرا اور آپکا خاتمہ ایمان پر ہو بوسیلہ واسطہ حضرت محمدؐ بحق **یا ایھا المزمل (آمین)**

دعا گو:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل

سورۃ مزمل مع ترجمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ ﴿١﴾ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿٢﴾ نِّصْفَہٗ اَوِانْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلًا ﴿٣﴾ اَوْزِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ﴿٤﴾ اِنَّا
اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے کسی قدر کم کردو۔ یا نصف سے کچھ بڑھا
سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿٥﴾ اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ﴿٦﴾ اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ﴿٧﴾
دو اور قرآن کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد قرآن مجید ہے) بیشک رات کے اٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور
وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا ﴿٨﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ﴿٩﴾ وَاصْبِرْ عَلٰی
بات خوب ٹھیک نکلتی ہے بیشک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی اور دینی بھی) اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو وہ رب مشرق و مغرب کا مالک
مَا یَقُوْلُوْنَ وَاھْجُرْھُمْ ھَجْرًا جَمِیْلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِیْ وَالْمُکَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَۃِ وَمَھِّلْھُمْ قَلِیْلًا ﴿١١﴾ اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا
ہے اس کے سوا کوئی قابلِ عبادت نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کردینے کے لئے قرار دیئے رہو اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ۔ اور مجھ کو اور ان
وَّجَحِیْمًا ﴿١٢﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ﴿١٣﴾ یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَکَانَتِ الْجِبَالُ کَثِیْبًا مَّھِیْلًا ﴿١٤﴾
جھٹلانے والوں ناز و نعمت میں رہنے والوں کو (حالتِ موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو۔ ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس
اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاھِدًا عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰہُ
جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے۔ جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہوکر) ریگ رواں ہو جاویں گے بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم
اَخْذًا وَّبِیْلًا ﴿١٦﴾ فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا ﴿١٧﴾ اۨلسَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِہٖ کَانَ وَعْدُہٗ مَفْعُوْلًا
پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی بعد پہنچنے رسولؐ کے نافرمانی اور)
﴿١٨﴾ اِنَّ ھٰذِہٖ تَذْکِرَۃٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا ﴿١٩﴾ اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ اَنَّکَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَہٗ
کفر کرو گے تو اس دن سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کردے گا۔ جس میں آسمان پھٹ جائے گا۔ بیشک اس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا۔ یہ (تمام مضمون) ایک (بلیغ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے
وَثُلُثَہٗ وَطَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَکَ وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْہُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ
اپنے پروردگار کی طرف رستہ اختیار کرے۔ آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات
مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَّرْضٰی وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ وَاٰخَرُوْنَ
(نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔ اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کرسکتا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیرِ وقت) کو ضبط نہیں کرسکتے تو اس نے تمہارے حال پر عنایت کی سو (اب) تم لوگ جتنا
یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْہُ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا
قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو۔ اس کو معلوم ہے کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاشِ معاش کے لئے ملک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اس
تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ ھُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿٢٠﴾
حکم کو منسوخ کردیا) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو اور نماز فرض کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص
سے) قرض دو اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

الحبیب نیوزایجنسی ،اخبار مارکیٹ حیدرآباد- 0300-3037026 ادارہ روحانیات

خواصِ سورۃ مزمل

تحریر
محمد ایاز مزمل حسین شاہ

سورۃ المزمل مکہ المکرمہ میں نازل ہوئی قرآن پاک کے 29 وے پارے میں موجود ہے۔ سورۃ مزمل قرآن پاک کی ترتیب سورۃ مبارکہ کے لحاظ سے 73 ویں سورۃ ہے۔ اس سورۃ مبارکہ میں 20 آیات 300 کلمات جبکہ 553 حروف شامل ہیں۔ یہ سورۃ مبارکہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے گھر اُس وقت نازل ہوئی جب آپ آرام فرما رہے تھے۔ اس مقام پر آج کل سعودیہ عرب میں مکتب قائم کر دیا گیا ہے یعنی لائبریری بنادی گئی ہے۔ سورۃ مبارکہ کا نام اسکی پہلی آیت سے منسوب کیا گیا ہے جس کے معنی کپڑے میں لپٹنے والے ہے اور اسی معنی سے نبی کریمؐ کی ذات اقدس کی جانب اشارہ کیا گیا ہے۔ "مزمل" اس شخص کو کہا جاتا ہے کہ جو نیند پانے یا سردی سے بچنے کیلئے اپنے آپ کو کپڑے یا کسی اور چیز سے لپیٹ لیتا ہے۔ نبی کریمؐ نے جس وقت اہل مکہ کو اسلام کی تبلیغ شروع کی تو اس دعوت دینے پر لوگ آپؐ کے دشمن ہو گئے۔ اذیتیں پہنچانے لگے اسی اذیت کو دور کرنے کیلئے آپؐ چادر اوڑھ کر استراحت فرماتے تھے۔ ایک تحقیق کے مطابق سورۃ مزمل مبارکہ کی پہلی 10 سورتوں کا نزول مکہ المکرمہ میں ہے اور جبکہ دوسری 10 سورتوں کا نزول مدینۃ المنورہ میں ہوا۔

سورۃ مزمل میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریمؐ کو مخاطب کر کے پند موضوعات کی جانب بھی فرمایا ہے کہ رات کو عبادت کریں۔ قرآن کی تلاوت کریں کافروں کے مقابلے میں صبر واستقامت کا مظاہرہ کریں۔ آیت نمبر 4 میں قرآن کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ **ترتیلا** سے مراد کلمات کو صحیح طور پر ادا کرنا ہے۔ یعنی آیت مبارکہ کے معنی پر غور و فکر کرنا شامل ہے۔ سورۃ مزمل کی تلاوت کا وقت فجر سے پہلے اسی سورۃ مبارکہ میں بتایا گیا ہے۔

تفسیر کے لحاظ سے سورۃ مزمل کے مضامین کو 5 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

نمبر1: پیغمبر اکرم ﷺ کو احیا (شب بیداری) اور قرآن کی تلاوت نیز نبوت کی مسئولیت کو قبول کرنے کی تیاری کا حکم دیا گیا ہے۔

نمبر2: مخالفین کے مقابلے میں حضور اکرم ﷺ کو صبر واستقامت اور انکے ساتھ مدارا کا حکم دیا گیا ہے۔

نمبر3: معاد کے بارے میں گفتگو فرمائی گئی ہے حضرت موسیٰؑ کو فرعون کی جانب بھیجنا، فرعون کا اللہ کا حکم نہ ماننا اور سرکش ہو جانا اور پھر اللہ کا فرعون کو عذاب میں مبتلا کر دینا۔

نمبر4: پہلی آیت میں موجود شب بیداری کے حکم میں کچھ تخفیف کرنا اور رعائیت دے دینا شامل ہے۔

نمبر5: قرآن کی تلاوت، نماز کی ادائیگی، زکات کا حکم، اللہ کی راہ میں انفاق اور استغفار کا حکم دینا۔

نبی کریم ﷺ کی کامیابی کے لئے اللہ کی جانب سے موقع فراہم کرنا دین کی تبلیغ کے کاموں میں آپ ﷺ کی ذمہ داریاں کیا کیا ہیں، آپ ﷺ کی دعوت دین قبول کرنے کے لئے مشرکین کو انتباہ کرنا، نبی کریم ﷺ کی ہمراہی میں مومنین کی ذمہ داریاں کیا ہیں، ان میں پہلی ذمہ داری کہ شب بیداری کرنا اور نماز تہجد کا قائم کرنا، رات کا کچھ حصہ عبادت و ریاضت کے لئے مختص کرنا، اللہ کی ذات کے لئے دوسرے لوگوں سے قطع تعلق کر لینا۔ تمام معاملات اللہ کی ذات اقدس پر چھوڑ دینا۔ اللہ کی ذات پر مکمل توکل کرنا، نیک واجب اور مستحب اعمال کی انجام دہی اور اللہ کی جانب سے انعام و اکرام کا حصول ذات باری تعالیٰ کی طرف سے گناہوں کی بخشش۔ رسول اللہ کی مخالفت جن کفار نے کی ان کفار کا انجام کیا ہوا اس کی مثال فرعون کے انجام سے سمجھانا شامل ہے۔ روزگار کی تلاش میں اور سفر میں پیش آنے والی تکالیف بارے اسلام میں نرمی کا حکم تا کہ عبادت بوجھ محسوس نہ ہو۔

گلستان نیوز ایجنسی، فریر مارکیٹ کراچی، صدر۔ 0300-2680248 ادارہ روحانیات

محترم قارئین کرام! لفظ مزمل کے عدد 117 ہیں جن کا اسم اعظم **یا معز** ہے۔ یہ سورۃ مزمل کا خاص اسم اعظم ہے یعنی عزت مرتبہ اور تسخیر خلق کیلئے اسی اسم اعظم کو خاص ترتیب کے ساتھ ورد کیا جائے تو ایسا شخص مرتبہ و عزت حاصل کرتا ہے۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ اُسے **عزت مال و دولت سب کچھ حاصل ہو جائے** تو ایسا شخص فجر کی نماز کے وقت سورۃ مزمل اس انداز سے ورد کرے کہ **یا معزاعززنی بحق یا معز** اس دعائیہ عبارت کو 11 بار درود مزمل پڑھنے کے بعد 117 بار ورد کریں۔ اسکے بعد 117 بار **یا معز** ورد کریں اور ہر آیت کے بعد اسم اعظم سورۃ مزمل **یا معز** 117 بار پڑھیں۔ اس طرح سورۃ مبارکہ کے اختتام پر اسم اعظم **یا معز** کل 2340 بار پڑھا جائیگا۔ جو شخص اس طریقہ کار کو اپنے ورد میں رکھے گا ایسا شخص تاحیات اپنے حلقہ احباب میں بہت معزز ہوگا۔ عزت مال و دولت ہر طرف سے حاصل ہوگی مگر روح کی پاکیزگی اور نیت کا خلوص پہلی شرط ہے۔ روزانہ 2 رکعت نماز نفل اس انداز سے ادا کرے کہ حاجت روی کی نیت ہو پہلی رکعت میں سورۃ مزمل 6 بار اور دوسری رکعت میں سورۃ مزمل 5 بار ورد کریں اس طرح دونوں رکعت میں کل تعداد 11 ہو جائیگی۔ مگر شرط اول ہے کہ یہ وظیفہ معطر کمرہ میں قبل نماز فجر کریں سفید جائے نماز اور سفید لباس زیب تن ہو۔ ان شاء اللہ روحانیت کا ایسا حصول ہوگا **جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں روحانی طور پر کچھ نظر نہیں آتا یا وہ لوگ جو کہ روحانی سر بلندی کے خواہشمند ہیں کم از کم 3ماہ اس وظیفہ کو جاری رکھیں** اور پھر مجھ سے رابطہ کریں ان شاء اللہ تعریف کئے بغیر نہ رہیں گے۔ کچھ دوستوں کو اس بات کی بھی پریشانی ہوتی ہے کہ سفید جائے نماز کا حصول مشکل ہو جاتا ہے۔ اُن سے عرض ہے کہ سبز جائے نماز پر ایک غلاف ایسا سفید کپڑے کا تیار کروالیں جیسا کہ تکیہ پر چڑھایا جاتا ہے۔ اسکے آخر میں زپ لگا کر اسے بند کر لیا جائے یہ جائے نماز آپ کے سوا کوئی دوسرا استعمال نہ کرے۔ سفید لباس دو سے تین سلے ہوں، سر پر باندھنے کا کپڑا بھی سفید ہو۔ روحانیت کی منزل کو پانا ہے۔ تو اسکے قواعد و ضوابط کا بھی پابند ہونا ہوگا۔ اگر ہمیشہ اس وظیفہ کو جاری رکھیں گے تصرف کی ایسی ایسی منازل طے کر لیں گے کہ دُنیا کا کوئی کونہ آپ کی نظروں سے پوشیدہ نہ ہوگا۔ دُنیا کے کسی بھی مقام پر جانا چاہیں لمحوں میں پہنچ جائینگے یعنی طے ارضی کا تصرف ہو جائیگا۔ صاحب قبر سے ملاقات بذریعہ کشف ہوگی اس ملاقات میں بزرگوں سے ایسے وظائف ملتے ہیں جو کہ کتابوں اور رسائل سے ملنا ناممکن ہے۔ بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ سورۃ مزمل کی برکت اور طفیل سے بذریعہ کشف القبور خود بہت بڑے بڑے بزرگوں سے فیض حاصل کر چکا ہے اور اُنکے خاص وظائف جن میں کسی بھی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ مختصر کہہ لیں کہ **درج بالا وظیفہ بھی ایسے ہی بزرگوں کی نظر کرم اور عنایت ہے**۔ روحانیت میں بہت سے انکشافات پوشیدہ رکھے جاتے ہیں مگر مزمل روحانی جنتری کیلئے جب تحریر کرنا شروع کرتا ہوں تو قلم رُکنے کا نام نہیں لیتا۔ ایسے افراد جنہوں نے سورۃ مزمل کی چلہ کشی نہ کی ہو درج بالا وظیفہ کرنے سے گریز کریں بہتر ہے کہ پہلے سورۃ مزمل کے چھوٹے اور مختصر وظائف کئے جائیں تاکہ بعد کے بڑے وظائف آپ کو مکمل روحانی فائدہ دے سکیں۔ درج بالا وظیفہ کی برکت سے سیف زبان ہو جاتا ہے یعنی کہ زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے جس مرید یا سائل کیلئے دعا کریں گے یقیناً قبول ہوگی۔ لوح مزمل پاس رکھنے کی برکت سے اس تاثیر میں کئی گنا زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ دن بھر سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھیں تو اسکے فوائد یوں کہہ لیں کہ جیسے سونے پر سہاگہ۔

درج بالا وظیفہ کے یقیناً دو فائدے ہیں پہلا فائدہ حصول عزت مال دولت کیونکہ جب تک رزق کی تنگی رہتی ہے عبادت اور ریاضت میں بھی اچھی طرح دھیان نہیں لگا رہتا۔ مشہور ہے کہ **حضرت غوث گولیاری**ؒ نے عبادت اور ریاضت کی منازل طے کرنے پر اللہ سے رزق کی فراوانی یعنی وسعت رزق طلب کی۔ آپ کا فرمانا تھا کہ کوئی سالک اُس وقت تک درست طور پر عبادت اور ریاضت نہیں کر سکتا جب تک وہ رزق روزی کی طرف سے بے فکر نہ ہو جائے۔ الٰہی جب بھی کوئی شخص خلوص دل سے تیری رضا کی خاطر چلہ کشی کرے تو اُس پر رزق کے دروازے کھول دیا کرتا کہ اُس کی ریاضت اور عبادت فکر رزق کی وجہ سے کمزور نہ ہو اور دھیان بار بار نہ پلٹے۔

محترم قارئین مزمل روحانی جنتری! زائچہ 2019ء کی روشنی میں چند بین الاقوامی اور ملکی سطح کے ایسے سوالات جو کہ عام پاکستانی کے ذہن میں گردش کر رہے ہوتے ہیں۔ ان سوالات کے جوابات زائچہ کی روشنی میں آپ دوستوں کے سامنے پیش کیئے جا رہے ہیں۔ اپنی رائے سے ضرور آگاہ کریں۔

س:۔ ترکی اور سعودیہ عرب میں جو کھچاؤ چل رہا ہے اس کا ڈراپ سین کب ہوگا اور کیسے ہوگا؟

ج:۔ دونوں ممالک کے درمیان کچھ معاہدات طے پا جائیں گے سیارہ زحل اشارے دے رہا ہے کہ معاملات سعودیہ عرب کے حق میں بہتر ہونگے۔

س:۔ امریکہ اور روس کے تعلقات آنیوالے سال میں کیسے رہنگے؟

ج:۔ امریکہ اور روس کے تعلقات 2019ء کے زائچہ کے مطابق بہتر نہ ہے امریکہ اپنی طاقت کے نشہ میں رہیگا اور خطہ میں حالات کشیدہ کرنے پر اُسکی نظر جمی رہیگی۔

س:۔ افغانستان کا مسئلہ کتنا حل ہوگا اور کتنا گھمبیر ہوسکتا ہے؟

ج:۔ 2019ء کی دوسری سہ ماہی میں ممکن ہے کہ بہت بڑی حد تک امریکہ اپنی فوجیں واپس بلوالے طالبان کا زور وقتی طور پر ختم ہوسکتا ہے اگست اور ستمبر 2019ء اشارے دے رہا ہے کہ افغان حکومت اور طالبان کے درمیان معاہدہ طے پا جانے کا امکان ہے۔

س:۔ بھارت میں انتخابات کے بعد نیا سیاسی منظر عامہ کیا ہوگا؟

ج:۔ بھارت میں سیاسی جماعتیں زیادہ سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے کیلئے انتخابات سے قبل پاکستان دشمنی پر بیانات داغتی ہیں۔ جنوری میں رام مندر بارے عدالتی کاروائی میں ہندوؤں کو خوش کرنے کیلئے فیصلہ اُنکے حق میں دیا جاسکتا ہے۔ 2019ء میں راہول گاندھی کی جماعت مضبوط پوزیشن میں نظر آرہی ہے۔

س:۔ ایران سے امریکہ نے معاہدہ توڑا ہے اُس کے اثرات ایران پر کیا مرتب ہونگے؟

ج:۔ امریکہ کیجانب سے ایران کے گرد گھیرہ مزید تنگ کیا جاسکتا ہے اقتصادی طور پر ایران کو نقصان پہچانے کی اور کمزور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی۔

س:۔ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کتنے کشیدہ ہوسکتے ہیں یا کتنے خوشگوار ہونے کی طرف پیش قدمی ہوگی؟

ج:۔ پاکستانی موجودہ حکومت کی ہمیشہ کوشش رہیگی کہ ہمسایہ ممالک سے تعلقات بہتر رہیں 2019ء پاک افغان تعلقات میں بہتری کا اشارہ دے رہا ہے ستاروں کی چال بتا رہی ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان کئی معاہدے طے پاسکتے ہیں۔

س:۔ عالمی طاقتیں آئندہ برسوں میں ترقی پذیر ملکوں کیلئے آئندہ سال میں کیا رویہ اختیار کریں گے؟

ج:۔ عالمی طاقتیں اپنا رعب اور دبدبہ قائم رکھنے کیلئے ترقی پذیر ممالک میں تعاون کے نام پر اپنے منصوبوں کو جاری رکھیں گے۔

س:۔ سی پیک راہداری منصوبہ اس میں پیش رفت کیسے دیکھ رہے ہیں اور اسکے کیسے اثرات پیش رفت ہونگے؟

ج:۔ پاک چائنہ سی پیک راہداری منصوبہ تیزی سے اپنی تکمیل کی جانب بڑھتا رہیگا اس دوران بھارت اس منصوبے میں رکاوٹیں ڈالنے کی ہر ممکن کوششیں کریگا۔ اسی سلسلہ میں وہ بلوچستان میں اپنے پتے کھیلنے کی بھی کوشش کریگا جس میں کسی حد تک ہو کامیاب بھی ہوگا مگر پاکستان بہتر حکمت عملی سے اُسکے منصوبوں کو ناکام کردیگا۔

س:۔ عالم اسلام یعنی مسلم ممالک اسی طرح بے بسی کی تصویر بنے رہیں گے یا حقیقی معنوں میں متحد بھی ہوسکتے ہیں؟

ج:۔ مسلم ممالک ہمیشہ کی طرح سے متحد ہونے کی کوششیں کرتے رہیں گے مگر کفار کی سازشیں مسلم ممالک کوایک ہونے میں اپنا سازشی جال بچھانے میں کامیاب ہوجائیں گی۔ترکی اور سعودیہ عرب ملک کر مسلم ممالک کی بہتری کیلئے کوئی لائحہ عمل تیار کرسکتے ہیں۔

س: سعودیہ عرب میں جو انتظامی ثقافتی سماجی تبدیلیاں آرہی ہیں آنے والے دنوں میں سعودیہ عرب میں انتظامی اسکا نقطہ کمال کیا ہوگا؟

ج:۔ سعودیہ عرب میں تیزی سے جاری تبدیلیاں حکومت اور سعودی عوم کیلئے بظاہر خوش آئین ثابت ہونگی لیکن جونہی زائچہ میں موجود سیارہ زحل برج حوت کے **20** درجہ پر پہنچے گا ممکنہ حد تک بہت سے شعبوں میں سعودیہ عرب زوال پذیر نظر آتا ہے۔یادرہے کہ سال **2019**ء کے آغاز پر سیارہ زحل کا قیام برج جدی میں ہے۔

س:۔ بیرون ملک پاکستانیوں کے حالات آئندہ سال کیسے ہونگے؟

ج:۔ یورپی ممالک میں قیام پذیر پاکستانیوں کو کچھ مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے خاص طور سے امریکہ اور برطانیہ میں پاکستانیوں کیلئے نئے قوانین بنائے جاسکتے ہیں جس وجہ سے اُنکو وہاں پر قیام میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ نئے ویزوں کے حصول بارے بھی پیچیدہ قواعد وضوابط متعارف کروائے جاسکتے ہیں۔مارچ اور اپریل بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے سنگین ہوسکتا ہے۔

س:۔ بڑی عالمی طاقتوں میں کیا رسہ کشی ہوگی یا اپنے مفادات کیلئے ہمیشہ ایک رہینگے؟

ج:۔ بڑی عالمی طاقتیں ہمیشہ کی طرح سے اپنے مفاد کی خاطر ایک رہینگی بلکہ ترقی پذیر ممالک کیلئے نئی مصیبتیں اور پریشانیاں کھڑی کرتی رہینگی۔

س:۔ کشمیر کا مسئلہ نئے سال میں کیا رُخ اختیار کرسکتا ہے؟

ج:۔ کشمیر مین جاری جدو جہد آزادی بارے زائچہ اشارہ دیتا ہے کہ بھارتی فوج کشمیریوں پر ظلم وستم میں اضافہ کریگی جون اور جولائی کے مہینہ میں بھارتی حکومت کی جانب سے بدترین ظلم کیا جاسکتا ہے۔تحریک آزادی کشمیر کو دبانے کیلئے نئے قانون بنائے جائینگے جن کا اطلاق ستمبر اور اکتوبر **2019**ء میں ممکن ہوگا۔

س:۔ فلسطین اور اسرائیل کی محاذ آرائی کیا رنگ لائیگی؟

ج:۔ اسرائیل ہمیشہ کی طرح سے فلسطینیوں پر ظلم کرتا رہیگا سال **2019**ء میں اسرائیل کے ظلم وستم میں مزید اضافہ ہوجائیگا۔اسی سال طاقتور فلسطینی لیڈر ظاہر ہونے کا امکان ہے جس سے اسرائیل اور فلسطین کے درمیان معاملات کا رُخ تبدیل ہوسکتا ہے۔

س:۔ شریف برداران کا سیاسی مستقبل کیا دیکھ رہے ہیں؟

ج:۔ نواز شریف اور مریم صفدر **2019**ء میں ملک سے باہر زیادہ وقت گزارتے نظر آتے ہیں۔شہباز شریف اور حمزہ شہباز سیاسی میدان میں رہینگے اور پارٹی کو آگے لے کر چلنے کی کوشش کرینگے مگر ستارے ابھی اُنکے حق میں نہیں۔

س:۔ پاکستان میں جو احتساب کا عمل جاری ہے وہ کسی انجام کو پہنچتا نظر آرہا ہے؟

ج:۔ موجودہ حکومت احتسابی عمل کو مزید بڑھاتے ہوئے کچھ اور سیاست دانوں کے خلاف کاروائیاں تیز کردیگی۔جس وجہ سے پاکستانی عوام کو سیاست دانوں کے حیرت انگیز کارنامے بھی سننے کو ملیں گے۔**2019**ء میں کچھ سیاست دان نااہل ہوتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔

س:۔ پاکستان میں جو احتساب کا عمل جاری ہے وہ کسی انجام کو پہنچتا نظر آرہا ہے؟

ج:۔ موجودہ حکومت احتسابی عمل کو مزید بڑھاتے ہوئے کچھ اور سیاست دانوں کے خلاف کاروائیاں تیز کردیگی۔ جس وجہ سے پاکستانی عوام کو سیاست دانوں کے حیرت انگیز کارنامے بھی سننے کو ملیں گے۔ 2019ء میں کچھ سیاست دان نااہل ہوتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔

س:۔ پاکستانی سیاست دانوں اور بیروکریٹس نے جو مالی کرپشن میں لوٹا ہوا عوام کا پیسہ بیرون ممالک سے واپس آسکے گا یا نہیں؟

ج:۔ احتسابی عمل کو مزید بڑھاتے ہوئے موجودہ حکومت کسی حد تک کامیاب نظر آتی ہے۔ مشتری کی رجعت لوٹی ہوئی رقم واپس لے کر آتی ہے سال 2109 میں سیارہ مشتری اپریل تا اگست حالت رجعت میں ہوگا۔ اس دوران اُمید ہے کہ پاکستانی قوم کی لوٹی ہوئی رقم واپس آسکے۔

س:۔ ملک میں تبدیلی کیسی رہیگی؟

ج:۔ پاکستان تحریک انصاف بدلتے ہوئے عالمی حالات میں پاکستان کو مکمل طور پر تبدیل شدہ پاکستان ثابت کرنا چاہتی ہے۔ جس کے مثبت اثرات ممکنہ حد تک فروری اور مارچ میں نظر آسکتے ہیں لیکن اپریل اور مئی میں جلسے جلوس اور ریلیاں بھی نکل سکتیں ہیں جو کہ موجودہ حکومت کے خلاف ہوسکتیں ہیں۔

س:۔ ملک قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے حکومت اس سے نکلنے کی سرتوڑ کوشش میں مصروف ہے کیا نئے قرضے لے کر بھی اس معشیت کو مستحکم کیا جاسکے گا؟

ج:۔ پاکستان میں بہترین ماہرین معاشیات موجود ہیں ملک کو قرضے سے نکالنے کیلئے انکی خدمات سے کام لیا جاسکے گا۔ 2019ء کے آخر میں پاکستانی معشیت گزشتہ سالوں کی نسبت کچھ بہتر محسوس ہوگی۔ نئے معاہدے ہوسکیں گے ترقی کا عمل تیز ہوتا نظر آتا ہے۔

س:۔ کیا احتساب حقیقی معنوں میں ہو پائے گا؟

ج:۔ جی ہاں بڑے بڑے سیاست دان احتساب کے عمل سے گزرتے ہوئے نظر آرہے ہیں مگر کچھ سیاست دان بچ نکلنے میں کامیاب ہوجائینگے۔

س:۔ ملک کو گرین اور کلین بنانے کا منصوبہ کیا عملی شکل اختیار کرپائیگا؟

ج:۔ ملک کو گرین اینڈ کلین بنانے کا منصوبہ مکمل طور پر کامیاب نہ ہوسکے گا لیکن کسی حد تک اس منصوبہ کے اثرات نظر آسکیں گے۔

س:۔ پچاس لاکھ گھر بنانے کا جو منصوبہ نئی حکومت نے پیش کیا ہے اُس کے تحت ہر سال 10 لاکھ گھر بنے گے، کیا 2019ء میں 10 لاکھ گھر حکومت بنا پائیگی؟

ج:۔ بہتر منصوبہ بندی کی گئی تو زائچہ 2019ء اشارہ دیتا ہے کہ یقیناً یہ منصوبہ 70 فیصد تک کامیاب ہو پائے گا کیونکہ اس دوران کچھ ستارے جن کا تعلق پاکستانی عوام کی فلاح و بہبود اور معاشی ترقی سے ہے بہتری کا اشارہ دے رہے ہیں اور سعد حالت میں ہیں

س:۔ چیف جسٹس کی ریٹائرمنٹ کے بعد سپریم کورٹ کا کردار ایسا ہی رہیگا یا تبدیل ہوگا؟

ج:۔ چیف جسٹس کی ریٹائرمنٹ کے بعد سپریم کورٹ کا کردار اسی طرح رہنے کا امکان ہے۔

س:۔ پاکستان میں تعلیم صحت اور امن وامان کے حوالہ سے آنیوالا سال کیسا رہیگا؟

ج:۔ سال نو 2019ء تعلیم اور صحت پر خاص طور سے توجہ دی جائیگی، جو کہ پاکستان تحریک انصاف کے منشور میں بھی شامل ہے۔

س:۔ پاکستان میں امن واستحکام کی صورتحال آئندہ سال کیسی رہیگی؟

ج: ۔امن واستحکام بارے حکومت کی جانب سے کیئے گئے اقدامات بہتر ثابت ہو سکتے ہیں۔فوج کا کردار ہمیشہ سے اندرون ملک امن و استحکام کیلئے قابل تحسین رہا ہے۔

س:۔ ملک میں غربت کے خاتمہ کیلئے موجودہ حکومت کا ایک کروڑ افراد کو ملازمتیں دینے کا جو منصوبہ ہے اُس میں آئندہ سال کس حد تک عمل درآمد ہو سکے گا؟

ج: ۔سال 2019ء پاکستانی عوام کیلئے نہایت اہم ہے حکومتی پالیسی کے تحت غربت کے خاتمہ کیلئے مثبت اقدامات کئے جائینگے۔خصوصاً جولائی اور اگست میں عوام کوئی خوشخبری سن سکیں گے۔

س:۔ پاکستان کی بیوروکریسی اور حکومت کے تعلقات کیسے رہنگے؟

ج: ۔پاکستان کی بیوروکریسی اور حکومت کے تعلقات میں مفاہمت پسندانہ رویہ رہنے کا امکان ہے۔سال 2019ء میں حکومت اور بیورو کریسی کے تعلقات میں بہتری کا امکان ہے۔

س:۔ کیا اپوزیشن جماعتیں حکومت کے خلاف متحد ہو پائیں گی؟

ج: ۔اپوزیشن بارے حکومتی رویہ سخت رہیگا جس کے نتیجہ میں اپوزیشن کیجانب سے سخت ردعمل ظاہر ہونے کا امکان ہے،اپوزیشن جماعتیں یکجا ہو جائینگی۔

س:۔ کن بڑے سیاسی گھرانوں کے سروں پر آپ احتساب کے بادل منڈلاتے دیکھ رہے ہیں؟

ج: ۔شریف خاندان اور زرداری خاندان' اسحاق ڈار اور سابقہ حکومت کے بڑے بڑے سیاست دان حکومتی احتسابی گردش میں جکڑے نظر آتے ہیں۔سال 2019ء گزشتہ حکومت میں رہنے والے بڑے سیاست دانوں کیلئے بھاری ثابت ہوسکتا ہے۔

س:۔ کیا آئندہ سال حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کم قیمت میں دینے پر کامیاب ہو جائیگی؟

ج: ۔مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ ہونے کا امکان ہے جسکی وجہ سے بجلی،گیس،پیٹرول کے نرخ زیادہ ہونگے۔مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا۔

س:۔ آئندہ سال میں کیا ڈالر کی قدر روپے کے مقابلے میں زیادہ ہوگی؟

ج: ۔زائچہ میں مشتری بہتر حالت میں ہے روپے کی قدر میں اضافہ نظر آتا ہے جسکی وجہ سے ڈالر کی قدر میں کمی واقع ہونے کا امکان ہے۔

س:۔ آئندہ سال تحریک صوبہ سرائیکستان کس حد تک متحرک رہیگی یا اس تحریک کو مزید تقویت ملے گی اور اپنے مقاصد پورے کر سکے گی؟

ج: ۔زائچہ کی روشنی میں تحریک صوبہ سرائیکستان مزید تقویت حاصل کریگی۔نیا صوبہ بنانے کی یہ تحریک اپنے مقاصد کی جانب تیزی سے بڑھتی ہوئی نظر آتی ہے۔اس تحریک کے اہم رہنما سال 2019ء میں خاص اعلان کر سکتے ہیں۔

س:۔ پاکستان میں پانی کے بحران کا خدشہ جس قدر ہے کیا نئی حکومت اس بحران سے نمٹنے کیلئے خاص قدم اٹھائے گی؟

ج: ۔پانی کے بحران سے متعلقہ خدشات سے نمٹنے کیلئے حکومت یقیناً اہم منصوبہ بندی کریگی۔

س:۔ بھاشا ڈیم کی تعمیر میں چیف جسٹس ثاقب نثار نے جو منصوبہ بندی کی کیا اُس منصوبہ کو چیف جسٹس کی ریٹائرمنٹ کے بعد جاری رکھا جائیگا؟

ج: ۔نئی حکومت سابقہ چیف جسٹس ثاقب نثار کے منصوبہ کو ہر ممکن جاری رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریگی۔

اختر بک ڈپو،بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 ادارہ روحانیات

نوروز عالم افروز

بادشاہ سال مشتری

21مارچ 2019ء بروز جمعرات صبح 03:00

سپہ سالار قمر

وزیر اعظم زہرہ

مشیر سال شمس



خیرات دفع پریشانی و مشکلات

بروز جمعرات سوجی کا زعفرانی حلوہ بنا کر تقسیم کریں۔

سال رواں اسم اعظم

یا اَحدُ یا وَدودُ

روزانہ بعد نماز فجر 219 بار ورد کریں

نگینہ و پتھر

عقیق زرد، پکھراج

رنگ و لباس

زرد یا پیلا

درخت

خوشبودار میٹھے پھلدار درخت

خوراک

خوشبو دار پھل
شکر، زردہ
آم، شہد خالص

صدقات برائے رد بلا و مصیبت

کین مکوڑوں کو سوجی شکر بروز جمعرات 01:30 تا 02 بجے زرد رنگ کے کپڑے میں رکھ کر ڈال دیں۔

خوشبو

صندل اور تیز ترین خوشبو

لوح شرف شمس برائے عزت، مال دولت شہرت، غلبہ دشمن، فتح کامیابی نصرت موثر ہوگی

معلّی بن خنیس نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے۔ جب نماز ظہر و عصر اور ان کے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ کافرون، پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ توحید اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ الناس کی قرت کرے۔ نماز تمام کرنے کے بعد سجدہ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا ھٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَھَا اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَآ اَشْكُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُّ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَآ اَتَكَلَّفَ مَالَآ اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

مندرجہ ذیل طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر آب زمزم کے پانی سے دھو کر پئیں۔ وبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہیگا۔ اس طلسم کو وقت مقررہ میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہننے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

ا لا = ۹ ا ا ا لا = ااا محطی

آداب واعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہئے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہوکر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان' اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں۔ اورنذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعدازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۲۹ مرتبہ ''یَاذَاالجَلالِ وَالاکرَامِ'' اور کم ازکم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ القُلُوبِ وَالاَبصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیلِ وَالنَّھَارِ یَامُحَوِّلَ الحَولِ وَالاَحوَالِ حَوِّل حَالَنَا اِلٰی اَحسَنِ الحَالِ

مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُربَۃً اِلَی اللّٰہِ' اللّٰہُ اَکبَرُ'' اور اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ ''اِنَّا اَنزَلنَاہ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُل یٰاَیُّھَا الکَافِرُونَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کرکے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ''قُل ھُوَاللّٰہُ اَحَد'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس دس مرتبہ ''قُل اَعُوذُبِرَبِّ النَّاسِ اور قُل اَعُوذُبِرَبِّ الفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ الاَوصِیَاءِ المَرضِیِّینَ وَعَلٰی جَمِیعِ اَنبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِك عَلَیھِم بِاَفضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَروَاحِھِم وَاَجسَادِھِم اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِك لَنَا فِی یَومِنَا ھٰذَا الَّذِی فَضَّلتَه وَکَرَّمتَه وَشَرَّفتَه وَعَظَّمتَ خَطَرَہ اَللّٰھُمَّ بَارِك لِی فِیمَا اَنعَمتَ بِه عَلَیَّ حَتّٰی لَااَشکُرَ اَحَدًا غَیرَكَ وَوَسِّع عَلَیَّ فِی رِزقِی یَاذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّی فَلَایَغِیبَنَّ عَنِّی عَونُکَ وَحِفظُکَ وَمَافَقَدتُ مِن شَیءٍ فَلَاتُفقِدنِی عَونَکَ عَلَیهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحتَاجُ اِلَیهِ یَاذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ بعدہ دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ ھٰذِہ سَنَۃٌ جَدِیدَۃٌ وَاَنتَ مَلِکٌ قَدِیمٌ اَسئَلُکَ خَیرَھَا وَخَیرَ مَا فِیھَا وَاَعُوذُبِکَ مِن شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیھَا وَاَستَکفِیکَ مَئُونَتَھَا وَشُغلَھَا یَاذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ (زادالمعاد)

آب نسیاں

نوروز کے تیس دن گزرنے کے بعد ماہ نسیاں شروع ہوتا ہے اس مہینے کی بارش کا پانی آب نسیاں کہلاتا ہے سید جلیل علی ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ حضرت رسالت مآبؐ نے اصحاب سے فرمایا کہ ماہ نسیاں میں آب باراں لو اور سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی چاروں قل ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر ستر مرتبہ تسبیحات اربعہ اور ستر مرتبہ درود پڑھو اور سات دن صبح اور عصر کے وقت اس پانی کو پیو تو اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے محفوظ کردے گا اگر بانجھ عورت اولاد کے لیے پیے تو حق تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا جبرائیلؑ نے کہا کہ جو شخص یہ پانی پیے اس کے بدن کے ہر درد کو اللہ تعالیٰ دور کرتا ہے۔

لوح نوروز

تحویل آفتاب کے وقت پاک جگہ پر باوضو ہوکر بیٹھیں وقت نوروز کا تعین کرنے کیلئے دوعدد گلاب کی بند کلی پانی بھری طشتری میں چھوڑ دیں۔ قدرت کاملہ سے یہ بند کلی وقت نوروز پر خود بخود کھل جائیگی۔ اس وقت میں اپنی حاجت فوری زبان پر لے آئیں۔ ویسے نوروز کا وقت نوروز سے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گھنٹہ بعد تک رہتا ہے۔ ذیل کے نقش کو عام کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جملہ آفات' بلیات' صدمات' جادو سحر' غلبہ دشمن' تمام روحانی وجسمانی امراض سے نجات' بندشوں کے خاتمہ کیلئے یہ لوح بہت پُر تاثیر ہے۔

بِسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

ہدیہ لوح نوروز

جو لوگ لوح نوروز خود نہ بنا سکیں اور ادارہ سے لوح نوروز مکمل لوامات عمل اور درست طریقہ عمل کے مطابق ادارہ سے بنوانے کے خواہشمند ہوں 2100 روپے 15 مارچ سے قبل ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ کے ایڈریس منی آرڈر کریں۔ (ادارہ)

المدینہ اسٹیشنری ،تحصیل بازار بہاولنگر۔ 0303-0533893 ادارہ روحانیات

احکام نوروز عالم افروز 2019ء

زائچہ نو روز عالم افروز 21مارچ 2019ء بروز جمعرات صبح 03بجے بمطابق 13رجب 1440ھجری' 8 چیت 2076بکرمی ' 1حمل 1941 شاکابمطابق دار الحکومت اسلام آباد73درجہ30دقیقہ شرقی 33 درجہ43دقیقہ شمالی پاکستان کے مروجہ وقت کے مطابق شمس در حمل صفر درجہ پر تحویل ہوگا۔

محترم قارئین کرام زائچہ نوروز کی روشنی میں سال 2018ء بارے بھی چند پیشن گوئیاں کی گئی تھیں جو کہ حرف بہ حرف درست ہوئیں سیارگان کی نشست در بروج اور نظرات کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان کے ہمسایہ دشمن کے بارے میں بتایا گیا تھا کہ وہ پاکستان میں عدم سیاسی استحکام کیلئے سر توڑ کوششیں کریگا لیکن وہ اس میں ناکام رہیگا۔ بالکل ایسا ہی سال 2018ء میں ہوا۔ اسٹاک ایکسچینج میں سال کی تیسری اور چوتھی سہ ماہی ملکی معشیت کو شدید جھٹکا لگے گا۔ ڈالر کی قدر پاکستانی روپے کے مقابلہ میں بڑھ جائیگی۔ قارئین کے سامنے ہے کہ اکتوبر میں ڈالر 103 سے 138 کا ہو گیا۔ جس وجہ سے ملکی بیرونی قرضے بھی بڑھ گئے تیسری اہم بات بتائی گئی تھی کہ اہم سیاسی رہنما کرپشن کے الزامات میں سزا پائیں گے اور جیل بھی ہو سکتی ہے۔ نواز شریف' شہباز شریف' مریم صفدر' کیپٹن صفدر کی سزائیں بھی آپ کے سامنے ہیں۔ سیاست میں نئے چہرے متعارف ہونے کا بھی کہا گیا تھا پاکستان تحریک انصاف الیکشن 2018ء میں نئے چہرے متعارف کروا چکی ہے اور ملکی اہم عہدوں پر بھی ان چہروں کا تعین کر دیا گیا ہے۔ 2017ء کی حکمران جماعت 2018ء میں اپوزیشن ہوگی یہ بھی کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں۔ خود ساختہ بلوچی لیڈروں کو دشمنوں کی مکمل حمایت رہے گی۔ حکومت پاکستان کی بہترین حکمت عملی سے یہ خود ساختہ لیڈر اپنی موت آپ مرجائیں گے۔ یہ تمام وہ پیشن گوئیاں تھیں جو کہ زائچہ نوروز کو سامنے رکھتے ہوئے کی گئی تھیں اور **الحمد للہ بالکل درست ثابت ہوئیں۔**

شرقی طالع افق پر جدی 24.40 درجہ پر ہمراہ زحل 19.14 پلوٹو 22.51 ذنب 24.32 طلوع ہے۔ طالع کا مالک اپنے ہی برج میں موجود ہے۔ زائچہ میں پہلا گھر طالع قوم کہلاتا ہے۔ جو کہ اس بات کی علامت ہے کہ زائچہ نوروز مضبوط ہے مگر زائچہ میں ذنب کی موجودگی کسی حد تک کمزور کرتی ہے۔ جو کہ اس بات کا عندیہ ہے کہ حکومت چند غلط فیصلے بھی کر سکتی ہے جس کا خمیازہ اُسے بھگتنا ہوگا۔ پلوٹو کی طالع میں موجودگی موجودہ حکومت کو کسی حد تک سنبھالتی ہوئی نظر آتی ہے مگر طالع میں ذنب کا ہونا بڑے خدشات کی جانب اشارہ ہے جنہیں ہرگز نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے ممکن ہے کہ **سازشی جال تیزی سے** بچھایا جائے اور عمران خان کی حکومت کو گرانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے جس میں اپوزیشن جماعتیں بہت حد تک کامیاب ہوتی نظر آئینگی۔ زائچہ کے دوسرے گھر میں زہرہ کمزور درجات پر ہے۔ ملکی ترقی اور تعمیرات سے متعلق اس گھر میں موجود خواتین سے متعلق سیارہ بھی کمزور درجات پر ہے برج دلو میں زہرہ کو نحوست ہوتی ہے۔ **عزت شہرت کا حامل** یہ سیارہ نحوستوں کی جانب اشارہ دے رہا ہے جو کہ گواہی دیتا ہے کہ موجودہ حکومت کی شہرت میں نمایاں کمی آنے کے زیادہ امکانات ہیں۔ اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ زہرہ کی مریخ سے نظر تربیع قائم ہو رہی ہے۔ سیارہ مریخ کو ثور میں حضیض حاصل ہے سیارہ مریخ خانہ حضیض سے زہرہ کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہا ہے اس بات کی بھی گواہی ہے کہ سال 2019ء میں ملک دشمن وطن عزیز میں فسادات پھیلانے میں کامیاب ہو جائیں **خون خرابے کا اندیشہ** ہے۔ مریخ کے ہمراہ یورانس ابتدائی درجات پر ہے جو کہ حالات مزید خرابی کی طرف اشارہ دے رہا ہے۔ یہ بات طے ہے کہ 2019ء حکومت وقت کیلئے انتہائی آزمائشوں بھرا ہوگا۔ **ایک ہی وقت میں حکومت کو مختلف محاذوں پر لڑنا** ہوگا۔ زائچہ کے تیسرے گھر کو علماء اور روحانی اسکالر سے منسوب کیا جاتا ہے تیسرے گھر کا حاکم مشتری زائچہ کے بارہویں خانہ میں قوس کا ہو کر قابض ہے سیارہ مشتری کو اس برج میں سعدیت حاصل ہے مگر اس گھر میں بھی عطارد بحالت رجعت 18.59 درجہ پر نیپچون کے ہمراہ حوت کا ہو کر قابض ہے سیارہ عطارد کیلئے یہ برج وبالی کیفیت دیتا ہے یعنی یہاں پر عقل و دانش اور بہتر لائحہ عمل کا سیارہ نحس ترین ہو جاتا ہے۔ علماء اور مذہبی **دینی رہنماؤں سے اختلافات** مسائل پیدا کر سکتی ہے لہذا کوشش کرنی چاہیے کہ سخت ترین بیان بازی

اورالجھاؤ کی کیفیت سے باز رہا جائے۔تا کہ پیش آنے والے ممکنہ خطرات سے نبٹا جاسکے مگر اچانک تبدیلیوں کا سیارہ نیپچون بھی اس برج میں موجود ہے جو کہ اشارہ دیتا ہے کہ حالات اچانک خراب ہو سکتے ہیں اور بہترین منصوبہ بندی اور تجاویز اپنے ہی گلے میں پڑ سکتی ہیں۔کئی منصوبے ناکامی کا شکار ہو سکتے ہیں۔

زائچہ کے چوتھے گھر میں بادشاہ فلک شمس بوقت تحویل آفتاب صفر درجے پر ہے چوتھا گھر بیت الارض کہلاتا ہے۔اس برج میں سیارہ شمس کو شرف حاصل ہے۔یہ برج آسودگی خوشحالی سے بھی منسوب ہے۔حساس طبیعت کا حاکم اور **مضبوط قوت ارادی** لئے اپنی منزل کی طرف گامزن رہیگا۔ رستے میں کئی رکاوٹیں آئینگی آسان لفظوں میں کہا جاسکتا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان عمران خان کو اس سال **بہت سے سخت ترین امتحانات** سے گزرنا ہوگا۔اس دوران ایسا بھی محسوس ہوسکتا ہے کہ جیسے اُن کے **عہدہ کو نقصان** یا حکومتی جماعت سخت مشکلات میں گھر چکی ہے۔وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حالات بدلتے جائینگے اور بہتری کے اشارے بھی ملتے جائینگے۔چوتھے گھر کا حاکم مریخ ثور کا ہوکر 23.08 درجہ پر یورانیس کے ہمراہ خانہ 5 پر قابض ہے۔اس گھر سے مریخ شہرت عزت اور سیاسی خواتین کے سیارہ زہرہ کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہا ہے۔اشارہ دیتا ہے کہ خراب حالات مزید بدتر ہوتے جائینگے جیسا کہ ہم نے زائچہ کے دوسرے گھر سے متعلق پہلے بھی بتایا کہ **شہرت کو نقصان** ہوسکتا ہے۔

چھٹا گھر **حادثات ' تنزلی اور خرابی صحت** سے منسوب ہے دیکھا جائے تو چھٹے گھر کا حاکم زائچہ کے خانہ 3 پر حوت کا ہوکر بحالت رجعت نیپچون کے ہمراہ قابض ہے۔اپنے ہی گھر کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہا ہے اس بات کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ ملک میں شدید ترین سیاسی بحران پیدا ہونے کا خطرہ ہے حکومتی جماعت پاکستان تحریک انصاف کے بانی وزیر اعظم عمران خان نیازی **کی صحت کو خطرہ ہونے کے ساتھ ساتھ حادثات بھی متوقع** ہے۔خاص طور سے سال رواں کے مئی جون اور ستمبر اکتوبر کے مہینہ کو نظر انداز ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ ان ماہ میں وزیر اعظم پاکستان اپنی سیکورٹی کے سخت انتظامات کریں۔عوامی اجتماعات میں بھی جانے سے گریز کریں۔سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔زائچہ کے ساتویں گھر میں راس 24.32 درجہ پر سرطان کا ہوکر قابض ہے ساتواں گھر وزیر اعظم سے منسوب ہے جیسا کہ چھٹے گھر سے متعلق کہا گیا ہے کہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے لیکن راس کی یہاں موجودگی اس بات کی طرف بہت واضح اشارہ دے رہی ہے کہ احتیاط نہ برتی گئی تو خدانخواستہ ملکی اہم سیاست دان جو کہ اس وقت حکومت میں شامل ان کو جان کا بھی خطرہ ہے۔بالخصوص وزیر اعظم عمران خان نیازی' صدر مملکت عارف علوی صاحب' چوہدری فواد' اور اسد عمر صاحب زیادہ محتاط رہیں۔متذکرہ بالا ماہ میں باقاعدہ طور پر یہ سیاست دان بکروں کا صدقہ دیں تو آنیوالی پریشانی مصیبت سے بچا جاسکتا ہے۔زائچہ کا آٹھواں گھر خانہ موت کہلاتا ہے آٹھویں گھر کا مالک حمل کا ہوکر اپنے گھر کو سعد نظر سے دیکھ رہا ہے اس بات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ آٹھواں گھر حادثات' زلزلے' طوفان آندھیوں اور سیلاب سے بھی منسوب ہے۔مگر یہاں پر نجوم بالسیاست کو دیکھتے ہوئے ملکی اہم راہنماؤں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہیں کہ ہر ایک کو اپنے حفظ وامان میں رکھے پاکستان کے مخلص راہنماؤں کو ہر طرح کی مصیبت حادثہ اور پریشانی سے بچائے رکھے۔زائچے کے نویں گھر پر قمر سنبلہ کا ہوکر 27.50 درجہ پر قابض ہے۔نویں گھر کو خارجہ امور اور عدلیہ سے منسوب کیا گیا ہے کیونکہ اس گھر کا حاکم عطارد بحالت زائچہ میں شرقی طالع پر موجود زحل سے سعد نظر تسدیس بنا رہا ہے مگر رجعت پذیر ہونے کی وجہ سے عطارد کی یہ نظر بھی کمزور ہے۔یعنی غلط فیصلے اور کوتاہیاں نقصان دے ثابت ہو سکتی ہیں۔بیرون ملک سفر بھی کوئی خاص فائدہ نہ دے سکے گا دیگر ممالک سے کئے گئے معاہدے بھی کچھ خاص دیتے نظر نہیں آرہے ہیں۔زائچہ کا دسواں گھر خانہ عشر حکومت سے منسوب ہے اس گھر کا حاکم زہرہ زائچہ کے خانہ 2 پر دلو کا ہوکر قابض ہے۔حکومت وقت کو اور بالخصوص اہم حکومتی سیاست دانوں کو بدنامی کا بھی اندیشہ ہے اپوزیشن میں موجود جماعتیں سخت پریشانیاں پیدا کرسکتی ہیں یہ وہ وقت ہوگا کہ جب ہر سیاسی جماعت کو ذمہ داری سے ملکی مفاد بارے میں سوچنا چاہیے۔صرف اپنے فائدہ کی خاطر وطن عزیز کو کسی قسم کا نقصان نہ دینا چاہیے **غلط حکمت عملی** سے حالات بد سے بدتر ہونے کا اندیشہ ہے۔زائچہ کا گیارہواں گھر پارلیمنٹ سے منسوب ہے اس گھر کا حاکم مریخ زہرہ سے نظر تربیع قائم کر رہا ہے اگر درست وقت پر درست فیصلے نہ کئے گئے تو یقیناً ملک میں انتشار پھیلنے کا خطرہ بھی ہے۔آپسی اختلافات بھلا کر پاکستان کے سیاست دانوں کو چاہیے کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے مل جل کر کام کریں اور بنیادی سہولیات عوام تک پہچانے کی ہر ممکن کوشش کریں کچھ اہم سیاسی رہنما جو کہ حکومت میں شامل ہیں غلط پالیسوں اور ناتجربہ کاری کی بناء پر عوامی ردعمل کا بھی شکار ہو سکتے ہیں۔زائچہ کا آخری اور بارہواں گھر خفیہ دشمنوں سے منسوب ہے مشتری اپنے طبعی گھر میں موجود ہے۔دشمنوں کی چالوں کو ناکام بناتے ہوئے ملکی منصوبوں کو کامیاب کرتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے پاکستان کو ہر خطرہ سے محفوظ رکھے۔آمین واللہ اعلم بالصواب

مقبول عام کتب خانہ ،اردو بازار اٹک 0321-5715076 ادارہ روحانیات

جنوری 2019 — ماگھ 2074 — دلو 1939 شاکا — جمادی الاول ۱۴۳۹ھ

شمار ایام	نام ایام	عیسوی تقویم	نچھتر	بکری تقویم	شاکا تقویم	شمسی برج / اوقات	منازل قمر	اسلامی ہجری تقویم	سعد یا نحس	اہم واقعات / مذہبی تہوار / عرس
1	منگل	1	بیساکھا 08:14	پوہ	جدی		شوله 21:50	ربیع الثانی	نحس	
2	بدھ	2	انورادھا 09:09	19	13	قوس 13:58	نعام 22:07	۲۵	نحس	اجراء اعشاری سکہ 1961ء
3	جمعرات	3	جیشٹھا 10:33	20	14		بلده 22:49	۲۶	نیک	اجراء سکہ نوٹ 1948ء
4	جمعہ	4	مولا 12:23	21	15	جدی 23:54	ذابح 23:55	۲۷	نیک	
5	ہفتہ	5	پورباکھاڈ 14:37	22	16			۲۸	نحس اکبر	
(17 تا 25) اس ہفتہ کے آخری ایام آپ کیلئے مبارک ہیں جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام دے سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروانے کیلئے یہ وقت بہتر ہے ملازمت پیشہ افراد اس ہفتہ ایک نئی آزمائش سے گزر سکتے ہیں۔ دوستی سمیت ہر معاملہ میں احتیاط کریں۔
(26 تا 28) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نسر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات 22 تا 28 فروری ظاہر ہونگے۔ جس کے تحت اچانک مالی فائدہ ہونے کا قوی امکان ہے مخالفین کی طرف سے صلح کا پیغام آ سکتا ہے غصہ میں کمی آئیگی۔ اپنی دلی خواہشات کا احترام کریں۔

مارچ (یکم تا 8) ہفتہ کے آغاز سے شریک حیات، دوستوں یا اپنے حلقہ احباب میں سے کسی سے جھگڑا کرنے کی کوشش نہ کریں، افسران بالا یا والدین کے غضب و غصہ کو ختم کرنے کے لئے اس ہفتہ جمعرات کے دن شکر اور سوجی کا صدقہ دیں۔ شریک حیات، دوستوں یا اپنے حلقہ احباب میں سے کسی سے جھگڑا کرنے کی کوشش نہ کریں فالتو بات سے گریز کریں اپنے کام سے کام رکھیں۔ ابھی کسی کو بھی قرض نہ دیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم نظر تسدیس قائم کر رہا ہے عطارد مریخ کے درمیان قائم ہونے والی اس نظر کے اثرات کے سبب یہ ہفتہ بہتر نتائج دے سکتا ہے دوست، عزیز و اقارب سے اختلافات ختم ہو سکتے ہیں آپ بھی اپنے غصہ کو ٹھنڈا کریں۔ ایسا موقع بار بار نہیں آتا۔
(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ لڑائی جھگڑے سے بچئے۔ دوسروں کو سمجھنے سے آپ کی وفاداریوں اور وقار میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اپنی عقل و فراست سے لوگوں کو دوست بنا سکتے ہیں گھریلو خواتین ملازمین کو نظر میں رکھیں اور زیادہ بھروسہ نہ کریں۔
(26 تا 31) گذشتہ ہفتہ آپ کے برج میں شمس کا داخلہ ہوا شمس اس برج میں 20، اپریل تک ہے کسی بھی شخص کے معاملات یا لڑائی جھگڑا میں مداخلت نہ کریں۔ دیرینہ امراض سے نجات کیلئے اگر مناسب اقدامات کئے جائیں تو جلد صحت یابی کی اُمید ہے خاص طور سے معدہ اور جگر کے مریض فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ کاروباری حالات پہلے کی نسبت کافی حد تک بہتر ہو جائینگے۔ ایک حد میں رہ کر انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

ادارہ روحانیات 0300-2680248 گلستان نیوز ایجنسی، فریر مارکیٹ کراچی صدر۔

اپریل (یکم تا 8) بگڑے کاموں کو درست کرنے کا وقت ہے۔ خاص طور سے تحریری معاہدوں، مقدمات، پنچائتی معاملات میں جیت کا وقت ہے۔ یاد رکھیں اپنی عزت بنانے میں بہت وقت درکار ہوتا ہے۔ دوسروں کے لڑائی جھگڑے میں آپ ہیرو کی طرح اڑنے کی کوشش نہ کریں ورنہ سارا ملبہ آپ ہی کے سر آن گرے گا۔ اپنی قوتوں کا بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ مالی مشکلات کا اندیشہ ہے احتیاط سے قدم اٹھائیں۔

(9 تا 16) کاروباری حالات اچھے نہ رہینگے اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہے ازدواجی زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ روپے کے لین دین بحث و تکرار فائدہ نہ دیگی معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں۔ حالات بدستور رہینگے آپ کو اپنے غصہ پر کنٹرول کرنا ضروری ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں نئی جائیداد کی خرید و فروخت نقصان دے سکتی ہے۔ کچھ لوگ آپ سے ملنے کے خواہشمند ہیں جن کو آپ مسلسل غیر اہم سمجھتے جا رہے ہیں تعلقات بڑھانا آپ کے حق میں بہتر رہے گا پرانے دوست سے مل کر خوشی ہوگی۔ عمر رسیدہ لوگوں سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ لیکن اسی دوران قریبی عزیز کے صدمے سے بھی دوچار ہو سکتے ہیں۔ بھیانک خواب نظر آنا خراب حالات کی طرف اشارہ دیتے ہیں۔

(26 تا 30) سیارگان کی سعد نظر آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگی آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ، عطارد کے ہمراہ نظر تسدیس قائم کر رہا ہے یہ مبارک وقت ہے جب آپ ایسے معاملات درست کر سکتے ہیں جو کہ عرصہ دراز سے بگڑے ہوئے تھے۔ ناراض دوستوں کو منانے کیلئے یہ وقت بہترین ثابت ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ آپ کے بارے بے بنیاد خبریں پھیلا رہے ہیں۔ لہجہ میں تھوڑی سختی لائیں تو معاملہ درست ہو سکتا ہے۔

مئی (یکم تا 8) وہ افراد جن کی منگنی ہو چکی ہے حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہے کچھ الزامات لگائے جا سکتے ہیں۔ کام کی زیادتی تھکن محسوس کریں گے لیکن سستی میں آپ نقصان کر بیٹھیں گے۔ سیارہ مریخ طاقت اور قوت کا ایسا سیارہ ہے کہ جو جلد از جلد مثبت اور منفی دونوں کی طرح کی طاقتوں کو ظاہر کرتا ہے۔ تیز دھار آلات مثلاً چاقو، چھری یا آگ کے استعمال سے گریز کریں۔ چوٹ لگنے کا قوی اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) زہرہ و تسدیس مریخ 11 تا 16 تاریخ اس ہفتہ قائم ہو رہی ہے آپ کے ذہن میں نئے خیالات آئیں گے۔ مقاصد کے حصول کے لئے نئی ترغیبیں ملیں گی۔ اس کے علاوہ جو لوگ ساتھ کام کرتے ہیں ان میں جوش و خروش بھی با آسانی پیدا کر سکیں گے۔ آپ سماجی معاملات، سیاست یا فلاحی کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ تو اس ہفتہ آپ کو ان کاموں میں حصہ لینے کے بھرپور مواقع میسر آئیں گے مرضی کے مطابق ماحول اور کام کرنے کا موقع ملے گا۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ آپ کیلئے اہم ہے سیارہ مریخ جو کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے 16 مئی کو خانہ ہبوط میں داخل ہوا بہت احتیاط سے وقت گزارنا ہوگا۔ اس برج میں اس کا قیام 02 جولائی تک ہے۔ نقصان کا اندیشہ ہے صدقات مسلسل دیتے رہیں۔ اونچائی سے گر کر جسمانی نقصان ہو سکتا ہے۔ پانی والی جگہ سے بھی پھسل سکتے ہیں بہتر ہوگا کہ اس دوران ندی دریا سمندر تالاب پانی کے نزدیک جانے سے گریز کریں۔

(26 تا 31) ایسے کام جن کو اب تک آپ غیر اہم سمجھتے آئے یا ادھورا چھوڑا ہوا تھا کہ مکمل کر لیں۔ فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ گھریلو معاملات اور جائیداد کا مسئلہ خاموشی سے طے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اگر بڑی نوعیت کا کام آپ خود کرنا چاہ رہے ہیں تو جلد بازی سے گریز کریں۔ ان ایام میں محبت کے معاملات کو نہ اٹھائیں کسی سے اظہار محبت بھی کرنا ہو تو فی الوقت خاموش رہیں۔ یا لوح شرف مریخ ضرور بنوائیں۔

جون (یکم تا 8) ستاروں کی ایک نحس نظر قائم ہو رہی ہے جو کہ آپ کے حق میں بہتر نہ جائیگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے چوری سے بچنے کے لئے خود احتیاط کریں۔ حصول مال کے خاطر کی گئی کوششیں کامیاب ہو سکتی ہیں۔ چند نئے رستے نظر آئینگے۔ جس سے آپ اپنے کاروبار کو فروغ دے سکتے ہیں۔ معاملات آپ کے حق میں ہے۔ زیرہ توجہ قوت فیصلہ کی جانب رہیگی اپنے ارادے مضبوط رکھیں اور جو کچھ کرنا ہے کر گزریں

(9 تا 16) یہ ہفتہ آپ کے لئے پریشانیاں لا سکتا ہے۔ جسمانی بیماری میں بخار اور سر درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ جمعہ کے روز شکر کا صدقہ دیں یا منگل کے دن 9 دانے سرخ مرچ ثابت آگ میں ڈال دیں آنے والی پریشانی سے کسی حد تک نجات مل جائیگی۔ خفیہ دشمن سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں دور اندیشی سے آپ اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں اس ہفتہ کے آخری دو دن آپ کے لئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں عطارد قران مریخ قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 20 تا 25 جون ظاہر ہونگے یہ نظر آپ کے لئے فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہو سکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے لیکن یاد رکھیں سیاروں کی نظر بتا رہی ہے کہ اس وقت اعتبار نہ کرنا سب سے اچھی عادت ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا لیں طالب علم اس ہفتہ خاص توجہ دیں ورنہ اچھی خبر سننے کو نہ ملے گی

(26 تا 30) حمل کا حاکم سیارہ مریخ 04 جون کو برج جوزا سے سرطان میں داخل ہوا جہاں پر اس سیارہ کو ہبوط حاصل ہے یہ برج سیارہ مریخ کے لیے نحس ہے۔ 27 جون کو 28 درجہ پر ہوگا تو ہبوط کی حالت قائم کریگا۔ اس برج میں اس کا قیام 02 جولائی تک ہوگا لہذا ہر قسم کے معاملات میں احتیاط برتیں خصوصاً آگ یا چھری یا ہتھیار کسی بھی قسم کا ہو محتاط رہیں لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اپنے برج کا صدقہ ضرور دیں

ادارہ روحانیات 0300-3037026 الحبیب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ حیدر آباد۔

جولائی (یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 02 جولائی کو برج سرطان سے برج اسد میں داخل ہورہا ہے۔ جہاں پر یہ سیارہ 08 اگست تک رہیگا۔ اس دوران یہ سیارہ جب اس برج کے 19 درجہ پر ہوگا تو یہ حالت اوج میں ہوگا جو کہ شرف کے بعد دوسری سعد حالت ہے۔ کسی کے جھگڑے میں پڑنے سے پرہیز کریں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ یاد رکھیں کہ 30 جولائی اوج مریخ طاقتور دن ہے۔

(9 تا16) عطارد قران مریخ اس ہفتہ قائم ہورہی ہے گھریلو پریشانی کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے جس وجہ سے معاملات میں خرابیاں پیدا ہوسکتی ہیں اگر یہ دباؤ مسلسل زیادہ رہا تو دل کے امراض پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ زندگی کو لطف اندوز طریقے سے گزاریں۔ موجودہ حالات اگر خراب ہیں تو یہ سب صورتحال وقتی طور پر پیدا ہوئی ہے۔ آپ کی جانب سے کی گئی بے احتیاطی کچھ نقصان بھی دے سکتی ہے۔ صدقہ دیں۔

(17 تا25) نجی معاملات میں بعض مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور سماجی تقریبات میں شرکت کرنے سے آپ کی حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔ مصروفیات میں اضافہ ہوگا اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آپ کی لاپرواہی آپ کے لئے نقصان دہ ہوسکتی ہے۔

(26 تا31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ کو درجہ اوج سے 30 جولائی کو گزرے گا اس وقت یہ انتہائی قوت میں ہوگا یہ شرف کے بعد دوسری قوت ہے۔ اس ہفتہ بہت سی خوشخبریاں ملنے کی توقع ہے۔ آپ کی بہتر حکمت عملی کی بدولت دشمن منہ کی کھائیں گے روحانی اور جسمانی طور پر آپ طاقتور ہیں۔ الجھے ہوئے مسائل کو حل کرنے کے لئے یہ وقت بہترین ثابت ہوسکتا ہے۔ چھپے ہوئے دشمن ظاہر ہوجائینگے۔ اپنی جسمانی، روحانی کمزوریوں کو ختم کرنے کے لئے لوح اوج مریخ بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ تاکہ امراض سے نجات ملے آپ ہر کام میں مضبوط ہوجائیں۔

اگست (یکم تا8) ملازمت پیشہ افراد کے لئے ان افسران بالا سے تعاون حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ ورنہ ناگہانی حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ رومانوی ماحول میسر آئے گا کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ذہنی دباؤ اور افشائے راز کا خدشہ ہے کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے کر سکیں گے۔ ملازمت کے معاملات میں احتیاط ضروری ہے۔ معاشرتی معیار میں آپ کی شخصیت ابھرے گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی خواہشمند افراد کو شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ اس ہفتے دوستوں سے تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ روزہ مرہ کے معاملات میں اضافہ ہوگا۔

(9 تا16) کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہوجائے گی شاید آپ کو اس کے ارادوں کے مخلص نہ ہونے کا پتہ چل جائے گا۔ اس ہفتہ شراکتی معاملات موافق رہیں گے۔ غصہ پر قابو پائیں اور اپنے مزاج میں نرمی پیدا کریں۔ دشمنوں سے محتاط رہیں۔

(17 تا25) زہرہ قران مریخ کی وجہ سے وہ افراد جو اپنے گھریلو حالات درست کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لئے سازگار ہے ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔ وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مالی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔ ہلکا سبز رنگ موافق ہے

(26 تا31) شمس قران مریخ کے اثرات کی وجہ سے آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا الجھ جائے گا۔ یہ ایام آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتے ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں اور نہ ہی کسی نئی شے کی خریداری کریں زیورات اور جائیداد سے متعلق معاملات فی الوقت التواء میں ڈال دیں ابھی اس قسم کے مسائل حل کرنے کا وقت نہیں ہے۔ اولاد کی تعلیم تربیت جانب خصوصی توجہ دیں۔ لڑائی جھگڑا اور بحث تکرار سے گریز کریں۔

ستمبر (یکم تا8) ان ایام میں عطارد قران مریخ قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات 01 تا06 ستمبر ظاہر ہونگے۔ کوشش کریں کہ عزیز واقارب سے کسی قیمت اختلاف پیدا نہ ہوں۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں اور کسی سے سخت بات کہنے سے گریز کریں۔ بڑے بھائی یا قریبی دوست سے جھگڑے کا امکان ہے۔ لہذا بزرگوں کا تعاون آپ کے لئے فائدہ منداور مفید ہوگا۔ ان کے پاس وقت گزارنا خدمت کرنا مبارک ہوگا۔

(9 تا16) کھیل تفریح جیسے پروگراموں میں حصہ لینے سے جسم کی نشوونما میں اضافہ ہوگا۔ بعض غلط فہمیاں آپ کے اور آپ کے معاون افراد کے درمیان کشیدگی پیدا کرنے کا باعث بنیں گی شکار کے شوقین کی تکمیل ہو سکے گی شرپسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں جو آپ کو پریشان کرنے میں مصروف عمل رہیں گے لہذا محتاط رویہ اختیار کریں اندرون ملک حصول رزق کے لئے بعض افراد کو سفر کرنے کا موقع مل سکے گا۔

(17 تا25) یہ ہفتہ آپ کے لئے خوش بختی لے کر آئے گا کیونکہ یہ آپ کے ستارے کے حساب سے بہترین ہفتہ ہے ان ایام میں ذاتی خواہشات کی تکمیل کے لئے کوشاں رہیں گے۔ تعلیمی سفر کا امکان ہے۔ قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ اہم معاہدے پر دستخط کرسکیں گے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کرلیں کیوں کہ آپ پریشانی کے سبب بیمار بھی ہوسکتے ہیں۔ جس سے فائدہ حاصل ہونے کی قوی امید ہے۔

(26 تا30) گھریلو جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ بیروزگار افراد کو ملازمت کے مواقع بھی میسر آئیں گے اور بعض حضرات حسب منشاء جگہ پر ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب بھی ہوجائیں گے۔ موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے اپنے پروگرام پر عمل کریں۔

اکتوبر (یکم تا 8) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج میزان میں 04 اکتوبر کو داخل ہوگا جہاں پر اس سیارہ کا قیام 19 نومبر تک رہیگا۔ اس برج میں مریخ کو وبال ہوتا ہے جب تک یہ سیارہ اس برج میں رہیگا آپ کو شریک حیات سے متعلقہ تمام امور پر بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب بھی ہو سکتے ہیں۔ بات بات پر غصہ میں آجانا بنے ہوئے کام کو بھی بگاڑ دیتا ہے۔
(9 تا 16) اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی بعض ذرائع سے مایوس کن خبریں سن سکیں گے دوست احباب کا تعاون حاصل رہے گا۔ بے روزگار افراد اپنی کوششوں میں کامیاب ہو سکیں گے اندرون ملک کیا جانے والا سفر کاروباری نقطہ نظر سے نہایت سودمند ثابت ہوگا۔
(17 تا 25) اس ہفتہ ستاروں کی پوزیشن ایسی ہے کہ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے۔ سرمایہ کاری سودمند رہے گی۔ اس ہفتے ذاتی ترقی کے لئے مثبت اقدامات کر سکیں گے مجموعی طور پر آپ کے لئے یہ ہفتہ بہتر اور سودمند ثابت ہوگا۔ گھریلو اور خاندانی مسائل کو حل کر سکیں گے۔ اس ہفتہ کے ابتدائی ایام میں لوگوں سے ملاقات طے کرنے میں احتیاط برتیں کسی افواہ پر یقین کرنے سے پہلے اچھی طرح چھان بین کر لیں۔
(26 تا 31) خواتین خانہ کا رجحان خانہ داری اور گھریلو آرائش کی طرف بڑھے گا۔ روپے پیسے کے معاملات توجہ طلب ہونگے سرمایہ کاری سودمند ثابت ہوگی۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو دور کر سکیں گے شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے اس ہفتہ آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ خاص طور پر مستقبل کے منصوبے سماجی حیثیت اور دوسری کاروباری معاملات ذہنی دباؤ کا باعث بنیں گے.

نومبر (یکم تا 8) ان ایام میں سیر و تفریح کے مواقع راس آئیں گے اس ہفتہ روپے پیسے اور لین دین کے معاملات توجہ طلب ہونگے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ کوئی دیرینہ خواہش پوری کر سکیں گے شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا اندرون ملک کوئی چھوٹا سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ بزرگوں کے مشورے سے مسائل پر قابو پا سکیں گے غیر شادی شدہ حضرات کو بعض جگہوں پر ان کی بات چلے گی لکی عدد 84 ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کو بعض گھریلو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا کاروباری، روپے پیسے کے اور گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے اس ہفتہ ملازمت ملنے کا امکان زیادہ ہے۔ شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے۔ اس ہفتہ کوئی خوشخبری سن سکیں گے۔ ذہنی دباؤ بڑھنے کا اندیشہ ہے بیرون ملک سفر کا امکان ہے مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری معاملات میں آپ کی مصروفیات بڑھنے کا امکان ہے۔
(17 تا 25) برج حمل کا حاکم سیارہ مریخ اپنے طبعی برج عقرب میں داخل ہو رہا ہے یہاں پر اس سیارہ کا داخلہ آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ طاقت اور قوت لینے کا وقت ہے اپنے رُکے ہوئے کاموں کو کسی بھی طرح نکالنے اس برج میں اس کا قیام تقریباً ڈیڑھ ماہ رہے گا۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنا یا بیماریوں سے نجات حاصل کرنا یا جادو سحر کا خاتمہ کرنے کیلئے اس سے بہتر کوئی وقت نہیں۔ مخالفین پر فتح حاصل ہوگی۔
(26 تا 30) اس ہفتہ کو سب سے زیادہ خوشگوار خوش قسمت کہا جا سکتا ہے رومانس اور دوسرے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ بچوں کے معاملات غور طلب ہونگے نئے مشاغل اپنا سکیں گے دینوی امور میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ کچھ نئے دوستوں سے ملاقات کے مواقع ملے گے کچھ حاسدین قسم کے لوگ آپ کو گاہے بگاہے پریشان کریں گے شریک حیات کا خیال رکھیں۔ کاروبار اور تجارت میں فائدہ حاصل کر سکیں گے۔

دسمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم مریخ سیارہ زہرہ سے نظر تسدیس بنا رہا ہے قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے نرم رویہ متوقع ہے۔ اخراجات میں کمی کر کے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ پیار و محبت کا سیارہ محبوب سے تعلقات استوار رکھنے کی جانب اشارہ دے رہا ہے یا وہ لوگ جو کہ ابھی رشتہ ازدواج میں منسلک نہ ہوئے۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 31,36 ہے۔ قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ خوشخبری مل سکتی ہے۔
(9 تا 16) خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں کچھ لوگ بلاوجہ آپ کو پریشان کرنا چاہ رہے ہیں ان کی باتوں پر ذرا توجہ نہ دیں۔ اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرینگے۔ قانونی مسائل کو حل کرنے کے لئے آپ کو سخت محنت کی ضرورت ہوگی۔ اس ہفتہ سیاہ رنگ لباس استعمال نہ کریں۔
(17 تا 25) اس ہفتہ مالی معاملات میں بہت احتیاط برتیں۔ اس ہفتہ کاروباری معاملات توجہ طلب ہونگے کسی عزیز سے ملاقات خوشی کا باعث ہونگی۔ یہ دیرینہ ملاقات کسی نئے موڑ کو جنم دے گی۔ سماجی تقریب میں شرکت کر سکیں گے اہم معاملات طے کر سکیں گے کسی اچانک سفر کا امکان ہے۔ خرید و فروخت کرنا سودمند ثابت ہوگا۔ ٹریفک کے کاموں میں احتیاط برتیں اور قانونی مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کی سماجی حیثیت کو مستحکم رہے گی کسی سفر یا دور دراز کے لئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے کوئی اچھی خبر سن سکیں گے۔ اس ہفتہ بہت مصروفیت رہے گی۔ بنائے گئے پروگرام پر عمل کر سکیں گے۔ کاروبار میں خاطر خواہ اضافہ حاصل کر سکیں گے۔ اہم معاملات طے ہونا بہتر رہے گا۔ کسی عزیز دوست سے کاروباری معاملات طے کر سکیں گے۔ افسران بالا سے تعاون کرنے کی ضرورت ہوگی۔ جلد بازی نقصان دے سکتی ہے۔ مستقبل کے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کر سکیں گے۔ سبز رنگ کا لباس کریں استعمال فائدہ دے گا۔

اشرف بک ایجنسی، کمیٹی چوک راولپنڈی۔ 0333-5205014 ادارہ روحانیات

TAURUS

ثور

تاریخ پیدائش:۔ 21 اپریل تا 21 مئی | نام کا سرحرف:۔ ب، و | موافق دن:۔ جمعہ | حاکم سیارہ:۔ زہرہ

خاصیت:۔ خود اعتمادی، مستقل مزاجی | موافق عدد:۔ 2

نقائص خصلت:۔ حاسد، ضدی، سرکش | موافق پتھر: الماس، نیلم، فیروزہ

امراض:۔ حلق، کان کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی امراض | موافق رنگ: گہرا نیلا، سبز، کریم، گہرا زرد

جنوری (یکم تا 8) ان ایام میں مل جل کر کئے گئے کام زیادہ مفاد حاصل کر سکیں گے کسی تنظیم سے منسلک افراد آپ کے لئے فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کسی پسندیدہ منصوبہ پر عمل کر سکیں گے گھریلو امور میں مصروفیات بڑھیں۔ مہمانوں کی آمدورفت کا امکان ہے روزمرہ کے مشاغل میں مصروفیات بڑھیں گی شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں۔ منگل کے دن صدقہ ضرور دیں

(9 تا 16) اس ہفتہ اہم مقاصد کے بارے میں کی گئی کسی اہم فیصلے کا نتیجہ آپ کے حق میں نہ ہو سکے گا۔ ذہنی پریشانی میں اضافہ ہوگا اس ماہ کھیلوں میں آپ کے دلچسپی بڑھے گی۔ سماجی تقریبات سے لطف اندوز ہو سکیں گے دوست و احباب کا تعاون حاصل رہے گا۔ گھریلو اموریں مصروفیت کے بڑھنے کا امکان ہے اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شریک حیات اور بچوں کا تعاون بھی حاصل رہے گا۔ بزرگوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے جس کی وجہ سے انہی ایام میں امدادی اغراض کیلئے روپیہ دینا، ہمت اور بہادری کیلئے، مستقبل کی منصوبہ بندی بری عادتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے بے حد مفید ہے جمعہ کا دن خصوصاً اختراعی مقاصد کی خاطر بہت عمدہ ہے۔ کاروبار کو پھیلانے کے سلسلے میں مصروفیات بڑھیں گی۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی ہو سکے گی طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کر سکیں گے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ مشترکہ سرمایہ کاری کرنا بہتر رہے گا کامیابی آپ کے قدم چومے گی خاندان کے افراد کے ساتھ مل کر سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے۔ رومانوی ماحول سازگار رہے گا۔ کوئی نیا کام شروع کرنے سے پہلے احتیاط کرنا بہتر رہے گا۔ اس ہفتہ انعامی اسکیموں لاٹری یا بانڈ سے فائدہ ملنے کا امکان ہے۔ آپ کے برج کا حاکم زہرہ درجہ حضیض پر ہے یہ سیارہ کی نحس حالت ہوتی ہے۔ احتیاط ضروری ہے۔

فروری (یکم تا 8) ان ایام میں فضول خرچی سے اجتناب کریں۔ جس سے کاروبار میں نمایاں ترقی ہوگی۔۔ غلط قسم کے افراد آپ کی رومانوی زندگی پر اثر انداز ہونگے۔ اندرون ملک سفر درپیش آئے جو کاروبار کے لئے نہایت کارآمد ہوگا لہذا سفر کرنا مبارک ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کے برج میں سیارہ مریخ داخل ہو رہا ہے اس کے داخلے کی وجہ ہے شریک حیات سے وابستہ توقعات پوری ہو سکتی ہیں باہمی رشتہ کو مضبوط بنانے کے لئے اپنے مزاج کو نرم رکھیں ان ایام میں غصہ کو بالکل بھی نزدیک نہ آنے دیں۔ تلخ کلامی سے گریز کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ قران زحل کے سبب دیرینہ محبت قائم رکھنے کیلئے اقدامات کئے جا سکتے ہیں یعنی کہ وہ خواتین و حضرات جو چاہتے ہیں کہ اُن کا محبوب کبھی جدا نہ ہو اُس کیلئے روحانی امداد حاصل کر کے اپنا مقصد حل کر سکتے ہیں علاوہ ازیں ایسی خواتین جو کہ اپنا حسن دیر تک قائم رکھنا چاہتی ہوں ان ایام میں احتیاطی تدابیر اور روحانی امداد کے ذریعے اپنے مقصد کو پا سکتی ہیں۔ آپ کے خواب سچائی کا روپ بدلیں گے۔

(26 تا 28) اس ہفتہ زہرہ تسدیس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں۔ عزیز و اقارب کے ساتھ کوئی تقریب منعقد کر سکتے ہیں۔ خواتین کو اس ہفتہ مالی فائدہ ہو سکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔ نئے کاروباری معاہدے طے کر سکیں گے۔

مارچ (یکم تا 8) یہ ہفتہ ملازمت کے حصول کیلئے بہتر رہے گی۔ صحت کے بارے میں تشویش رہے گی۔ اس لئے آپ کے میڈیکل چیک اپ کروانا چاہئے۔ مشترکہ کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے کاروبار میں معاون افراد سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔

(9 تا 16) آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ عشق و محبت کے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ قانونی مسائل آپ کے حق میں کچھ زیادہ حوصلہ افزا نہیں ہیں۔ لہذا حتی الامکان ایسے مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔ ورنہ پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو سکے گا ماتحت عملے کا تعاون حاصل ہوگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے نحس اثرات کی وجہ سے محبوب یا شریک حیات کی جانب سے تعلقات کشیدہ ہوتے نظر آرہے ہیں۔ کاروبار کی طرف دھیان دیں کوئی ہے جو آپ کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔

(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں با آسانی کامیابی مل سکتی ہے۔ سرخ رنگ استعمال نہ کریں۔

اپریل (یکم تا8) ان ایام میں کاروبار یا روزگار کے سلسلہ میں بہتر فیصلہ حاصل کرسکیں گے، ملازمت کے خواہش مند افراد کو ملازمت مل سکے گی۔ دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ اندرون ملک کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ روپے پیسے کے معاملات غور طلب ہونگے کاروباری اور مستقبل کے معاملات میں آپ کو سوچ بچار سے کام لینا بہتر رہے گا۔ یہ ہفتہ مجموعی طور پر ملے جلے حالات میں بسر ہوگا۔ کسی بچھڑے دوست سے اچانک ملاقات ہوگی۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کی طرف توجہ خاص کی ضرورت ہے۔ اس ہفتہ زرد رنگ استعمال کریں۔

(9 تا16) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم کر رہا ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت یہ ایام نکاح نسبت کیلئے بہتر ثابت ہونگے اگر انہی ایام میں کسی سے پیمان محبت باندھ لیں گے تو وہ استوار رہے گا۔ مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے۔

(17 تا25) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 17 تا23 اپریل رہیں گے اس ہفتہ آپ کو قریبی عزیز سے نقصان پہنچ سکتا ہے اور ایک ایسی جگہ سے رقم یا مالی نقصان کی توقع ہے جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگی۔ کاروباری حالات بہتر نہ رہینگے۔ غیر شادی شدہ افراد ان دنوں عشق اور محبت کے معاملات کو قریب نہ آنے دینگے ورنہ ناکام عاشقوں کی طرح انہیں مایوس ہونا پڑے گا۔

(26 تا30) آپ کے حاکم سیارہ کو شرف مل رہا ہے اس ہفتہ گھر کو خوبصورت بنانے کا پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ گھریلو آرائش وتزئین کر سکیں گے۔ گھر میں کوئی تقریب منعقد کرسکیں گھریلو اور دلی معاملات توجہ طلب ہوں گے۔ آپ کی نئی خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ مستقبل کے بارے میں منصوبہ بندی کرسکیں گے تو کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی شراکت کے کاروبار میں کامیابی حاصل کرسکیں گے کوئی اچھی خبر سن سکیں گے۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ افراد کی بات چیت نکلے گی اور بے روزگار افراد کی کوششیں بر آئیں گی۔

مئی (یکم تا8) ان ایام میں بہت نحس نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت کسی قریبی عزیز کا صدمہ برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ بھائیوں سے علیحدگی ہو سکتی ہے۔ شریک حیات سے جدائی کا خطرہ ہے۔ لڑائی جھگڑا سے گریز کریں۔ یہ ایام آپ کے حق میں نہ ہیں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوستوں کے عدم اعتماد کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑے گا اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں کسی بھی قیمت پر اپنے مروجہ اصولوں کو نہ توڑیں۔ اپنی بات پر قائم رہیں۔ فضول گفتگو سے پرہیز کریں محافل میں جانے کا اتفاق ہوگا۔ کسی پرانے دوست سے مل کر خوشی محسوس کرینگے۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 4.9 ہے۔

(17 تا25) اس ہفتہ آپ زیادہ نمایاں کردار ادا کر کے اور اپنی کوششوں میں اضافہ کر کے بہت کچھ حاصل کرسکیں گے کسی خاص مقصد کے لئے اگر تعاون کرنا چاہتے ہیں تو با آسانی مل سکے گا۔ اور وہ افراد جو اس پوزیشن میں ہیں کہ آپ کو مشورہ اور مدد سے سکیں وہ بھی اس وقت آپ کی دلچسپیوں کی موافقت میں ہوں گے۔ اور شریک زندگی یا محبوب کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملے گی۔ اہم فیصلہ کرتے وقت محتاط رہیں۔

(26 تا31) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اہل خانہ کے ساتھ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کا کوئی بھی مسئلہ ہو آپ بزرگوں کی راہنمائی ضرور لیں۔ کسی معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے اچھی طرح کاغذات کی پڑتال کریں صدقہ لازمی دیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ کاروبار میں منافع حاصل ہوگا۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

جون (یکم تا8) اس ہفتہ بھی زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر کے اثرات رہیں گے جس کی وجہ سے وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے آسانی ہوگی مفت کی دولت ہاتھ آسکتی ہے۔ بزرگوں کی خدمت کر کے ان سے دعائیں لیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ خوشی کے موقع پر خیر خواہوں کو نہ بھولیں۔ دوران سفر صحت کی طرف سے لاپرواہی پریشانی کا سبب بن سکتی ہے اور دوسروں پر بے جا اعتماد سے بھی حتی الامکان گریز کریں۔

(9 تا16) اس ہفتہ سفر اور دوسرے منصوبوں پر عمل کرنے کے لیے بہتر ثابت ہوگا۔ جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ سفر کے مواقع مل سکیں گے۔ مثبت طریقہ سے کی گئی سرمایہ کاری سود مند ثابت ہوگی بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع حاصل ہونگے۔ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں آپ اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرسکیں گے کسی بچھڑتے ہوئے عزیز یا دوست سے خط و کتابت ہوگی۔

(17 تا25) آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی۔ شادی بیاہ یا دیگر تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے دوسروں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ غیر شادی شدہ افراد محبوب کو ان ایام میں تحفہ دیں تو ان کی قدر و تعظیم میں اضافہ ہوگا۔ صدقہ ضرور دیں۔

(26 تا30) اس ہفتہ اہم نحس اہم نظر زہرہ مقابلہ مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 23 تا27 جون رہیں گے اس نظر کے تحت بگڑے ہوئے حالات مزید بگڑ سکتے ہیں طبیعت میں چڑ چڑا پن پیدا ہو سکتا ہے۔ لیکن آپ بہتر حکمت عملی سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کرسکیں گے۔

جولائی (یکم تا8) اس ہفتہ قانونی امور میں مصروفیت بڑھے گے۔اہم امور میں کامیابی حاصل کرسکیں گے۔موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کے انتظامات کرنا بہتر ہوگا۔اہم دستاویز پر دستخط کرنے سے پہلے چھان بین کرلیں تا کہ بعد میں اس نادانی پر کف افسوس نہ ملیں خاندان میں تقریبات منعقدہ ہونے کا امکان ہے۔ کوئی خوشخبری سن سکیں گے خواہشمند افراد کی منگنی یا شادی طے پائے گی۔

(9تا16) اس ہفتہ 16 تا18 جولائی نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل قائم ہورہی ہے۔اس ہفتہ کی ابتدا اچھی ہوگی مگر آخری ایام بہت محتاط رہیں شریک حیات یا محبوب سے کسی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے نوبت لڑائی جھگڑا پر پہنچ سکتی ہے۔نتائج اچھے برآمد نہ ہوں گے۔اپنی مسرتوں میں اضافے کے لئے اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے۔ مستقبل کی فکر بھی حال ہی کی طرح کیجئے۔کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوسکتی ہے۔

(17تا25) یہ سعد وقت ہے جب آپ بہت سے مسائل کا حل نکال سکتے ہیں۔کاروبار وسعت اختیار کرجائیگا دوستوں سے وفا کی اُمید رکھی جاسکتی ہے۔برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الہٰی کا ورد بھی کریں۔بلاوجہ کسی بھی بات پر دوست سے ناراضگی پیدا ہوسکتی ہے لیکن زہرہ عطارد قران قائم ہونے کی وجہ سے جلد ہی صلح بھی ہو جائیگی۔عزیز و اقارب جو کہ اب تک ناراض تھے ان کو منانے کا اچھا وقت ہے۔

(26تا31) ان ایام میں اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں تا کہ پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔کاروبار میں ترقی حاصل کرسکیں گے۔اپنے درخشاں مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرسکیں گے۔یہ بھی ممکن ہے شاید ایک جگہ تعلقات ختم ہو کر دوسری جگہ قائم ہوں۔یا یہ بھی ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہوجائیں گے۔طالب علم تعلیمی میدان میں ترقی کرسکیں گے۔

اگست (یکم تا8) ہفتہ صرف مالی معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔جبکہ سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوگا محبت کے معاملات کے لحاظ سے بے حد موافق ثابت ہوگی کیونکہ ان دنوں آپ کا حاکم ستارہ زہرہ مشتری کے ہمراہ باقوت نظرات قائم کررہا ہے۔غیر متوقع طور پر کسی شخص سے ملاقات کا امکان ہے۔اور یہ شخص آنے والے مہینوں میں آپ کے لئے بے حد اہم بن جائے گا۔مندرجہ بالا ایام میں سوشل زندگی بے حد مصروفیت لائے گی۔اور آپ کے اردگرد کے لوگ بھی دوستی اور فیاضی کے موڈ میں ہونگے۔

(9تا16) اس وقت دوسرں کے جذباتی مسائل میں داخل اندازی بالکل نہ کریں۔جہاں تک کام کے معاملات کا تعلق ہے۔اس ہفتہ کے آخر میں ہیجان خیز اور تغیر پذیر حالت سے واسطہ پڑے گا ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ کوئی اختلاف ہوگا۔تاہم یہ وقت اس لحاظ سے موافق ثابت ہوگا زہرہ شمس قران سیارگان کی اہم نشست ہے اس ہفتہ بہت سی تبدیلیاں ممکن ہیں اپنے کام سے کام رکھیں۔ گولڈن رنگ مبارک ہے۔

(17تا25) اس وقت شکوے شکایت کو دور کرنے اور پرانی باتوں کی صفائی کا موقع ملے گا اگر نئی ملازمت کی تلاش ہے تو اس وقت زبردست مقابلے سے واسطہ پڑیگا۔یہ ماہ خاصا سرگرم ثابت ہوگا اور مسائل بھی لائے گا تاہم ایسے حالات بھی پیش آئیں گے جو آپ کا حوصلہ بلند رکھنے میں مدد کریں گے۔ اس ہفتہ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔اپنی ذہن قوتوں کو زنگ نہ لگنے دیں۔

(26تا31) یہ ہفتہ زہرہ مریخ قران کے تحت ہوگا یہ ایام ان افراد کے لیے موافق ثابت ہوں گے جو من پسند شادی کے خواہشمند ہیں۔ محبت کے معاملات کی تکمیل کے لیے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔شادی، خاندانی معاملات کے لیے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا سفر اور خط وکتابت لائے گا۔شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگر چہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔

ستمبر (یکم تا8) دوسیاروں کی نحس نظر قائم ہورہی ہے زہرہ مشتری تربیع ،زہرہ آپ کے برج کا حاکم ہے لہذا بہت زیادہ احتیاط کرنی ہوگی کیونکہ جب کوئی سیارہ نحس حالت سے گزر رہا ہوتا ہے تو وہ اس برج کے حامل افراد کو بھی نقصان دیتا ہے۔شریک حیات سے تعلق بہتر بنانے کی کوشش کریں کسی سے بلاوجہ بحث نہ کریں اور اگر ایسا ماحول بن جائے تو کوشش کریں کہ اُس مقام سے دور نکل جائیں۔

(9تا16) ان ایام میں عطارد قران زہرہ قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ میں ظاہر ہونگے اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے وابستہ واقعات ان دنوں پوری ہونگی۔ انعامی اسکیموں میں کامیابی حاصل ہوسکتی ہے اس ماہ آپ کا لکی عدد 53 ہے۔

(17تا25) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہورہی ہے۔اس نحس نظر کے تحت والدین سے کسی بہت پر اختلاف ہو سکتا ہے یا پہلے سے میاں بیوی میں اختلاف اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔خواتین کو نسوانی امراض کا خطرہ ہے۔

(26تا30) اس ہفتہ زہرہ مشتری تسدیس کی وجہ سے پہلے نصف حصے میں مالی معاملات بہتر بنانے کی طرف بھرپور توجہ دیں گے۔اور نیا کام شروع کرنے یا آمدنی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں میں ملوث ہونے اور اپنی کسی تخلیقی صلاحیت کو بہتر طور پر استعمال کرنے کیلئے اگر آپ کو فنون لطیفہ،آرٹ اور تعلیم میں دلچسپی ہے یا اپنے اندر کچھ نئی صلاحیتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں تو کوا کب آپ کی موافقت میں ہیں۔

اکتوبر (یکم تا8) وہ افراد جو ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں کامیابی کا انحصار قسمت پر ہوتا ہے۔یا مقابلوں اور معموں میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ان کے لئے یہ ہفتہ مبارک ہے۔کمرے کے پردے،سفید اور ہلکے رنگ کا لباس استعمال کریں۔
(9تا16) فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔چونکہ دیگر سیارگان قدرے سعد حالات میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ ملے جلے حالات میں بسر ہوگا۔ بعض حضرات عشق معشوقی کے چکر میں پڑ جائیں گے۔خواتین کی جانب سے خواہ مخواہ بدنامی اور بے عزتی ہونے کا امکان ہے لہذا ان چکروں سے باز رہیں آپ کی اپنی صحت ناقص رہنے کا احتمال ہے ہر ممکن احتیاط کریں۔سیارگان کچھ سعد حالات میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ بہتر ہی گزرے گا۔
(17تا25) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ان ایام میں فضول جگہ پر اپنی رقم کو ضائع نہ کریں حالات کنٹرول کرنے کیلئے زبان کو کنٹرول کریں ایک چھوٹی سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے احتیاط کرنا ہوگی حد سے زیادہ اعتبار نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔خواتین کو اس ہفتہ مالی فائدہ ہوسکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔ان ایام میں اہل خانہ کے ہمراہ تفریح کا پروگرام بنائیں۔
(26تا31) مستقبل کے معاملات عجیب وغریب ہوتے نظر آئیں گے اور اس میں اتار چڑھاؤ آئیں گے۔بعض اوقات عجیب وغریب تبدیلیاں لائے گا۔ نئے موضوعات میں دلچسپی لیں گے اور نئے خطوط پر سوچیں گے۔اس ہفتہ کے آخر میں شاید نئی قسم کی ملازمت اختیار کریں۔یہ سب حالات زہرہ عطارد قران کی وجہ سے ہیں عطارد سوچ کو بڑھانے،اولاد،بھائیوں جذبات کو متحرک کرنے کا سیارہ ہے۔

نومبر (یکم تا8) ان ایام میں طبیعت غم وغصہ پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے۔دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ بننے کاموں میں رکاوٹیں حائل ہونگی۔ کوئی نیا کام خود کرنا تو نفع بخش ثابت ہوگا مگر وہی کام کسی عزیز کی شرکت سے کریں گے تو انجام کار نقصان دہ ثابت ہوگا۔قرضدار کا قرضہ صالح نیت کے تحت بھی ادا نہ ہوسکے گا اور نہ ہی قرض خواہ اپنے مقروض سے کچھ وصول کرسکے گا۔
(9تا16) اس ہفتہ کے آخری ایام میں معاملات عشق وحسن روان چڑھیں گے۔محبوب سے توقعات پوری ہونگی لیکن اس میدان کے لئے نئے کھلاڑی ناکام ہونگے۔آپ کے لئے کوئی گہرے رنگ کا لباس پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔زیادتی فعل وحرکت سے گریز کریں اور غذائی پرہیز کریں اندرون خانہ ہر طرح سے خیر وعافیت رہے گی۔ س ہفتہ معقول رقم ہاتھ آئے گی۔جس کو آپ اپنے کاروبار میں لگا کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔
(17تا25) غیر شادی شدہ حضرات شادی کروانے میں کچھ رکاوٹیں محسوس کریں گے جو قدرے سعی کے بعد دور ہونگی۔کاروبار میں خیر وبرکت رہے گی۔ملازمتی امور کی انجام دہی بھی اچھے طریقہ سے ہوگی فرائض منصبی کی بجا آوری حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔دیگر پیشہ وارانہ فرائض کی بجا آوری بھی بڑے فائدہ کی امید رکھیں۔رقم کے لین دین،کاروباری اغراض کے تحت کیا جانے والا سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا۔
(26تا30) ان ایام میں زہرہ قران مشتری قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 23تا28 نومبر ظاہر ہونگے۔یہ ایک خاص وقت ہے ذرا سی محنت سے مفت کی دولت حاصل ہوسکتی ہے۔وراثتی جائیداد کا حصول بھی ممکن ہے۔خاص طور سے والدہ کی جانب سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے تھے اور ناکامی کا سامنا ہو رہا تھا ان ایام میں ان کو مفت کی دولت مل سکتی ہے۔لکی عدد 6 اور 3 ہے۔خاندانی الجھنوں یا رفقائے کار کے درمیان تنازعات کو ختم کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔اس ہفتہ مالی امور احتیاط کے طالب ہیں۔

دسمبر (یکم تا8) اس ہفتہ خاص نظر زہرہ مریخ تسدیس قائم ہو رہی ہے اپنی قوت ارادی کو مضبوط کریں اور حادثات سے نبٹنے کے لئے ذہنی طور پر خود کو تیار کریں۔کمزور قوت ارادی کی وجہ سے آپ اپنی صحت خراب کرسکتے ہیں۔جسمانی صحت خیال رکھیں ورنہ چھوٹی بیماری طول پکڑ سکتی ہے جس سے ذہنی صلاحیتیں بھی متاثر ہوسکتی ہے کسی کی بھی کی گئی بات کو ذہن میں جگہ نہ کرنے دیں سفر کرسکتے ہیں۔
(9تا16) زہرہ زحل قران اس ہفتہ اشارہ دے رہا ہے کہ یہ ہفتہ بزرگ خواتین سے دعا کروانے کیلئے بہتر ہے،ایسے لوگ جن کی والدہ حیات ہیں خصوصی طور اپنے حق میں ان سے دعا کروائیں ان شاء اللہ انکی دعا کی برکت سے مسئلہ حل ہوجائیگا۔وہ افراد جن کے والدین حیات نہ ہوں کسی بھی روحانی بزرگ سے اپنے حق میں دعا کروا سکتے ہیں روحانی وظائف کرسکتے ہیں یہ ہفتہ آپ کیلئے برکتوں سے بھرپور ثابت ہوسکتا ہے۔
(17تا25) اہل خانہ سے متعلقہ امور حسب منشاء انجام پذیر ہونگے۔مطلوبہ اولاد ہوگی اولاد کے بہتری کے سامان ہوں گے سکون ہوگا البتہ زمین وجائیداد سے متعلقہ معاملات حسب منشا طے ہونگے۔اس سلسلے میں قانونی چارہ جوئی سے گریز کریں۔خاندانی مخالفین سے محتاط رہیں۔
(26تا31) اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔دوران سفر کچھ ایسے لوگ شریک سفر ہونگے۔جن سے آپ کی گفتگو مفید ثابت ہوگی۔اور کاروبار میں مزید ترقی کے موضوع پر تبادلہ خیال ثابت ہوگا۔شادی شدہ حضرات کی دلی تمنا پوری ہوگی حسب منشاء محبوب سے شادی کرنے سے کامیابی حاصل ہوگی۔اندرون خانہ ہر طرح سے خیر وعافیت ہے۔آپ کے لئے اپنے برج سے متعلقہ نگینہ پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔

GEMINI جوزا

تاریخ پیدائش:۔ 22 مئی تا 21 جون | نام کا سرحرف:۔ ق، ک | موافق دن:۔ جمعہ | حاکم سیارہ:۔ عطارد

خاصیت:۔ ہوشیار، پاکیزہ خیالات | موافق عدد:۔ 5

امراض:۔ سردرد، آنتوں اور پیٹ کے امراض | موافق پتھر:۔ زمرد، زبرجد، زرد عقیق

نقائص خصلت:۔ مضطرب، غلط فہمیاں پیدا کرنے والے | موافق رنگ:۔ گولڈن، سبز، فیروزی، پیلا، زرد

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ زائد روپیہ کمانے کیلئے اضافی کام شروع کردیں گے۔ خاص طور پر ان افراد کو یہ حالات پیش آئیں گے جو 08 تا 14 جنوری تک کی پیدائش ہیں اگر اس ہفتہ میں حالات اتنا بدل جائیں گے کہ ملازمت چھوڑنے کی خواہش پیدا ہونے لگے گی۔ حالات خواہ کتنے ہی خراب ہوں ملازمت نہ چھوڑیں۔ قوت فیصلہ کو مضبوط رکھیں۔ معمولی چوٹیں آسکتی ہیں لیکن بڑا نقصان نہ ہوگا۔
(9 تا 16) یہ ہفتہ انتہائی نازک ہے کیونکہ اس ہفتہ عطارد تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ایسے معاملات میں آپ الجھ سکتے ہیں جن سے آپکو انتہائی پریشانی پیدا ہو سکتی ہے۔ یہ ہفتہ قرض لینے اور دینے کیلئے اچھا نہیں ہے اس ہفتہ دیا گیا قرض آپ کو واپس نہ ملے گا۔ ایک شخص سے ناراضگی اور لڑائی کا اندیشہ ہے اور محبت نفرت میں بدل جائیگی۔ قریبی عزیزوں اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔
(17 تا 25) ان ایام میں عطارد قران زحل قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 11 تا 15 جنوری ظاہر ہونگے۔ ہر طرح سے محتاط رہیں خاموش ہو کر ایک کونے میں بیٹھ جائیں آپ کے حق میں بہتر ہے۔ یہی آپ کے حق میں بہتر ہے۔ پُرانی چیزوں سے لگاؤ رہیگا۔ اپنے آپ کو مایوسی کی جانب نہ دھکیلیں۔ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ دیرینہ دوست سے ملاقات ہوگی ایک عزیز کچھ مایوسی کی باتیں کریگا یاد رکھیں مایوسی گناہ ہے۔
(26 تا 28) عطارد شمس قران کی وجہ سے ان ایام میں اعلیٰ عہدہ کے لوگوں سے بھی احتیاط برتیں نکاح کیلئے اچھا وقت ہے لیکن محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں میں نہ کریں۔ کیونکہ آپ کو اس جانب سے مثبت جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ آپ کے دل کو ہلا دے گا۔

فروری (یکم تا 8) یہ ہفتہ عطارد مشتری تسدیس کے تحت ہوگا قریبی عزیزوں اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ بات بات پر غصہ کا اظہار کرنا آپ کے لئے اچھا نہیں ہے ایک دیرینہ الجھا ہوا مسئلہ اس ہفتہ حل ہو جائیگا۔ نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے یہ ہفتہ اچھا ہے ایسے افراد جو تعلیم حاصل کر رہے رہیں اور ساتھ ہی جنس مخالف کی محبت میں مبتلا ہیں دونوں میں کامیابی حاصل ہوگی
(9 تا 16) یہ ہفتہ آپکے لئے اہم ہے کہ عطارد مریخ تسدیس قائم ہو رہی ہے آپ کے برج کا حاکم سیارہ سعد اثرات ظاہر کر رہا ہے جس وجہ سے آپ بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں لیکن یاد رہے دستاویزات کو اچھی طرح پڑھ کر دستخط کریں۔ ذہنی قابلیت بہتر رہیگی بچوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں۔
(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم عطارد سیارہ بہتر پوزیشن میں ہونے کے سبب اس راہ محبت کے معاملات پر بھی دباؤ پڑیگا ان معاملات میں اگر حال ہی میں سست روی کا سامنا رہا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے اور گذرا وقت پرانا واقع ثابت ہوگا۔ لکی عدد 55 ہے
(26 تا 31) عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر ہے۔ ان ایام میں جادوئی حملے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ و برباد کیا جا سکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے دل و دماغ پر خوف دہشت مسلط جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ خصوصاً رقم کا لین دین ان ایام میں نہ کریں۔

مارچ (یکم تا 8) سیارہ عطارد جو کہ تعلیم سے منسلک ہے آپ کے زائچہ میں اچھی حالت میں موجود ہے۔ آپ کو ایسی زندگی گزارنی چاہئے کہ جس میں آپ سر اٹھا کر جی سکیں اس ماہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا انتہائی بے وقوفی ثابت ہوگا۔ بچی ہوئی رقم کسی دوسرے مصرف میں لے آئیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں کاروباری حالات قدرے بہتر رہینگے لیکن اخراجات میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے گا۔ ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان دے ہو سکتی ہے
(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہے۔ یہ ایام آپ کیلئے بہتر اور معاون ثابت ہونگے۔ ان دنوں امراض سے نجات پانے کیلئے معالج کی تلاش کامیاب رہے گی خصوصاً معدہ کے امراض سے نجات مل سکتی ہے۔ تیز رفتاری سے گریز کریں محتاط انداز سے آگے کی جانب بڑھتے جائیں۔
(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ بہتر پوزیشن میں ہونے کے سبب اس راہ محبت کے معاملات پر بھی دباؤ پڑیگا ان معاملات میں اگر حال ہی میں سست روی کا سامنا رہا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے اور یہ وقت پرانا واقع ثابت ہوگا۔ اس وقت زندگی میں ایک سے زیادہ مداحوں کے داخلے کا امکان بھی ہے شادی شدہ افراد کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا اور اگر صاحب اولاد ہیں تو ہم آہنگی اور سکون و خوشی سے ملے گی۔

اپریل (یکم تا8) خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہے اثرات اس ہفتہ رہیں گے۔ یہ وقت بزرگوں سے دعا کروانے کے لئے بہتر ہے وہ افراد جن کے والدین حیات ہیں زندگی میں مسائل سے نجات کیلئے خصوصاً اپنی والدہ سے دعا کروائیں۔ یا کسی روحانی بزرگ سے فیض حاصل کریں۔ ایک شخص آپ کے فائدہ کی بات کر رہا ہے۔ آپ کو اس سے مراسم قائم کر لینے چاہئے ورنہ ایسا نہ کرنے میں نقصان آپ کا ہی ہے۔

(9 تا16) عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ دشمن آپ پر غالب رہیں گے۔ آپ اپنے برج کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ مالی مسائل بھی فی الحال حل ہوتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ اہل خانہ کی نگہداشت کی جانب رجحان غالب رہیگا۔ جو لائحہ عمل تیار کیا ہے اس پر عملدرآمد کیا جاسکے گا اس ہفتہ کسی مخلص دوست کی غیر معمولی مدد حاصل ہوگی۔ آپ جلد پریشانی پر قابو پالیں گے۔ قرضوں کی وصولی کے لئے یہ ہفتہ بہتر نہ ہے۔

(17 تا25) عزیزوں دوستوں اور رشتہ داروں افسران بالا خصوصاً کسی جگری دوست اور کسی واقف کار افسر اعلیٰ سے خاص طور نفع حاصل ہو گا جس سے دل کو خوش وخرم ہوجائے گا آپ کی اپنی صحت جسمانی چندروز خراب رہے گی اور اندرون خانہ بھی کسی بیماری کے باعث تشویش لاحق ہوگی۔ انعامی اسکیموں لاٹری میں بھی فائدہ کی امید دکھائی دیتی ہے لیکن حد سے زیادہ تجاویز نقصان دہ رہے گا۔ زمین وجائیداد کے مسائل بھی حل ہونگے۔

(26 تا30) اس ہفتہ عطارد تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں پریشانیوں کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔ مقدمات اور پنچایتی فیصلے آپ کے حق میں ہونگے۔ جسمانی امراض ختم ہوجائیں گے۔ مخالفین کی جانب سے صلح کے مواقع آئیں گے جو کہ آپکے حق میں بہتر ہونگے۔

مئی (یکم تا8) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کسی قریبی عزیز کی جدائی کا اندیشہ ہے مایوس کن حالات سے نکل آئیں صاحب اولاد کو اولاد کی جانب سے دُکھ اور پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے ناکام محبت جیسے حالات سے گزرنا ہوگا محبوب بے وفائی کر جائے تو اس کا دُکھ اور رنج نہ کریں۔ آئندہ حالات کی بہتری کے لئے کچھ سوچیں بہترین لائحہ عمل تیار کریں۔ ایک خواہش پوری ہوگی۔

(9 تا16) مشترکہ مفادات کے پروگراموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا لیکن شریک کار سے معاملات طے کرتے وقت محتاط روی کو ملحوظ رکھیں۔ ماتحت حضرات اور حکام بالا کا تعاون شامل حال رہے گا۔ عہدہ اور مرتبہ میں حصول کی کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ زمین وجائیداد اور وراثت سے متعلقہ مسائل بھی حسب منشاء طے پائیں گے البتہ شریک حیات کی صحت بگڑنے کا اندیشہ پایا جاتا ہے۔ ہر ممکن احتیاط لازم ہے۔

(17 تا25) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ ہفتہ مالی لحاظ سے سخت ثابت ہوگا۔ اور مشکلات پیش آئیں گی۔ اس غیر موافق وقت کے گزر جانے کے بعد آئندہ سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ مالی حالات بھی بہتر نہ ہوں گے یاد رکھیں وہ محبت جس کو قائم کرنے میں آپ نے ایک وقت گزارا چند منٹوں میں ہی نفرت میں بدل سکتی ہے۔ اس ہفتہ مالی نقصان کا خدشہ ہے

(26تا31) اس ہفتہ اہم نحس اہم نظر عطارد مقابلہ مشتری قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت حوصلہ مندی سے حالات کا مقابلہ کریں مضبوط قوت ارادی کی وجہ سے آپ پیچیدہ مسائل سے نکل سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو کہ عدالتی معاملات میں الجھاؤ کا شکار ہیں اس ہفتہ انہیں ناکامی کا اندیشہ ہے۔ ایسی لڑائی شروع ہونے کا خدشہ ہے جس کا کوئی سر پیر نہ ہوگا اور پھر یہ لڑائی شدت اختیار کرسکتی ہے۔ اپنے آپ پر بھروسہ رکھیں اعتماد اور یقین کی فضاء قائم کریں۔

جون (یکم تا8) وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اس وقت زندگی میں ایک سے زیادہ مداحوں کے داخلے کا امکان بھی ہے شادی شدہ افراد کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا اور اگر آپ کے بچے ہیں تو بھی زائد ہم آہنگی اور سکون وخوشی سے ملے گی۔ گھریلو ماحول کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کریں حالات آپ کے حق میں ہے۔ آپ کو خلاف توقع سخت حالات سے گزرنا پڑے گا۔

(9 تا16) غیر شادی شدہ افراد یا وہ لوگ جو عشق ومحبت کے مارے میں اس ہفتہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعشیات میں اپنے پیسہ کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کے لئے بچا کر رکھ لیں۔ یہ ایام آپ کے لئے سخت ترین ہیں ان دنوں آپ کا برج کا مالک سیارہ زحل مقابلہ عطارد نظر قائم کر رہا ہے۔ لہذا عبادت اور ریاضت کی طرف دھیان دیں۔ سیاہ رنگ نحس ہے۔

(17 تا25) 16 تا25 جون غیر موافق نظر عطارد قران مریخ کے تحت مشترکہ مالیات، انشورنس، ٹیکس اور ترکہ وغیرہ کی وجہ سے اختلافات یا مقدمہ بازی لاسکتا ہے۔ مذکورہ ایام نحس ہیں اس دوران تحریری معاہدے مثبت انجام کو نہ پہنچ سکیں گے۔ ان ایام میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔ بیرون ملک سفر اور کاروبار کے مواقع سودمند ثابت نہ ہونگے۔ ایک شخص سے انتہائی دکھ اور رنج پہنچ سکتا ہے۔

(26 تا30) اس ہفتہ زائچہ میں فائدہ کم نقصان زیادہ ہے۔ آپ کا یہ ہفتہ قدر کمزور ہی بسر ہوگا۔ گھریلو امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہو گی۔ الجھے مسائل کو سلجھایا جائے گا۔ اس ہفتہ کے ابتدائی ایام احتیاط طلب ہیں آپ کے لئے سرخ، میرون رنگ لباس پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔ کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ معاملات عشق ومحبت روان چڑھیں گے۔ نحس عدد 94 ہے۔

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

جولائی (یکم تا8) اہم ذاتی تعلقات میں اہم تبدیلیاں آئے گی۔ پرانی شادیاں شراکتیں یا قریبی تعلقات جن میں انتشار چلا آرہا ہے ختم ہوجائیں گے۔تا کہ نئے تعلقات کا آغاز کیا جاسکے۔قریبی تعلقات سے متعلقہ نقطہ نظر میں تبدیلی آئے گی غیر شادی شدہ افراد کی شادی کسی ایسے فرد سے ہوجائے گی جو مضبوط قوت ارادی کا مالک ہوگا۔ان دنوں میں کی گئی شادی زندگی پر گہرے منفی اثر مرتب کرے گی۔ جبکہ شادی شدہ افراد کی علیحدگی کا امکان ہے یا اس تعلق میں شدید نوعیت کی تبدیلی آجائے گی۔ ان ایام میں آپ پر بہتان بھی لگ سکتے ہیں محتاط رہیں۔

(9 تا16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد مریخ کے ساتھ نحس نظر قران سے گزر رہا ہے جس کے اچھے اثرات ظاہر نہ ہورہے ہیں۔خاص طور سے اس ہفتہ آگ اور تیز دھار آلات سے بچنے کی کوشش کریں کسی بھی بڑے نقصان کا اندیشہ ہے بلاوجہ کسی کی بحث تکرار اور لڑائی جھگڑا میں دخل اندازی نہ کریں خاموشی سے نکل جائیں تو آپ کے حق میں بہتر ہے دشمن آپ پر غلبہ پاسکتا ہے۔دوران سفر بھی محتاط رہیں۔

(17 تا25) عطارد قران شمس فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔آپ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہئیں تو کامیابی ملے گی۔گھریلو ماحول میں تبدیل آسکتی ہے۔کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آسکتا ہے اور عطارد کا مضبوط پوزیشن میں ہونا اولاد، بھائیوں یا عزیز اقارب سے کشیدگی کے خاتمہ کی جانب اشارہ دے رہا ہے۔انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(26 تا31) اس ہفتہ زہرہ قران عطارد کی نظر قائم رہ رہی ہے۔آپ معمولی سی کوشش کے بعد اچھی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں آپ مالی معاملات میں جو خصوصاً متبادل ہوتے ہیں۔کافی خوش قسمت ہیں لیکن آپ کو اپنا نفع کسی مہربانی سے نظر انداز نہیں کردینا چاہئے ۔تحریری معاہدے بہتر طور سے انجام پاسکیں گے مقدمہ میں کامیابی ہوسکتی ہے۔دیرینہ مسائل حل ہونگے۔اپنی فعال طبیعت کو کامیابی کیلئے استعمال کریں۔

اگست (یکم تا8) زائچہ کے سیارگان سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا ہفتہ بہتر ہی بسر ہوگا پھر بھی نقل وحرکت کی زیادتی سے گریز کریں۔اور خوراک کے استعمال میں پرہیز لازم ہے۔ ایک تعلق کسی خفیہ کمزوری کو منظر عام پر لاسکتا ہے یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اس برج سے متعلق تمام سیارے چاہئے وہ موافق ہوں یا غیر موافق آپ کی اپنی قوت ارادی ہمیشہ متزلزل رہے گی۔لکی عدد 21 ہے۔

(9 تا16) ایسے کاموں کی ابتداء اس ہفتہ کرسکتے ہیں۔جن کا تعلق تعمیرات سے ہو۔زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء مثلاً زراعت یا معدنیات کا کاروبار بھی آپ کو فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرکے اپنے خوش قسمت یا بدقسمت دونوں قسم کے اثرات کا بخوبی مقابلہ کرسکیں گے۔

(17 تا25) یہ ہفتہ بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے مالی فائدہ ممکن ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔فیروزی رنگ استعمال کریں۔

(26 تا31) تخلیقی اور آرٹسٹک دوستوں کی مدد اور تعاون سے آپ کی زندگی اور شخصیت کو فائدہ پہنچے گا۔لیکن زیادہ عجیب وغریب عقیدہ اور خبطی قسم کے ملنے جلنے والے دھوکے باز ثابت ہونگے اگر دھوکے باز ثابت نہ ہونگے تو کم از کم ناقابل اعتبار ضرورت ثابت ہونگے۔23 عدد لکی ہے آپ کی کچھ خواہشات پوری ہوجانے کے امکانات ہیں۔امکان ہے کہ ایسا بالکل اچانک ہوگا معاملات میں مددآور اور معاون ثابت ہوگا۔

ستمبر (یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد نحس مریخی قرانی حالت سے گزر رہا ہے اس نظر کے تحت قریبی رشتہ داروں سے بہت محتاط رویہ اختیار کرنا پڑیگا کسی بھی لڑائی جھگڑا کا خدشہ ہے وہ والدین جن کی اولاد جوان ہے اُن کو اپنی اولاد پر خصوصی توجہ اور دھیان دینا ہوگا۔آپکی لاپروائی نقصان دے سکتی ہے کسی بھی بات کو سختی سے سمجھانے کی بجائے نرم رویہ رکھیں ورنہ حالات بہت تیزی سے خراب ہونگے۔

(9 تا16) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ 02 اہم نظرات قائم کررہا ہے اس کے مطابق ہفتہ کے ابتدائی ایام نحس، آخری ایام سعد ہو سکتے ہیں آپ میں موجودہ مسائل سے نمٹنے کی صلاحیت موجود ہے اس ہفتے کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی کوشش کریں اور اپنی کوششوں کے بہتر نتائج کا انتظار کریں ۔اپنی کوششوں کا ثمر حاصل کرنے کے لئے بہترین وقت ہے۔لیکن حد سے زیادہ مطالبہ ٹھیک نہیں ہوگا۔

(17 تا25) ان ایام میں آپ لاپرواہی یا جلد بازی سے بنا ہوا کام بگاڑلیں گے۔عطارد زحل تربیع نحس ہے اچانک بڑی تبدیلی رونما ہو سکتی ہے۔غیر موافق نظرات کے تحت مشترکہ مالیات، انشورنس، ٹیکس اور ترکہ وغیرہ کی وجہ سے اختلافات یا مقدمہ بازی لاسکتا ہے۔ان ایام میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں میں کمی ہوگی۔ بیرون ملک سفر اور کاروبار کے مواقع میں رکاوٹ آسکتی ہے۔اس ہفتہ اپنے برج کا صدقہ ضرور دیں۔

(26 تا30) خوشخبری بھی مل سکتی ہے اظہار محبت کیلئے یہ وقت بہتر ہے یورنس کے مثبت اثرات سے تعاون کریں تو یہ سیارہ اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے آئے گا۔چند نئے رستے نظر آئینگے کاروبار کو فروغ دے سکتے ہیں۔ایک رُکا ہوا مسئلہ بھی حل ہوسکتا ہے۔ذہنی اور جسمانی توجہ عملی معاملات کی جانب مائل رہے گی۔اطمنان بخش حل نکالنے کیلئے بہتر ہے کہ خود کو تروتازہ رکھیں کچھ ستارے آپ کے حق میں ہیں۔

ادارہ روحانیات 0300-7792699 نیازی بک ڈپو، ریل بازار گوجرانوالہ

اکتوبر۔(یکم تا8)اس ہفتہ میں زائچہ کے دیگر سیارگان کچھ سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ بہترین بسر ہوگا۔ جہاں تک ممکن ہو سکے آپ اپنی رائے پر ہی عمل کریں اور یہ اپنے طریق کار سے ہی چمٹے رہیں اس ہفتہ میں غم وغصہ پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ بنتے کاموں میں رکاوٹ کا باعث بن سکتا ہے۔ ان ایام میں صحت خرابی کا احتمال ہے۔ لکی عدد 51 ہے۔

(9تا16)اس ہفتہ عطارد زحل قران کی وجہ سے کسی دوست یا رشتہ دار سے متعلق کچھ ایسی خبریں ملیں گی جن کے نتیجے میں آپ کو اپنے منصوبوں میں تبدیلی لانے پڑے گی۔ اور کوئی ناخوش گوار سفر اختیار کر سکتے ہیں مستقبل میں اگر کاروبار یا تفریح کی غرض سے کوئی اہم سفر کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں انتظامات کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نقل وحمل کی وجہ سے علالت طویل ہو سکتی ہے۔ سفر نہ کریں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 57 ہے۔

(17تا25) مالی حالت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ دھوکہ دہی کا خدشہ پایا جاتا ہے۔ اس ہفتہ کے آخری ایام میں کاروباری اغراض سے کیا جانے والا سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ خط وکتابت سے بھی مختلف مسائل طے کئے جاسکیں گے۔ آپ کی صحت بہتر نہ رہے گی اور اندرون خانہ بھی ہر طرح سے خیر وعافیت رہے گی۔ ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے اپنے مقصد کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ صدقہ ضرور دیں۔

(26تا31) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے تمام حالات آپ کے ہاتھ میں ہے محبوب کو پیغام بھیجوانا ہو یا منگنی یا شادی کی رسم ادا کرنی ہو تو اس سے بہتر وقت آپ کیلئے نہیں۔ آپکو کوئی مالی، کاروباری یا گھریلو فیصلہ ضرور کرنا ہے تو کسی بہتر وقت کا انتظار کریں۔ کسی بھی بات پر بلا وجہ جھگڑا ہو سکتا ہے بات کو طول دینے سے گریز کریں۔ خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور آگ سے محفوظ رہیں چوٹ لگ سکتی ہے۔ یاد رکھیں ان دنوں کیا گیا سفر مالی معاملات کے لیے بہتر ہو سکتا ہے۔

نومبر (یکم تا8) علم وعقل کا حاکم سیارہ عطارد قران شمس کی نظر قائم کئے ہوئے ہے۔ یہ وقت آپ کے لئے بہتر ثابت ہو سکتا ہے خود غرض لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر لائحہ عمل تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں سے سنبھال سکتے ہیں۔ عدالتی کاموں میں احتیاط کی ضرورت ہے بہتر ہے کہ نہایت احتیاط سے کام لیں اسی دوران مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔

(9تا16) اس ہفتہ کے نصف حصے میں خط وکتابت یا سفر محبت کے معاملے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں موبائیل فون، سوشل میڈیا یا سفر کے ذریعے محبت کا عنصر داخل ہو جائیگا۔ سیارہ عطارد، زحل کے درمیان نظر قران کی وجہ سے آپکی طبعیت میں پیار اور محبت کا عنصر زیادہ ہو جائے گا آپ دوسروں سے تعاون کرنے پر تیار رہیں گے اگر آپ ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جن میں دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنا پڑتا ہے تو اس ہفتہ زبردست کامیابی کی توقع رکھیں۔ آپ کا مقصد خواہ کچھ بھی ہو۔ خانگی حالات سنوارنے کا موقع ملے گا۔

(17تا25) اس وقت کی تبدیلیوں کو مدنظر رکھیں ان اوقات میں اگر کوئی تبدیلی ہوئی تو وہ غیر متوقع ہوگی اور طبع کے موافق نہ ہوگی۔ اس دوران سفر ہرگز نہ کریں کیونکہ حادثات کا اندیشہ ہوگا۔ اسلئے یہ ایسا وقت ہے کہ جب آپ ذاتی نوعیت کی خاصی کامیابیاں حاصل کرینگے۔

(26تا30) عطارد زحل تسدیس کے اثرات کی وجہ سے مادی، سماجی، یا روحانی لحاظ سے آپ جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہوں اب وقت آ گیا ہے کہ روحانی مزاج افراد کے ساتھ تعلقات قائم کرنا خاص مقاصد کے حصول میں بہت زیادہ مدد دیگا۔ جوزا، سنبلہ، جدی دلو سے متعلقہ افراد سے مل کر کسی بھی جماعت یا گروہ کے اندر رہ کر بخوبی کارکردگی دیکھا سکتے ہیں کو اکب آپ کی موافقت میں ہیں۔ روحانی محافل میں شرکت کریں۔

دسمبر (یکم تا8) یہ ہفتہ سعد ہے اپنے جملہ اہم معاملات میں حوصلہ افزائی نتائج حاصل کرنے کے لئے اسی ہفتہ میں انجام دیں۔ تخلیقی سرگرمیوں اور فلسفیانہ نظریات سے بخوبی آگاہ ہونے کا وقت ہے۔ انعامی سکیموں میں روپیہ لگایا فائدہ دے گا البتہ کاروبار میں فریب کا امکان ہے۔

(9تا16) تعلیم ادراک اور نصیب جیسے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ ان ایام میں ایسے کام مفید ثابت ہونگے جن میں الگ تھلگ رہ کر کام کرنا پڑے تخلیقی میدان میں صلاحیت پیدا ہوگی۔ خفیہ طور پر محبت میں گرفتار ہو سکتے ہیں مگر نہایت پراسرار انداز میں خفیہ دشمنی پیدا ہوگی جس کی وجہ سے لوگ آپ سے بدظن ہو جائیں گے لہذا محتاط انداز اختیار کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ ان دنوں صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(17تا25) یہ ایام آپ کی وجدانی قوتوں پر زبردست دباؤ ڈالیں گے ہر معاملے کو سلجھانے کی صلاحیت خود اعتمادی اور ثابت قدمی پیدا ہوگی اور یہی دو عناصر ہیں جو مادی کامیابی اور سماجی استحکام بخشنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دوران سفر محتاط رہیں خاص طور پر جب سمندر کے نزدیک سفر کریں۔

(26تا31) یہ ہفتہ زائچہ کے سعد اثرات سے کماحقہ، فائدہ اٹھانے کے لئے بہتر ہے ضروری ہے کہ عقل سلیم اور اچھی تنظیم صلاحیتوں کو پوری طرح استعمال کریں فریب کے ذریعے نقصان ہوگا۔ ان دنوں عزت، مرتبے، کیریئر کاروبار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا مقاصد اور جاہ طلبی کے حصول کے لیے پوری قوت سے آگے بڑھنے کی ترغیب اور ترقی ملیں گے۔ سوجی اور شکر کیڑے مکوڑوں کو ڈالیں۔

CANCER

تاریخ پیدائش:۔22 جون تا 23 جولائی | نام کا سر حرف:۔ح، ڈ، ھ | موافق دن:۔سوموار | حاکم سیارہ:۔قمر

سرطان

خاصیت:۔خود اعتمادی، مہربان

نقائص خصلت:۔خود غرضی

امراض:۔سانس کی تکلیف، جلد کے امراض

موافق عدد:۔2

موافق رنگ:۔سفید، دودھیا، پیلا

موافق پتھر:۔درنجف، پکھراج، موتی، زمرد، عقیق دودھیا

جنوری

(یکم تا 8) سیارہ شمس عزت، دولت اور شہرت سے تعلق رکھتا ہے آپ کے برج سرطان میں وبال ونحوست کی شعاعیں خارج کرتا ہے 06 جنوری کو جدی میں گرہن یافتہ ہو رہا ہے یہ سیارہ اپنی سعد قوتیں کھو دے گا بوقت گرہن انتہائی ناقص اور کمزور ہو جائیگا۔ محتاط رہنے کی ضرورت ہے کاروباری لین دین قیمتی اشیاء کی خریداری نئے کاروبار کی ابتداء یا قرض لینے یا دینے کیلئے یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ مناسب نہ ہے۔ ایسے سرطانی افراد جو کہ عارضہ قلب وجگر میں مبتلا ہیں اپنے مرض کا باقاعدہ علاج کروائیں سستی یا لاپرواہی ہر گز نہ کریں۔
(9 تا 16) شریک حیات سے کوئی اہم معاملہ طے کرسکیں گے اور ان کی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں پہلے کے کئے گئے معاہدے پر نظر ثانی کرنا بہتر اور فائدہ مند رہے گا۔ شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہیں گے بزرگوں کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔
(17 تا 25) قمر جو کہ آپ کے برج کے حاکم سیارہ ہے۔ سرد طبیعت رکھنے والا یہ سیارہ برج دلو میں اس ہفتہ گرہن کی حالت سے گزریگا جس کے اثرات یہ ہونگے کہ اہل سرطان میں مذہبی جذبہ کم ہو جائیگا طبیعت میں سستی کوتاہی کا عنصر غالب ہوگا۔ مایوسی، بدظنی اور بے چینی بڑھ جائیگی اس دوران گہرے پانی میں جانے سے بھی گریز کریں اگر اس ہفتہ سفر کا ارادہ ہے تو دوران سفر محتاط رہیں یا پھر فی الوقت ملتوی کر دیں۔
(26 تا 31) اپنی دلی خواہش پوری کرسکیں گے۔ کسی عزیز دوست سے ملاقات ہو سکے گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی کوئی تقریب گھر میں منعقد کرسکیں گے۔ صحت جسمانی کا خیال رکھیں ذہنی تھکاوٹ کو دور کرنے کے لئے تفریحی پروگرام میں حصہ لینے کے مواقع ملیں گے۔

فروری

(یکم تا 8) اس ہفتہ اپنے مخالفین کی ریشہ داریوں سے بچیں کاروبار میں کامیابی حاصل کرسکیں گے۔ آپ کی سماجی منصوبہ بندی میں بہت زیادہ دے گی۔ گھریلو مسائل کو حل کرنے میں کوشاں رہیں گے خاندان کے افراد سے مل کر کسی اہم مسئلہ پر بات چیت کرسکیں گے گھریلو اور خاندانی امور آپ کی مثبت کوششوں سے سلجھ سکیں گے۔ شریک حیات سے تعاون کرنے سے آپ کو مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔
(9 تا 16) خود اعتمادی آپ کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔ یہ وقت ہے کہ ذاتی مقاصد کے تکمیل ہونے کا امکان ہے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی شر پسند عناصر کی ریشہ دارنیوں سے بچیں۔ کسی گھریلو مشکل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ قانونی مسائل میں الجھنے سے حتیٰ الامکان گریز کریں۔ شریک حیات کا تعاون شامل حال رہے گا۔ اس ہفتہ کے دوسرے افراد آپ کو سحر انگیز شخصیت اثر انداز ہوگی شہر کے باہر سفر پیش آنے کا امکان ہے۔
(26 تا 28) نئے معاہدہ طے کرسکیں گے آپ کی سماجی تقریبات میں مصروفیت بڑھے گی۔ گھریلو کاروباری اور خاندانی امور توجہ طلب ہونگے معاون افراد کے ساتھ تعاون کرنے سے آپ ترقی کرسکیں گے۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

مارچ

(یکم تا 8) لین دین کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ قانونی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ کوئی اہم معاہدہ کرسکیں گے اس ہفتہ خرید و فروخت کرسکیں گے گھریلو آرائش وتزئین کی طرف رجحان رہے گا غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کریں ذرائع ابلاغ سے مستفید ہوسکیں گے۔ کوششوں سے کامیابی حاصل کرسکیں گے اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع حاصل ہوسکیں گے
(9 تا 16) رومانوی ماحول میسر آئے گا۔ اس ہفتہ کاروباری اور سرمایہ کاری کے معاملات ترقی رہیں گے۔ شریک کار کا تعاون بھی شامل حال رہے گا۔ چھوٹے سفر پر جانے کا امکان ہے۔ ان ایام میں مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرسکیں گے کسی اہم شخصیت سے ملاقات ہوگی۔
(17 تا 25) اس ہفتہ خاندانی اور جائیداد کے معاملات طے کرسکیں گے۔ رومانوی ماحول سازگار رہے گا روپے پیسے کے معاملات میں مشکلات پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ سماجی کاموں میں مصروفیت بڑھے گی نئے دوست بنا سکیں گے۔
(26 تا 31) کسی اہم شخصیت سے فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ کوئی نیا کام شروع کرنے سے پہلے چھان بین کرنا بہتر رہے گا۔ صحت جسمانی کے معاملات میں احتیاط کرنا ضروری ہوگا۔ ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط کریں۔ لاپرواہی سے ناگہانی حالات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ ،ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان ادارہ روحانیات

اپریل (یکم تا8) آپ کی مقبولیت میں کمی آسکتی ہے بچوں کی جانب خاص توجہ دیں خاموشی میں ہی بھلائی ہے۔ملازم پیشہ افراد کو ان دنوں خوشخبری مل سکتی ہے سفر کرنا بھی فائدہ ثابت ہوگا لیکن ایک نقصان ابھی تک آپ کے سر پر کھڑا ہے یانافع کا ورد 114 بار بعد نماز فجر ایک ہفتہ تک کریں۔ یہ نقصان نفع میں تبدیل ہوسکتا ہے۔مجموعی طور پر کامیابی ہے رکے ہوئے کاموں کا نمٹائیں اور اہم فیصلے کرنے میں دیر نہ کریں۔

(9 تا16) شریک حیات کو اہمیت دینے سے بگڑا ہوا مسئلہ حل ہوسکتا ہے غیر شادی شدہ ہیں تو فی الوقت آئندہ کی بہتر کیلئے منصوبہ بندی کریں۔وہ کام جن کو آپ نے التواء میں رکھا ہوا تھا ان دنوں میں مکمل کرلیں۔صحت کا خاص خیال رکھیں اس ہفتہ کچھ ناکامیاں بھی ہوسکتی ہیں لیکن اپنی ذہن پر کسی بھی ایسی بات کو سوار نہ ہونے دیں مالی کا بھی اندیشہ ہے۔شریک کار تعاون حاصل رہے گا۔اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔

(17 تا25) ان ایام میں ان پرانے دوستوں سے ملیں جن سے آپ کی ذہنی آہنگی ہوگی کسی تقریب میں شرکت کے مواقع میسر آئیں گے۔آپ کی شخصیت دوسروں کو متاثر کرے گی عزیز واقارب اور دوستوں سے مراسم خوشگوار ہونے کی امید ہے۔آپ کو اپنی محنت کاروبار میں ترقی اور نئی راہیں نکالنے کے لئے آپ کی مدد ثابت ہوگی۔ان ایام میں دوستوں سے فائدہ حاصل کرسکیں گے۔جلد بازی نقصان دہ سکتی ہے۔

(26 تا30) اس ہفتہ صحت کی جانب توجہ کریں خصوصاً میڈیکل چیک اپ کروائیں خواہشمند افراد کو حسب خواہش ملازمت ملنے کا امکان ہے۔شریک حیات اور بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔تعلیمی مقاصد میں بھی ترقی کرسکیں گے۔دور دراز کا سفر کرنا بہتر رہے گا۔مستقبل کے لئے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کرسکیں گے۔آپ کے گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا اور گھریلو اور خاندانی معاملات آپ کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

مئی (یکم تا8) ان ایام میں مالی معاملات توجہ طلب ہونگے اور اپنے راستے میں آنے والی مشکلات کو حل کرنے کے لئے آپ کو ہمت اور محنت سے کام کرنا پڑے گا۔شریک حیات کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کریں اپنی صحت جسمانی کی طرف سے آپ کو پریشانی کا امکان ہے لہذا لاپرواہی کا مظاہرہ پریشانی میں مزید زیادتی کا سبب بن سکتا ہے۔ازدواجی معاملات بہتری کی جانب آجائیں گے آمدنی بڑھے گی

(9 تا16) اس ہفتہ سیارہ مریخ جو ہمت طاقت بہادری کا حاکم سیارہ ہے 16 مئی کو آپ کے برج میں ہوگا یہ برج اس کے لئے (خانہ ہبوط) نحس ہے۔اس برج میں اس کا قیام 2 جولائی تک ہے۔نقصان کا اندیشہ ہے صدقات مسلسل دیتے رہیں۔اونچائی سے گر کر جسمانی نقصان ہوسکتا ہے۔پانی والی جگہ سے بھی پھسل سکتے ہیں بہتر ہوگا کہ اس دوران ندی دریا سمندر تالاب پانی کے نزدیک جانے سے گریز کریں۔

(17 تا25) ذہنی دباؤ سے بچیں بلڈ پریشر زیادہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں جو ہونا ہے وہ ہو کر رہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ خیرات دے کر گھر سے نکلیں۔مالی فائدہ متوقع ہے۔تحریری معاہدے کرتے وقت خوب سوچ سمجھ کر کام لیں۔شریک حیات سے تعلقات بہتر ہوسکتے ہیں۔خوش اسلوبی سے مسائل کو حل کرنے سے بہت سی خرابیوں سے بچ جائینگے اخراجات کنٹرول میں کرلیں۔فضول خرچی سے گریز کریں۔

(26 تا31) کسی عزیز سے اچانک ملاقات سے کاروبار میں بہتری ہوگی ان کے تجربہ سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے کے لئے آپ کو سخت محنت درکار ہوگی۔شرپسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں۔ٹریفک کے امور احتیاط طلب ہونگے قانونی امور میں آپ کی مصروفیت بڑھنے کا امکان ہے۔ازدواجی زندگی خوشگوار رہے گی اس ہفتہ آپ کو اپنی صحت کے لئے آرام کی ضرورت ہوگی۔

جون (یکم تا8) ایک موقع اس ہفتہ ملنے کا امکان ہے آپ کو اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے مقصد میں کامیابی کی جانب اشارہ بھی ملتا ہے۔شریک حیات سے تعلقات خلاف توقع بہتر ہونگے معمولی باتوں کو درگزر کردیں۔قریبی عزیزوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے یا کسی پنچایت میں فیصلہ حاصل کرنے کے لئے یا کسی شخص پر مقدمہ دائر کرنے کے لئے 05 تا 27 جون اہم ہیں اس وقت عطارد آپ کے برج میں ہوگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ کی 15 اور 16 تاریخیں نئے کام کے آغاز کرنے کے لئے بہتر اور مبارک ہیں۔کوئی دیرینہ خواہش پوری ہونے کا امکان ہے اپنے اردگرد کے افراد سے رکھی گئی امید پوری ہوسکے گی۔چند سرطانی غیر شادی شدہ افراد کی شادی، نکاح یا منگنی ہونے کا امکان ہے اہم فیصلے کرنے میں بزرگوں کی مدد لینا بہتر رہے گا اور اندرون ملک چھوٹے سفر پیش آئیں گے کوئی اہم مہمان آنے کی توقع ہے خوشی کا احساس ہوگا۔

(17 تا25) عزت، مال دولت کا سیارہ شمس آپ کے برج میں داخل ہورہا ہے مالی معاملات درست ہوں گے۔اچھا خاصا منافع حاصل ہوگا۔کاروبار میں لگایا گیا سرمایہ دوگنا ہوسکے گا۔درست فیصلے لینے کا اچھا وقت ہے۔شمس کا قیام آپ کے برج میں 21 جون تا 23 جولائی رہے گا۔

(26 تا30) عزیز واقارب سے مراسم خوشگوار ہونے کی توقع ہے۔آپ زندگی میں نئی راہیں تلاش کرنے میں سرگرم عمل رہیں گے کوئی خوشخبری بن سکیں گے اس ماہ چھٹیوں کو کسی تاریخی مقامات کی سیر کرسکیں گے۔آپ کی شخصیت میں اضافہ ہوگا۔سماجی تقریبات میں شرکت کرسکیں گے۔اہم امور کی انجام دہی بہتر طور پر ہوسکے گی رومانوی ماحول میں راز کے افشاء ہونے کا خدشہ ہے۔زندگی کو بھرپور انجوائے کریں۔

جولائی (یکم تا8) ان ایام میں کچھ بھی ہوسکتا ہے آپ کو اچھی اور بری دونوں خبریں مل سکتی ہیں۔03 تا28 جولائی پیار محبت کا سیارہ زہرہ آپ کے برج میں رہے گا۔ یہ بہت اچھی خبر ہے۔ مزاج میں نرمی عشق محبت کا عنصر غالب رہے گا۔ ایک بری خبر یہ کہ ان ایام برج سرطان میں مکمل سورج گرہن بھی قائم ہورہا ہے جس بناء پر اگر آپ نے کسی بھی معاملہ میں لاپرواہی غفلت برتی مالی یا جسمانی نقصان متوقع ہے۔

(9تا16) برج سرطان میں 16 جولائی کو لگنے والا چاند گرہن، بنتے ہوئے معاملات کو بگاڑ سکتا ہے۔ فی الوقت سفر کا ارادہ ملتوی کردیں شریک حیات سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔ سمندر، دریا اور نہر کے قریب جانے سے گریز کریں۔ یہ نحس حالت آپ کے حاکم سیارہ کو مزید کمزور کردیگی جس کا نتیجہ میں سفر، عشق محبت کے معاملات میں ناکامی کا اندیشہ ہے۔ اگر اس ہفتہ منگنی یا نکاح کی رسم کا ارادہ ہے تو ملتوی کردیں۔

(17تا25) اس ہفتہ سماجی معاملات توجہ طلب ہونگے۔ روپے پیسے کے معاملات آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کریں گے سفر کے امکانات روشن ہیں۔ سماجی تقریبات میں شرکت کرسکیں گے لین دین کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ شریک کار کا تعاون کاروبار میں نہایت معاون مددگار ہوگا کسی بچھڑتے ہوئے دوست یا عزیز سے اچانک ملاقات خوشی کا باعث ہوگی۔

(26تا31) کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی مہمانوں کی آمدورفت رہے گی۔ تفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے ذرائع ابلاغ سے مستفید ہوسکیں گھریلو معاملات آپ کی توجہ کے طالب ہونگے۔ آمدن واخراجات میں توازن قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ تاکہ بوقت ضرورت پریشانی نہ ہو۔ اس ہفتہ کے وسط میں نئے معاہدے عمل میں آئیں گے فروخت کے مواقع راس آئیں گے۔ سیر وتفریح کا پروگرام بن سکتا ہے۔

اگست (یکم تا8) کچھ کام ایسے ہوتے ہیں جنہیں وقت پر کرلینے سے زیادہ بہتری ہوتی ہے اس ماہ یکم اگست کو سیارہ عطارد اپنی اصل قوت اور مستقیم حالت میں آرہا ہے۔ مثبت اشارہ ہے لہذا یہ بہترین وقت ہے کہ آئندہ کیلئے لائحہ عمل تیار کریں اولاد پر خصوصی توجہ دیں۔

(9تا16) قانونی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا سفر کے پرگرام بنا سکیں گے کاروبار میں غیر متوقع منافع حاصل ہونے کی امید ہے گذشتہ کی گئی کوششوں کے صلہ میں کامیابی حاصل کرسکیں گے۔ موسم کے اثرات سے بچنا ضروری ہوگا۔ سیر وسیاحت شوق کی تکمیل کرسکیں گے۔ دوسرے افراد کے تعاون سے کام بہتر طور پر انجام پائیں گے۔ مصروفیات میں اضافہ ہوگا اور غیر سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔

(17تا25) اس ہفتہ کے آخری ایام میں آپ کو کاروباری افراد کے ساتھ مل کر کاروبار کرنے میں منافع حاصل ہوگا مجموعی طور پر آپ کا یہ ہفتہ کاروباری لحاظ سے سودمند اور منافع بخش ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا اہم امور کی انجام دہی کرسکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ماحول سے فائدہ حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ لباس میں سفید رنگ استعمال کریں۔

(26تا31) ان ایام میں شکوک وشبہات سے خانگی امور میں ناچاقی کی فضا پیدا ہوگی۔ لہذا فضول اور بے معنی قسم کی باتوں پر بالکل دھیان نہ دیں تاکہ پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ کاروباری اور قانونی معاملات آپ کو مشکلات میں اضافہ کریں گے اختلافات میں پڑنے سے گریز کریں شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔ شادی شدہ افراد کے لئے عزیز واقارب کی طرف سے پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

ستمبر (یکم تا8) نچلے درجے کے ملازمین سے محتاط رہیں۔ مہمانوں کی آمدورفت جاری رہے گی۔ 5اور6 کو کوئی اچانک خوشخبری سن سکیں گے اس ہفتہ ملازمت، کاروبار اور صحت کے بارے میں اہم اور فائدہ مند اقدامات کرسکیں گے۔ اس ہفتہ کے وسط میں آپ کو اپنی صحت جسمانی کے بارے میں اہم فائدہ اقدامات کرسکیں گے۔ یاد رکھیں آپکی ذراسی کوتاہی یا لاپرواہی مرض میں اضافہ کرسکتی ہے۔

(9تا16) یہ ہفتہ آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے لیکن شروع کی تاریخیں خوشخبری لاسکتی ہیں۔ عزیز واقارب کی جانب سے ایک اچھا پیغام مل سکتا ہے سیارگان کی نشست کے باعث چند سرطانی افراد کے رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کا امکان ہے لیکن آپ کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں احتیاط برتنا ہوگی ایک قریبی عزیز کی جدائی کا خطرہ ہے۔ ایسے حالات بھی پیدا ہوسکتے ہیں جو کہ آپ کے لئے پریشانی کا باعث بنیں۔

(17تا25) اولاد کی جانب سے کسی نقصان کا خطرہ ہے دوران سفر احتیاط برتیں ورنہ کوئی بڑا نقصان ہوسکتا ہے ایک شخص آپ کے فائدہ کی بات کررہا ہے۔ آپ کو اس سے مراسم قائم کرلینے چاہیئے ورنہ ایسا نہ کرنے میں نقصان آپ کا ہی ہے۔ اس ہفتہ احتیاط کرنا ہوگی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بگڑے ہوئے حالات بہتری کی طرف آجائیں گے۔ جنس مخالف میں سے ایسا ہمدرد اور مخلص دوست ملے گا کہ جو آپ کی توقعات پر پورا اترے گا۔

(26تا30) اگر دوستی دوستی ہی رہے زیادہ بہتر ہے مگر یاد رکھیں آپ اس دوستی کا ناجائز فائدہ ہرگز نہ اٹھائیں ورنہ سانپ پھنکارنے کے علاوہ آپ کو ڈس بھی سکتا ہے۔ معمولی دشمن کو بھی معمولی نہ جانیں۔ ایسے حضرات جن کا پیشہ تجارت ہے اس ہفتہ کافی فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ شریک حیات سے اختلاف ہوسکتا ہے۔ 28,29,30 ستمبر کو انعامی اسکیمیں فائدہ دے سکتی ہیں ان ایام میں آپ کا لکی عدد 693 ہے۔

زمیندارہ نیوز ایجنسی، جناح روڈ ساہیوال 0344-6804050 ادارہ روحانیات

اکتوبر:- (یکم تا8) آپ کو اس ہفتہ ایسے سخت حالات سے گزرنا پڑے گا جو کہ آپ کے خلاف توقع ہیں ایک شخص سے انتہائی دکھ اور رنج پہنچے گا آپ نے اس سے جو توقعات وابستہ کی ہوئی تھیں وہ ان پر ہرگز پورا نہ اترا خصوصاً 04 تا 07 اکتوبر لڑائی شروع ہونے کا خدشہ ہے۔
(9تا16) گھریلو معاملات پر بھرپور توجہ دیں ورنہ حالات آپ کے اختیار سے باہر ہو جائینگے اور پھر وہ محبت جس کو قائم کرنے میں آپ نے ایک وقت گزارا چند منٹوں میں ہی نفرت میں بدل سکتی ہے۔ اس ہفتہ مالی نقصان کا خدشہ ہے ذہنی طور پر آپ منتشر رہیں گے ایسا نہ سوچیں کہ سب مصیبتیں آپ ہی کیلئے ہیں۔ اس ہفتہ کے شروع سے ہی معمولات بہتری کی طرف آجائیں گے۔ 11 تا 13 اکتوبر صلح کے لئے اچھے ایام ہیں۔
(17تا25) عزیز واقارب سے لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے مگر ایک دوست سے فائدہ ملنے کا امکان ہے۔ تیز دھار آلات آگ اور لوہے کے استعمال کی اشیاء نہایت احتیاط سے برتیں زخمی ہونے کا خدشہ ہے بہتر ہے کہ منگل کے روز گوشت کا صدقہ دیں۔ اگر کاروباری تبدیلی چاہتے ہیں تو اس ہفتہ فائدہ ممکن ہے ایک نیا دوست بن جانے کا امکان ہے لیکن اس کے مطلب کو ابھی آپ نہ پہچان سکیں گے۔ چند دنوں بعد وہ خود بخود ظاہر کردے گا۔
(26تا31) ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ احتیاط برتیں۔ افسران بالا سے بنا کر رکھیں اگر آپ نے غلط بیانی سے کام لیا تو لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔ بوڑھی عورت یا بزرگ خاتون سے فائدہ مل سکتا ہے یہ بزرگ خاتون آپ کی والدہ یا خاندان کی کوئی دوسری عورت بھی ہو سکتی ہے۔ امتحان کا وقت ہے نہایت احتیاط سے یہ وقت گزارنا ہوگا اس احتیاط میں گھریلو اور کاروباری جسمانی اور روحانی ہر طرح کا خیال رکھنا ہوگا۔

نومبر (یکم تا8) 7 تاریخ رومانس لئے بہتر رہے گی۔ سرمایہ کاری کرنے کی خواہش کی تکمیل ہو سکے گی اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کے لئے محنت کی ضرورت ہوگی اور اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے رومانوی ماحول خوشگوار رہے گا۔ رازافشاء ہونے کا اندیشہ ہے۔ رازداری میں احتیاط برتیں اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے میں کوشاں رہیں گے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔
(9تا16) آپ کو ایک خوشخبری مل سکتی ہے۔ ایک نادر موقع ملنے والا ہے۔ اس وقت زائچہ کے مطابق آپ کا خانہ مال زیادہ طاقت میں ہے لیکن اخراجات بھی اتنے ہیں۔ قریبی عزیزوں اقارب سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ بات بات پر غصہ کا اظہار کرنا آپ کے لئے اچھا نہیں ہے ایک دیرینہ الجھا ہوا مسئلہ اس ہفتہ حل ہو جائیگا۔ نئی جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے یہ ماہ اچھا ہے ایسے افراد جو تعلیم حاصل کر رہے رہیں
(17تا25) ممکن ہے کہ ان دنوں ایسے حالات پیدا ہوں آپ جنس مخالف کی محبت میں مبتلا ہو جائیں تعلیمی میدان اور محبت دونوں میں کامیابی حاصل ہوگی سیارہ عطارد جو کہ تعلیم سے منسلک ہے آپ کے زائچہ میں اچھی حالت میں موجود ہے۔ آپ کو ایسی زندگی گزارنی چاہئے کہ جس میں آپ سر اٹھا کر جی سکیں اس ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا انتہائی بے وقوفی ثابت ہوگا۔ بچی ہوئی رقم کسی دوسرے مصرف میں لے آئیں۔
(26تا30) آپ بگڑے ہوئے معاملات کو بڑی آسانی سے سلجھا سکتے ہیں۔ سیارگان کی گردش ان ایام بہت سی منفی تبدیلیاں لارہی ہے لیکن اس ہفتہ آپ کا سیارہ بہت تیزی سے اتار چڑھاؤ کی جانب جارہا ہے۔ سردرد کی شکایت بڑھ سکتی ہے۔ ڈپریشن اور نظر کی کمزوری بھی ہو سکتی ہے۔ آپ کو ان کا باقاعدہ علاج کروانا چاہئے یا پھر سیاہ اناج کا صدقہ ہفتہ کے روز دیں۔ تو یقیناً اس پریشانی سے نجات مل جائیگی۔

دسمبر (یکم تا8) نئی جائیداد کی خرید کرنے سے قبل مخلص دوست سے مشورہ کرلیں اس ہفتہ خریدی ہوئی جائیداد فائدہ دے گی۔ اچانک کثیر رقم ملنے کا امکان ہے۔ ایک پریشان دوست سے مل کر خوشی حاصل ہوگی ایک شخص جسے آپ غیر اہم سمجھتے تھے ایسے موڑ پر آپ کا ساتھ دے گا جس کی آپ کو اس سے توقع نہ تھی مان لیں کہ کبھی کھوٹا سکہ بھی کام آجاتا ہے۔ خیال رکھیں بھائی یا والدہ کی طبیعت ناساز ہو سکتی ہے۔
(9تا16) ایک قریبی شخص آپ کو دھوکہ دینا چاہتا ہے۔ بہت احتیاط برتنا ہوگی اپنی رقم محفوظ رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل اہم اشیاء کو تالے میں رکھ کر اپنی تسلی کرلیں۔ دشمن اب بھی آپ کے تعاقب میں ہے اپنی کمزوریاں ان لوگوں میں بیاں نہ کریں جن کے لئے بظاہر آپ اہم ہیں ورنہ ایک بدنامی آپ کے سر آجائیگی۔ سفر باعث برکت رہے گا شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر بنالیں ماحول بہتر ہو جائے گا۔
(17تا25) اگر آپ کاروباری ہیں تو کچھ نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا اور اگر آپ کا تعلق ملازم پیشہ افراد سے ہے تو افسران بالا کی جانب سے اچھی خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ 22 تا 26 دسمبر انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے لئے اچھا نہیں ہے ایسا کرنے سے آپ اپنا نقصان کر بیٹھیں گے۔ پریشانی زیادہ ہونے کی وجہ سے سر میں درد ہو سکتا ہے۔ لیکن دوسروں کی باتوں میں آکر آپ اپنا بلڈ پریشر ہائی نہ کریں۔
(26تا31) اس ہفتہ بالہ دار سورج گرہن ہو رہا ہے کسی حادثہ کی وجہ سے مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا ارادہ کسی دوسرے شہر میں سفر کرنے کا ہے تو فی الوقت اپنے پروگرام کو ملتوی کردیں اور آئندہ ماہ نیا شیڈول ترتیب دیں۔ اپنا دھیان عبادت الٰہی کی جانب رکھیں کچھ بدگو لوگ آپ کے خلاف باتیں کر رہے ہیں۔ آپ ان باتوں پر دھیان نہ دیں۔ آپ اپنی بہتری کے متعلق جو کچھ سوچ رہیں ہیں وہ درست ہے۔

LEO

تاریخ پیدائش:۔ 24 جولائی تا 23 اگست | نام کا سر حرف:۔ م، ٹ | موافق دن:۔ اتوار | حاکم سیارہ:۔ شمس

اسد

خاصیت:۔ مہربان، بے غرض، حق پسند

امراض:۔ مرگی، ریڑھ کی ہڈی کے امراض، درد شانہ، قلب

نائص خصلت:۔ مستقل جلد باز، غلط فہمی میں مبتلا ہونے والا

موافق عدد:۔ 1

موافق پتھر: ہیرا، الماس

موافق رنگ: گولڈن، نارنجی، پیلا، آتشی گلابی

جنوری (یکم تا 8) شمس قران زحل کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ اثرات اس ہفتہ رہیں گے۔ ان ایام میں ایسا کوئی قدم نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں پریشانی کا سفر کرنا پڑے گا۔ ابھی آپ کا سیارہ توازن میں نہیں اس دوران کسی بزرگ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ اس لئے اہم ہے کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس ہبوطی درجات سے گزر رہا ہے۔ یہ نحس قوت ہے جو کہ آپ کو کمزور کر دیتی ہے اس ہفتہ انتہائی محتاط رہنا ہوگا۔ بڑی پریشانی یا مالی نقصان بھی در پیش آسکتا ہے۔ مالی لین دین میں کسی پر بھروسہ نہ کریں دھوکہ مل سکتا ہے۔ فی الوقت حالات بہتر نہیں۔ لوح شرف شمس کا آپ کے پاس ہونا اس پریشانی سے بچنے کا رستہ ہے یہ لوح ادارہ سے منگوا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) یہ ایام ماضی کی کوششوں کا اثر لائیں گے نئی راہیں کھلیں گی اس وقت جو بھی موقع ملے اس سے فائدہ اٹھائیں۔ ان دنوں وہ افراد جو کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہے۔ خوشی کی تقریب یا کوئی نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں۔ یہ وقت ان کے معاملات میں آسانی لائے گا۔

(26 تا 31) عطارد شمس قران کے تحت ان ایام میں آپ کی رقم ضائع ہوسکتی ہے اس دوران قیمتی اشیاء کی چوری کا بھی خدشہ ہے۔ بظاہر اپنے ہمدرد پر بھی اعتبار نہ کریں اگر آپ نقصان سے بچنا چاہتے ہیں تو کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ عزیز واقارب سے کسی بارے میں بھی جھگڑا مول نہ لیں۔ بیماری کا بھی خطرہ ہے ناکہانی طور پر بلڈ پریشر کی شکایت بھی ہوسکتی ہے۔ یہ نظر ایک نقصان کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ لکی عدد 51 ہے

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ شمس تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں انعامی اسکیموں میں کامیابی ہوگی۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے قیمتی اشیاء کی خریداری کر سکتے ہیں۔ کاروباری ترقی ہوگی مالی فائدہ ممکن ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) کاروباری مالی معاملات کے لحاظ سے یہ ہفتہ موافق ثابت ہوسکتا ہے۔ جس سے غیر متوقع فائدے کی نشاندہی ہو رہی ہے اس کے علاوہ مالی معاملات طے کرنے یا موجودہ کاروباری اور مالی سرگرمیوں کو وسعت دینے یا نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے موافق وقت ہے۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ قانونی اور دفتری معاملات میں بھی مسائل لائے گا۔ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات پر زبردست دباؤ لائے گا۔ اس ہفتہ بعض اوقات زائد کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا لیکن یہی چیز مستقبل میں آپ کے کام آئے گی۔ مستقبل میں ترقی کے لئے منصوبہ بنیادیں رکھنے کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں اس وقت صبر و تحمل اور ثابت قدمی سے کام لیں۔ اپنی صلاحیتوں کو زنگ آلود نہ ہونے دیں۔

(26 تا 28) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ بزرگوں سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔ خوف اور بزدلی کی کیفیت کو دور کرنے کیلئے سلام مریخ کا ورد کریں اس دوران نگینہ مرجان اور زبرجد کا استعمال آپ کیلئے فائدہ کا باعث ہوگا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 1.6 ہے۔

مارچ (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آجائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہوجائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپکو خوش نہیں دیکھ سکتے اپنے راز کسی کو نہ بتائیں دل کی بات دل میں رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ بولتے وقت محتاط رہیں زیادہ بولنے سے آپ راز کھولنا شروع ہوجاتے ہیں۔ اپنے اسم الہٰی کا ورد بھی کریں۔

(17 تا 25) آپ کا ذاتی سیارہ عطارد قران شمس سے نظر قائم کر رہا ہے۔ یہ ایام پریشانی کے باعث صحت کے خراب ہونے کا خدشہ ہے ایک بدنامی آسکتی ہے رقم کے لین دین میں تحریری معاہدہ لازمی کریں اور کسی بھی قسم کی تحریر سے قبل اچھی طرح چھان بین کرلیں ورنہ ذرا سی بے احتیاطی آپ کو عدالت کے چکر لگوا سکتی ہے۔ دوسروں کی مالی اعانت بھی نقصان دے ثابت ہوسکتی ہے۔ برج کے مطابق صدقہ دیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آخری ایام میں تفریحی یا کاروباری غرض سے بھی سفر اختیار کیا جاسکتا ہے جو کہ اطمینان بخش اور مفید ثابت ہوگا۔ اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے نہ صرف یہ ہفتہ موافق ہوگا بلکہ اس ہفتہ کے بعد سے کسی بھی وقت کا انتخاب کیا جاسکتا ہے آپ کو کسی نئی پیشکش کو قبول کرتے ہوئے صرف محتاط رہنا چاہئے۔ یہ وقت کاروباری سرگرمیوں اور آمدنی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں کے لئے موافق ہوگا۔

ادارہ روحانیات — خلجی نیوز ایجنسی، منڈی حاصل پور 0306-5507693

اپریل (یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس درجہ شرف سے گزر رہا ہے جو کہ سعد حالت میں ہوگا۔ وہ افراد جو کہ عزت مال و دولت کے خواہشمند ہوں تو اس نادر وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اپنے لئے نگینہ یا لوح شرف شمس خاص طور سے تیار کروائیں۔ جس کی برکت سے بہت سی خواہشات کی تکمیل ہو سکتی ہے یاد رکھیں کہ یہ نایاب وقت دوبارہ 1 سال بعد آئیگا۔ بزرگوں کا تعاون آپ کے لئے فائدہ مند اور مفید ہوگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ شمس تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ بہت سی باتوں میں احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے غیر محتاط رویہ کئی مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ کچھ لوگ آپکو بھڑکا کر اپنا مفاد حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ کو ہوش و حواس میں رہ کر تمام فیصلے انجام دینے ہیں۔ بلی کو دیکھ کر آنکھیں بند کرنے سے خطرہ نہیں ٹلے گا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے فی الحال کچھ حاصل نہ ہوگا۔ آپ پریشانی کے سبب بیمار بھی ہو سکتے ہیں۔

(17 تا25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے یہ نظر زبردست مالی فائدہ لائے گی کیونکہ شمس مال و دولت پر حکومت کرتا ہے۔ چنانچہ کچھ افراد کو انعامی اسکیموں میں کامیابی کاروباری فائدہ اور تجارت میں زبردست مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ لکی عدد 13,31 ہے۔ مالی فائدے حاصل کرنے کیلئے اس نایاب وقت میں لوح حصول مال و دولت بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ یہ لوح ادارہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

(26 تا30) برج اسد سے متعلقہ وہ افراد جنہوں نے ابھی اپنے مستقبل کا انتخاب نہیں کیا ہے ان کے لیے حالات خود بخود ایسا رخ اختیار کر لیں گے جو ان کے لئے موافق ثابت ہونگے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائیں خوش امیدی، وسعت اور خوش بختی آئیگی لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک قسم کی بے چینی پیدا ہوگی۔ یہ ایام آپ کو اس قابل بنا دیں گے کہ نئے خیالات اور اسکیموں کو بہترین طریقے پر استعمال کر سکیں۔

مئی (یکم تا8) اس ہفتہ وہ اسدی افراد جو یہ محسوس کریں کہ زندگی یا شخصیت کے کسی پہلو کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے تو اب وقت آ گیا ہے کہ اس سلسلے میں مثبت قدم اٹھائیں۔ نئی جگہیں دیکھنے، سفر اور تعلیم کے ذریعے معلومات میں اضافہ کرنا چاہیں گے۔ آپ میں وسعت نظر پیدا ہوگی۔ آئندہ کے بارے میں سوچنے اور ذہن کو وسعت دینے کا خیال پیدا ہوگا۔ باقوت اثرات ظاہر ہوں گے۔ تعلیمی سفر کا امکان ہے۔

(9 تا16) ان ایام میں خواتین میں پوشیدہ مرض پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ بزرگوں سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔ ان ایام میں قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت بھی فائدہ دے سکتی ہے خصوصاً زیورات کی خریداری کا اچھا وقت ہے۔ دل میں خوشی کا احساس ہوگا۔ کاروبار میں وسعت آئیگی۔ اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جان لیں ہر فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا۔ اہم معاہدے پر دستخط کر سکیں گے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کر لیں۔

(17 تا25) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ ان اثرات کی وجہ سے مقدمہ میں کامیابی ہوگی کاروبار میں ترقی ہوگی ذرائع آمدن بڑھے گا۔ عزیزوں اقارب سے فائدہ ہوگا۔ بہتر ہے کہ اپنے برج کے مطابق اپنا صدقہ دیں اور اپنے بزرگوں سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔ شراکتی امور میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ نحس سیاروں کے اثرات معاملات میں سست روی لائیں گے۔

(26 تا31) یہ ایام لین دین کے معاملات میں دوسروں کا حلفی اعتماد نقصان دہ ثابت ہوگا دوسروں کی مالی اعانت بھی نقصان دہ ثابت ہوگا سر اور ٹانگ درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ آپ اور اہل خانہ کی صحت جسمانی خراب رہے گی اس ہفتہ کیا گیا سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا ازدواجی امور کی انجام دہی محتاط روی سے کام کریں تو بہتر ہوگا مگر زمین و جائیداد سے متعلقہ امور و معاملات حل نہ ہو سکیں گے۔ سبز رنگ فائدہ مند ہے۔

جون (یکم تا8) اس ہفتے باحیثیت حضرات سے وابستہ توقعات پوری ہونگی۔ ان کی امداد تعاون کے زیر غور پروگراموں کی تکمیل ہوگی کاروباری اغراض کے تحت اگر سفر کی ضرورت پیش آئے تو سفر بہتر رہے گا کسی گھریلو خوشی کا بھی ہونا پایا جاتا ہے۔ کوئی انعام بھی نکل سکتا ہے۔ قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ آپ کے لئے کوئی گہرے رنگ کا نگینہ پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔ انعامی اسکیموں لاٹری یا بانڈ سے بھی فائدہ ہوگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ شمس مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت آپ فی الحال جائیداد کا لین دین نہ کریں تو اچھا نقصان کا اندیشہ ہے۔ کاروبار کرتے وقت محتاط رہیں کسی بھی اہم کاغذ پر بنا سوچے سمجھے دستخط نہ کریں کوشش کریں کہ پہلے کسی سے مشورہ لازمی کریں۔

(17 تا25) زائچہ کے سیارگان قدرے سعد حالت ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ بہترین بسر ہوگا۔ دوسروں سے مخالفت کا اندیشہ ہے احتیاط سے قدم اٹھائیں۔ کاروباری امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی ترقی کے لئے کی گئی کوششیں کامیاب ثابت ہونگی دوسروں کو شریک کار کر لینا بھی بہتر ہوگا۔ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں، مشترکہ حصص، اسٹاک، اور شیئرز وغیرہ کے لئے یہ ہفتہ موافق ثابت ہوگا۔

(26 تا30) ان دنوں تحائف اور مالی وصولیوں کا امکان ہے۔ اس ہفتہ اگر چندہ جمع کرنے والی کسی اسکیم میں شامل ہیں تو بغیر کوشش کے معلوم ہو جائے کہ رقم کہاں سے مل سکتی ہے۔ شادی شدہ افراد کو سال ختم ہونے سے پہلے شریک زندگی کے ذریعے کوئی فائدہ ملے گا۔ خفیہ امور کی انجام دہی انجام کی ہے کوئی غلط قدم نقصان دہ ثابت ہو سکتا۔ ملازمتی فرائض کی باحسن بجا آوری سے مادی فوائد کی توقع نہ رکھیں۔

الکریم نیوز ایجنسی، کچہری بازار اوکاڑہ 0345-7526419 ادارہ روحانیات

جولائی (یکم تا8)اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔اپنی قوت اور دائرہ اختیار کو بڑھانے اور مقبولیت کے لئے اعلی عہدوں پر فائز لوگوں سے ملنے کے لئے نحس وقت ہے۔کاروباری عملی اقدام کرنا مفید نہ ہے۔ان ملازمین سے جو آپ کی پوزیشن کے ہوں۔اعلی طبقہ کے لوگ، حکام اعلی سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔کاروباری نئی سرمایہ کاری کرنے کے لئے بھی مناسب وقت نہیں ہے۔
(9تا16) شمس عزت،مال اور دولت کا حاکم سیارہ شمس جوکہ آپ کے برج کا مالک ہے اس ہفتہ سعد اوجی درجات سے گزر رہا ہے۔خاص اوقات میں مالی معاملات کی درستگی کیلئے لوح یا نگینہ اوج شمس پاس رکھنا آپ کیلئے سعادت کا باعث ہوسکتا ہے۔یہ روحانی تبرکات ادارہ سے منگوا سکتے ہیں۔
(17تا25)اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔اس نظر کے اثرات کے تحت مقدمہ میں کامیابی' پنچایتی فیصلے آپکے حق میں ہونگے۔پیچیدہ امراض سے نجات' الیکٹرونکس کی اشیاء' زمین کی خریداری کر سکتے ہیں۔تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔عزیز و اقارب سے فائدہ ہوگا۔بہتر ہے کہ اپنے برج کے مطابق اپنا صدقہ دیں اور بزرگوں سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔کاروباری پوزیشن مستحکم کر سکیں گے۔
(26تا31)اس ہفتہ عشق پیار محبت کا سیارہ زہرہ آپ کے برج میں داخل ہورہا ہے یہاں اس کا قیام 21اگست تک رہے گا۔اس عرصہ کے دوران محبوب کو محبت کا پیغام ارسال کر سکتے ہیں۔رومانوی ماحول میسر آئے گا۔ناراض دوستوں کو منا سکتے ہیں۔شریک حیات سے پیار بھرا لہجہ رکھیں۔اسدی افراد کے لئے نکاح اور شادی کا مناسب وقت ہے۔چند اسدی افراد نکاح یا منگنی کے رشتہ سے بھی منسلک ہوجائیں گے۔

اگست (یکم تا8)ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات مکمل طور پر اس ہفتہ رہیں گے۔مالی اسکیموں میں حصہ لینے کے لیے مناسب وقت ہے۔کہیں سے مفت کی دولت بھی مل سکتی ہے۔لیکن کاروبار پر توجہ دینے سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔لکی عدد 3,9 ہے۔یاد رکھیں اس ہفتہ اگر آپ نے کسی کو ادھار رقم دی تو ہرگز واپس نہ ملے گی بلکہ تعلقات خراب ہوجائیں گے۔
(9تا16)خواتین اپنے لئے ڈائمنڈ یا گولڈن جیولری خرید سکیں گی۔سیارہ شمس اسد کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کررہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ایسے افراد جو کہ شریک حیات سے بے حد محبت کرتے ہے اس ہفتہ گولڈ کی جیولری تحفتاً دینے سے بہت سے معاملات بہتری کی طرف آسکتے ہیں۔
(17تا25)اس ہفتہ صحت سے لاپرواہی طویل عدالت کا باعث ہوگی۔ملازمتی امور کی بجا آوری کے دوران ماتحتوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے غفلت نقصان کا موجب ہوگی۔حکام بالا سے تعاون کا حصول ذاتی کوششوں پر منحصر ہے اندرون ملک اور بیرون ملک سفر مادی لحاظ سے کامیاب ثابت ہوگا مختلف قسم کے معاملات حسب منشاء طے ہوجائیں گے ادھورے کاموں کی تکمیل ہوگی صحت جسمانی کے ناقص رہنے کا احتمال ہے۔
(26تا31)اس ہفتہ مالی امور احتیاط کے طالب ہیں۔لاپرواہی یا دوسروں کے ذریعے سے مالی نقصان کا خدشہ ہے دوسروں کی مالی اعانت نقصان دہ ثابت ہوگی۔غیر ضروری اخراجات پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے ورنہ مالی کمزوری کا خدشہ ہے۔کاروباری امور کی انجام دہی حسب سابق ہوگی نئے کاروبار کا اجراء سود مند ثابت ہوگا۔دوسروں کو شریک کار کرلینا بھی بہتر ہوگا۔ملازمتی امور کی باحسن بجا آوری سے فائدہ رہے گا۔

ستمبر (یکم تا8)اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ نحس قران سے گزر رہا ہے انتہائی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔کسی بھی چوری یا نقصان کا اندیشہ ہے شارٹ سرکٹ یا کسی اور وجہ سے آگ بھی لگ سکتی ہے جس سے بہت سا مالی نقصان ہوسکتا ہے۔دشمنوں کی جانب سے لڑائی جھگڑا بھی ہوسکتا ہے ایسے افراد جو کہ کسی ادارہ میں ملازمت کرتے ہوں افسران بالا سے بحث وتکرار سے گریز کریں۔نیلا رنگ استعمال نہ کریں۔
(9تا16)ان ایام میں بہت نحس اہم نظر شمس تربیع مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس مکمل ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔زمین وجائیداد سے متعلقہ مسائل حسب منشاء حل نہ ہونگے اس سلسلہ میں قانونی چارہ جوئی آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔گھریلو پریشانیاں نقصان دہ ثابت ہوگا۔مگر خانگی امور میں شریک حیات کا تعاون بھی حاصل رہے گا۔
(17تا25)اس ہفتہ کیا جانے والا کاروباری لحاظ سے مفید ثابت نہ ہوگا لہذا نہ ہی کریں تو بہتر رہے گا۔پڑوسیوں سے تعلقات احتیاط کے طالب ہیں۔حالات عشق ومحبت میں سازگاری کی توقع نہ رکھیں تجدید مراسم کی کوششیں کامیاب ثابت نہ ہوسکیں گی۔دوسروں کی مداخلت بھی حالت کی خرابی کا باعث ہوگی قانونی مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔ان ایام میں کہیں سے مالی امداد ملنے کا غالب امکان ہے۔
(26تا30)اس ہفتہ دوسروں سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہوسکیں گی۔آپ کی اپنی صحت جسمانی چند روز خراب رہے گی مگر اندرون خانہ ہر طرح کی خیروعافیت رہے گی۔کام کی زیادتی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا ملازمت پیشہ افراد لگن سے اپنے کام کی تکمیل کریں گے۔آپ کے اور دوستوں کے درمیان تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے کوئی فائدہ مند معاہدہ طے کرسکیں گے۔شریک کار تعاون بھی حاصل رہے گا

اکتوبر (یکم تا8) شمس تربیع زحل کی وجہ سے ان ایام میں دور دراز کا سفر آپ کیلئے نقصان کا باعث ہوسکتا ہے ان دنوں احتیاط کریں انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں۔ کسی قریبی عزیز سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ کاروبار میں مزید سرمایہ نہ لگائیں نقصان کا اندیشہ ہے۔ ابھی کاروباری حالات اچھے نہیں جائیداد کی لین دین بھی فی الحال نہ کریں۔
(9 تا16) یہ ہفتہ اس لئے اہم ہے کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس حضیضی درجات سے گزر رہا ہے۔ یہ نحس قوت ہے جو کہ آپ کو کمزور کردیتی ہے اس ہفتہ انتہائی محتاط رہنا ہوگا۔ بڑی پریشانی یا مالی نقصان بھی درپیش آسکتا ہے۔ مالی لین دین میں کسی پر بھروسہ نہ کریں دھوکہ مل سکتا ہے۔ فی الوقت حالات بہتر نہیں۔ لوح شرف شمس کا آپ کے پاس ہونا اس پریشانی سے بچنے کا رستہ ہے یہ لوح ادارہ سے منگوا سکتے ہیں۔
(17 تا25) یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لئے موافق ثابت ہوگا محتاط رہیں ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔ اس ہفتہ شراکتی معاملات موافقت میں رہنے کا امکان ہے وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مادی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔ اس ہفتہ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہوجائے گی۔
(26 تا31) اس ہفتہ میں اگر معمولی نوعیت کے اختلافات پیدا ہوں تو رائی کا پہاڑ بنانے سے پرہیز کریں۔ شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہوجائے گا تمام قریبی تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دے گا۔ یہ ہفتہ ان افراد کے لیے موافق ثابت ہوگا جو شادی کرنا چاہتے ہیں یہ ہفتہ شادی کے متعلق اکثر امیدیں پوری کردے گا۔ عشق، پیار محبت کے معاملات کے لیے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

نومبر (یکم تا8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آجائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہوجائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ گھریلو یا دفتری ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ آئندہ کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ ذہنی سوچ کو پختہ کریں طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہے گا۔
(9 تا16) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کرسکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں۔ ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ پیشہ ورانہ معاملات کے لحاظ سے سوچ تبدیل ہوگی۔ اس ہفتہ سخت مخالفت کا سامنا ہوگا ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ بھی اختلافات اور جھگڑوں کا اندیشہ ہے اس کی وجہ آپ کا ضرورت سے زیادہ حکمانہ رویہ ہوگا۔ بہتر ہوگا کہ اس وقت دوسروں پر اپنی مرضی مسلط نہ کریں بلکہ دوسروں کی مرضی پر چلیں۔ وہ افراد جو اپنے گھریلو حالات درست کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔
(26 تا30) شادی، خاندانی معاملات کے لیے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا سفر اور خط وکتابت لائے گا۔ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔

دسمبر (یکم تا8) ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے کسی دوست کے ساتھ تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔ سیارگان کا زیادہ رجحان شریک کار اور شریک حیات کے گھر پر ہوگا۔ اس وقت تک مالی معاملات پر گھریلو اثرات کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثرانداز ہونگی۔ وہ افراد جو بااختیار عہدے پر ہیں یا کسی جماعت کے راہنما ہیں انہیں اس ہدایت پر خاص طور پر عمل کرنا چاہئے۔
(9 تا16) تمام اسدی افراد کو ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اس وقت تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ موجودہ مقاصد اور جاہ طلبی پر اہم اثر ڈالے گا شاید کوئی موجودہ کام ختم کرکے کوئی بالکل مختلف کام شروع کردیں گے۔ اس ہفتہ میں موجودہ کام یا ملازمت سے مطمئن نہیں ہیں تو اس وقت سنجیدگی سے کوئی نیا کام شروع کرنے کے متعلق سوچنا چاہئے یہ کیفیت سیارگان شاید کسی پریشان کن مسئلے کو بھی حل کردے گی۔
(17 تا25) ان ایام میں کوئی اہم کام پورا ہوجائے گا اور مرتبے اور مستقبل میں کوئی بہتر تبدیلی آنے کی نشاندہی بھی ہورہی ہے حالات جو بھی ہوں طویل مدت میں تبدیلیاں آپ کے حق میں مفید ثابت ہونگی۔ وہ افراد جن کی آپ کی زندگی میں اہمیت ہے اور جن سے قریبی تعلق ہے۔ ان سے صلح کی جانب ہاتھ بڑھالیں۔ چونکہ لڑائی جھگڑے اور انتشار کا ستارہ بھی ہے اس لیے ایسے تمام افراد سے اختلافات اور تناؤ پیدا ہوگا۔
(26 تا31) شمس قران مشتری کی نظر قائم ہورہی ہے۔ جو کہ مفت کی دولت کا ملنا اور انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کی نشاندہی ہے۔ ان ایام میں اگر نیا کاروبار شروع کیا جائے تو منافع بخش ثابت ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے مبارک وقت ہے۔ ملازم پیشہ افراد کی ترقی کا بھی امکان ہے۔ یہ ہفتہ لمبے سفر زیارات اور حج وعمرہ اور بیرون اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بہتر ہے۔ اس ہفتہ کلی عدد 31 ہے۔

ادارہ روحانیات 0345-9067247 اسٹار نیوز ایجنسی، بازار کلاں پشاور

VIRGO

تاریخ پیدائش:۔24 اگست تا 23 ستمبر | نام کا سر حرف:۔پ، غ | موافق دن:۔بدھ | حاکم سیارہ:۔عطارد

سنبلہ

امراض:۔کمر، سر، بازو یا شانوں کا درد

موافق عدد:۔5

خاصیت:۔بے غرض، حق پسند، خوددار، ایثار والا

موافق پتھر: گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ

نقائص خصلت:۔بے صبرا، بہت چالاک، حاسد

موافق رنگ: کھلتا ہوا سبز، فیروزی، پیلا، زرد گہرا

جنوری (یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ نظر تربیع قائم کر رہے مریخ عطارد کی یہ نحس نظر ہر قسم کے خدشات میں اضافہ کرتی ہے۔عزیز واقارب تو پہلے ہی چاہتے ہیں کہ آپ کسی اہم معاملہ میں الجھیں محبوب سے بھی رنجش کا خدشہ ہے۔اس ہفتہ کے آخری ایام میں افسران بالا کی جانب سے ناراضگی یا نقصان ہوسکتا ہے۔نکاح یا شادی کے معالات ابھی التواء میں ڈال دیں یہ وقت بہتر نہیں ہے کبھی بھی کچھ بھی ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) پریشانیوں اور مصیبتیں دن بدن آپ کے نزدیک آتی جا رہی ہیں دیگر آپ کے برج کا حاکم سیارہ نحس درجات سے گزر رہا ہے ۔کچھ نہ کچھ تو ہونے کو ہے ۔پریشانی میں صبر واستقامت سے کام لیں ۔ایک قریبی بزرگ اس وقت بیماری کی حالت میں ہے اور آپ کا منتظر ہے چاہیے کہ آپ اس سے ملاقات کیلئے آپ لازی جائیں ۔عطارد زحل کا قران اپنے اثرات 12 تا 16 جنوری اپنا اثر دکھائے گا۔

(17 تا 25) یہ وقت طویل المعیاد مالی معاملات اور ٹھوس بنیادوں پر قائم معاملات مثلاً سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں قرضہ جات اور رہن وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا چنانچہ اگر آپ قرض یا امداد کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو اس وقت معلومات حاصل کرلیں ۔ان ایام میں خاتون خانہ اپنے شوہر کا اعتماد حاصل کرسکیں گی یا وہ خواتین جن کی اپنی شریک حیات سے نہیں بنتی ان ایام میں صلح ہوجانے کا امکان ہے ۔

(26 تا 31) ان ایام میں عطارد قران شمس کی نظر قائم ہورہی ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے ۔مقدمہ میں فتح ہوگی ۔جواں عمر کے لوگ اس ہفتہ آپ کو فائدہ دینگے۔خصوصاً اگر آپ کی اولاد جوان ہے تو اہم امور میں اس سے ضرور مشورہ کریں۔ذہنی دباؤ بھی ہوسکتا ہے ۔

فروری (یکم تا 8) ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ احتیاط برتیں بلاوجہ افسران بالا سے تکرار ہوسکتی ہے ۔اگر آپ نے اس ہفتہ غلط بیانی سے کام لیا تو لینے کے دینے پڑسکتے ہیں بزرگ خاتون یا والدہ سے فائدہ مل سکتا ہے ۔امتحان کا وقت ہے نہایت احتیاط سے یہ وقت گزارنا ہوگا ۔پریشانی کو اپنے سے دور رکھیں ۔شدید سر درد یا ٹانگوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے کوئی بیماری حملہ آور ہوسکتی ہے صحت کا خاص طور سے خیال رکھا جائے

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے جس کے اثرات ان ایام رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں تجارت میں فائدہ حاصل ہوسکتا ہے ۔کامیاب زندگی حاصل ہوگی اعلیٰ درجہ کی خواتین سے مالی فائدے ممکن ہیں ۔دشمنوں کی جانب سے خطرات ٹل سکتے ہیں ۔صحت کا خیال رکھیں۔ بزرگوں کی دعاؤں کی برکت سے بگڑے ہوئے معاملات درست ہوسکتے ہیں روحانی امداد حاصل کریں۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزر رہا ہے یہ وقت ڈپریشن کو بڑھنے میں بھی مدد دیتا ہے ۔کسی بھی بات کو ذہن پر سوار نہ کریں ۔مالی نقصان کا اندیشہ ہے ۔اپنے برج سے متعلقہ صدقہ ضرور دیں۔

(26 تا 28) ان ایام میں ایک سعد نظر زہرہ تسدیس عطارد قائم ہورہی ہے ۔وہ افراد جو کہ روحانی وظائف سے قوت لینا چاہتے ہوں فائدہ حاصل کرسکتے ہیں ۔مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے ۔اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے ۔

مارچ (یکم تا 8) اس وقت زائچہ کے مطابق آپ کا خانہ مال زیادہ طاقت میں ہے لیکن اخراجات بھی اتنے ہیں ۔شدید سر درد یا ٹانگوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے کوئی بیماری حملہ آور ہوسکتی ہے ۔قریبی عزیز رشتہ داروں سے تعلقات بہتر رکھے کسی سے لڑائی جھگڑا میں نہ پڑیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے ۔سیارگان کی یہ نظر آپ کے لئے مبارک ثابت ہوسکتی ہے ۔نئے کاروبار کے آغاز کے لئے یہ مناسب وقت ہے ۔لیکن ہر کام کرنے سے قبل تحریر میں لائیں۔ چھان بین ضرور کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہے ۔گھریلو معاملات خراب نہ ہونے دیں ۔آپسی مسائل گھر کی چار دیواری میں حل کر لئے جائیں تو زیادہ بہتر ہے سسرالی رشتہ داروں سے پریشانی لاحق ہوجانے کا امکان ہے ۔کچھ دیر کیلئے برے بن جائیں لیکن ان سے شکایت لازمی کریں۔

(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے اس نظر کے تحت ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا ۔بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہوسکتا ہے مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔

جدہ نیوز ایجنسی ،توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049 ادارہ روحانیات

اپریل (یکم تا8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے یہ وقت ناراض عزیز واقارب کو منانے کے لیے بہتر ثابت ہوسکتا ہے۔ وہ افراد جو کہ روحانی وظائف سے قوت لینا چاہتے ہوں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ وقت طویل المعیاد مالی معاملات اور ٹھوس بنیادوں پر قائم معاملات مثلاً سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں قرضہ جات اور رہن وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا۔
(9تا16) عطارد تربیع مشتری کی نظر قائم ہو رہی ہے جو کہ بہت زیادہ نحس ہے آئندہ دنوں میں چند پرانے دوست زندگی سے نکل جائینگے ۔ حالات کے تحت جو نئے دوست پیدا ہوں گے۔ آپ کی زندگی پر ان کا خاصا اثر ہوگا۔ سیارہ مشتری خوش بختی کا سیارہ ہے۔ مگر اس ہفتہ نحس ہو گیا ہے یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوگا۔ اس دوران ملازمت میں ترقی اور کاروبار میں بھی نقصان ہوسکتا ہے لیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے بہتر ایام نہ ہیں۔
(17تا25) قریبی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنائیں اگر کوئی صلح کی جانب ہاتھ بڑھاتا ہے تو آپ کو پیچھے نہیں ہٹنا چاہئے بیمار کی تیمارداری کرنا اپنا فرض سمجھیں گردو پیش کا جائزہ لیں کچھ فائدہ ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کیلئے کچھ محنت کرنا ہوگی۔ تعلقات بحال کریں اور خود ایسے لوگوں سے مدد لیں جو کہ آپ کے ساتھ مخلص ہوں۔ یہ ہفتہ لمبے سفر، بیرون ملک سفر اور بیرون اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بہتر نہیں ہے۔
(26تا30) اس ہفتہ عطارد تسدیس مریخ کی سعد نظر ہے۔ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں دل و دماغ کو حاضر رکھیں۔ بہتر فیصلے کرنے کیلئے پُرسکون ہونا لازمی ہے نئی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ نجی معاملات پر غور کریں جو کہ اس دوران آپ نے حل کرنے ہیں۔ اپنی سوچ کا انداز بدلیں زندگی میں کچھ تبدیلیاں آسکتی ہیں۔ زیادہ مصروفیت کے باعث صحت کی خرابی کا اندیشہ ہے۔ معاملات بہتری کی طرف آنا شروع ہو جائیں گے۔

مئی (یکم تا8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع ہے غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔ بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔ جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتے ہیں۔ ان اثرات سے بچنے کے لئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تا کہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ کاروباری ترقی کاروباری معاہدے یا نیا کاروبار کرنا آپ کے حق میں بہتر نہ ہوگا۔
(9تا16) سیارہ عطارد برج سنبلہ کا حاکم ہے۔ ہمیشہ سورج کے قریب رہتا ہے۔ شمس کی روشنی اس پر زیادہ قوت کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے اس ہفتہ درجہ حضیض پر پہنچنے کی حالت میں اس سیارہ کی تمام ساعت قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں ان ایام میں پاگل پن یا جنون، ذہنی پریشانی عزیز رشتے داروں میں نفاق پیدا ہوسکتا ہے آنتوں، جگر کے امراض، بزدلی، بے خوابی، بے چینی، ڈر خوف بھی ہوسکتا ہے۔
(17تا25) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے اثرات کے تحت مقدمہ میں کامیابی پنچایتی فیصلے آپکے حق میں ہونگے۔ پیچیدہ امراض سے نجات، الیکٹرونکس کی اشیاء، زمین کی خریداری کر سکتے ہیں۔ تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔ کاروباری حضرات ان ایام میں اپنے لئے بہتر پلاننگ کر سکتے ہیں۔ جس کا فائدہ آئندہ ہوگا ان دنوں میں قرض لینا آپ کیلئے وبال جان ثابت ہوسکتا ہے۔ لکی عدد 15 ہے۔
(26تا31) آپ اس ہفتہ عطارد مشتری قران کے زیر اثر ہیں ان ایام میں اپنی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لئے انہیں چاہئے کہ 05 اناج کا صدقہ دیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد قسمت آزمائی نہ کریں۔ جو بات نرم رویہ سے حل ہو جائے اسے سختی سے کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عمرہ اور زیارت کے خواہشمند حضرات کی اس ہفتہ خواہش پوری ہوسکتی ہے۔ بحث و تکرار سے گریز کریں۔

جون (یکم تا8) اس ہفتہ احتیاط کریں گھریلو اور کاروباری جسمانی اور روحانی ہر طرح کا خیال رکھنا ہوگا۔ آپ کو ایک خوشخبری مل سکتی ہے۔ ایک نادر موقع ملنے والا ہے۔ معاملات کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کریگا۔ چنانچہ اگر آپ قرض یا امداد کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو اس وقت معلومات حاصل کرلیں۔ زحل کا کام اصول میں تبدیلی لانا ہے۔ رسوم کو ختم کرنا اور حقیقت پسندانہ تبدیلی لانا ہے۔
(9تا16) اس ہفتہ آپ پر عطارد زحل مقابلہ کے اثرات ہوں گے ان ایام میں ادھیڑ عمر اور نچلے درجہ کے لوگوں سے احتیاط کریں خاص کر افسران بالا اپنے ماتحت اور کاروباری حضرات ملازمین پر خاص نظر رکھیں ان کی وجہ سے کسی بھی قسم کا نقصان ہوسکتا ہے۔ عدالتی کاروائی ان دنوں میں نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔ خاموشی سے وقت گزرایں۔ جو کچھ جتنا ہے اتنے میں ہی گزارا کریں۔ نیلا، سیاہ رنگ استعمال نہ کریں۔
(17تا25) ان ایام میں آپ کے برج کے حاکم سیارہ کی اہم نظر عطارد قران مریخ قائم ہو رہی ہے جس کے قوی اثرات ان ایام اور آئندہ ہفتہ بھی ظاہر ہونگے اس ہفتہ کی ابتداء سے ہی طبیعت میں بے چینی اور ذہنی دباؤ رہے گا لیکن آپ کو سب کچھ برداشت کرنا ہوگا۔ ایک شخص آپ کے گرد جال پھیلا رہا ہے آپ با آسانی اس پر غالب آسکتے ہیں ناخوشگوار واقعہ بھی پیش آسکتا ہے۔ نیکی اتنی ہی کریں کہ جتنی اچھی لگے۔
(26تا30) ستارے جب اچھی پوزیشن میں ہو تو بگڑے ہوئے معاملات کو سنوارنا شروع کر دیتے ہیں آپ کے برج کا حاکم گردش سے نکلتے ہوئے اس ہفتہ اچھے اثرات ظاہر کر رہا ہے سیارہ عطارد اور مریخ کے درمیان قائم ہونے والی اچھی نظر تسدیس اشارہ دیتی ہے کہ بہتری کیلئے رستے کھلتے جا رہے ہیں رُکے ہوئے کاموں کو انجام دینے کیلئے یہ ہفتہ بہتر ہے۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے۔

جولائی (یکم تا 8) ان ایام میں کوئی اہم کام پورا ہو جائے گا اور مرتبے اور مستقبل میں کوئی بہتر تبدیلی آنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے حالات جو بھی ہوں طویل مدت میں تبدیلیاں آپ کے حق میں مفید ثابت ہونگی۔ وہ افراد جن کی آپ کی زندگی میں اہمیت ہے اور جن سے قریبی تعلق ہے۔ ان سے صلح کی جانب ہاتھ بڑھا لیں۔ چونکہ لڑائی جھگڑے اور انتشار کا ستارہ بھی ہے اس لیے ایسے تمام افراد سے اختلافات اور تناؤ پیدا ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد قران مریخ کی نظر اشارہ دے رہی ہے کہ کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جا رہا ہے نہایت احتیاط کرنی ہوگی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہو سکتا ہے اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں اور کوشش کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے مقدمہ میں کامیابی ہوگی کاروبار میں ترقی ہوگی ذرائع آمدن بڑھے گا۔ مالی معاملات سے متعلق اگر مسائل سے واسطہ پڑتا ہے تو یہ ایسا ہفتہ ہے کہ جب اس قسم کے مسائل پیدا ہوں گے۔ کواکب کا یہ اجتماع مالی لحاظ سے آسان وقت نہیں لائے گا۔ سیارگان کی اس نظر کے دوران روپیہ اگر آسانی سے ہاتھ آتا ہے تو آسانی سے ہاتھ سے نکل بھی جاتا ہے۔

(26 تا 31) غیر موافق نظرات کے تحت گزرے گا ہفتہ مالی لحاظ سے سخت ثابت ہوگا۔ اور مشکلات پیش آئیں گی۔ اس غیر موافق وقت کے گزر جانے کے بعد آئندہ سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ مالی حالات بھی بہتر ہو جائے گی۔ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر ہوگی یہ موافق نظر حالات کی بہتری کی نشاندہی کر رہی ہے۔ گرم مزاجی اور جلد بازی سے ماحول خراب ہو سکتا ہے۔ دوسرے لوگوں کو بھی بولنے کا موقع دیں۔

اگست (یکم تا 8) اس ہفتہ اگر آپ نے اپنے تمام معاملات اور کاموں میں نظم اور ترتیب رکھی اور کسی قسم کی لاپرواہی نہیں کی تو بہت سی پریشانیوں سے با آسانی بچ سکیں گے۔ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔ سخت مگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو وہ بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔ کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اس وقت تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ موجودہ مقاصد اور جاہ طلبی پر اہم اثر ڈالے گا شاید کوئی موجودہ کام ختم کر کے کوئی بالکل مختلف کام شروع کر دیں گے۔ اس ہفتہ میں موجودہ کام یا ملازمت سے مطمئن نہیں ہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت مفت کی دولت ہاتھ آنے کے امکانات ہیں وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ چند ناراض دوست منانے کی کوشش کریں گے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ ایک نادر موقع ملنے والا ہے۔ اس وقت زائچہ کے مطابق آپ کا خانہ مال زیادہ طاقت میں ہے لیکن اخراجات بھی اتنے ہیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ سیارہ شمس آپ کے برج میں داخل ہو رہا ہے اس کے سعد اثرات آپ کے برج پر ظاہر ہوں گے ان اثرات کی بدولت کاروباری پوزیشن مستحکم ہوگی۔ نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے بہترین ایام ہیں۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔ ان ایام میں تقریبات میں بھی شرکت کا موقع مل سکے گا۔ 23 ستمبر تک آپ طاقت میں ہیں۔ ان ایام میں دوستوں اور عزیز اقارب کو دعوت پر مدعو کیا جا سکتا ہے۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ کے آغاز میں ہی غیر موافق نظر عطارد قران مریخ کے تحت مشترکہ مالیات، انشورنس، ٹیکس اور ترکہ وغیرہ کی وجہ سے اختلافات یا مقدمہ بازی لا سکتا ہے۔ مذکورہ ایام نحس ہیں اس دوران تحریری معاہدے مثبت انجام کو نہ پہنچ سکیں گے۔ ان ایام میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ بیرون ملک سفر اور کاروبار کے مواقع سود مند ثابت نہ ہونگے۔ اس ہفتہ آپ کے حاکم سیارہ کو شرف بھی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ میں دوستی یا محبت وہاں ہی قائم رہے گی۔ جہاں قریباً ہم عمری ہوگی عمروں کا زیادہ تفاوت اس عہد کو نبھا نہ سکے گی۔ اگر آپ اپنی کوشش پھر بھروسہ کریں تو موجودہ مسائل آپ کے حق میں مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ جب تک مکمل چھان بین نہ کر لیں۔ اس وقت تک کسی کو مت بتائیں۔ ان ایام میں محبوب سے ملاقات اور تبادلہ خیال کیا جا سکتا ہے کیونکہ عطارد زہرہ قران نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ قران بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اظہار محبت کیلئے یہ خاص وقت ہے۔ عزیز و اقارب کو اپنے ہاتھ میں لینے کیلئے اس سے بہتر وقت نہ ملے گا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ نحس نظر کے تحت والدین اور قریبی عزیزوں سے تعلقات کو بہتر بنائیں ذرا سی تلخ بات کا بتنگڑ بنا سکتی ہے۔ بجائے اس کے کسی معاملہ کو نہ کھینچیں۔ فوری طور پر حل نکال کر بات رفع دفع کر دیں کیونکہ یہ نحس نظر دلوں میں بڑے اختلافات ڈال سکتی ہے۔ ملازمین پر کڑی نظر رکھیں نقصان کا اندیشہ ہے کسی دوست سے بیوفائی کی امید ہے۔

(26 تا 30) اس ہفتہ ملازم پیشہ افراد احتیاط برتیں بلاوجہ افسران بالا سے تکرار ہو سکتی ہے۔ آپ بہتر حلمت عملی سے موجودہ خراب حالات کو بدل سکتے ہیں بزرگ خاتون یا والدہ سے فائدہ مل سکتا ہے ان کی صحت کا خیال رکھیں آپ کے لئے امتحان کا وقت ہے نہایت احتیاط سے یہ وقت گزارنا ہوگا اس احتیاط میں گھریلو اور کاروباری جسمانی اور روحانی ہر طرح کا خیال رکھنا ہوگا۔ آپ کو ایک خوشخبری مل سکتی ہے۔

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 ادارہ روحانیات

اکتوبر۔ (یکم تا 8) ان ایام میں سیارہ عطارد جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے شرف کے بعد دوسری قوت اوج کی ہوتی ہے یہ مبارک وقت شمار کیا جاتا ہے اس ہفتہ یہ سیارہ اپنے اوجی درجات سے گزریگا۔ جو کہ آپ کیلئے خوش بخت ثابت ہوگا ایسے میں آپ رُکے ہوئے کام سرانجام دے سکتے ہیں طالب علموں کیلئے یہ ہفتہ مبارک ثابت ہوسکتا ہے۔ ذہنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کریں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ علم وحکمت کا سیارہ عطارد اور بزرگی دانائی حاکمیت کا سیارہ زحل ایک درجہ نقطہ پر ہیں یہ درجہ آپ کی فطرتی بہترین خصوصیات کو نمایاں کردے گا زندگی میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لانے پر اکسائے گا اور صلاحیتوں کی نشوونما کے زائد مواقع لائیگا اگر آپ کسی بھی فلاحی یا روحانی سرگرمی میں ملوث ہیں تو آنے والا وقت قابل ذکر کامیابی لائے گا آپ کو ایسا عہدہ یا پوزیشن مل جانے کا امکان بھی ہے۔
(17 تا 25) ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے کسی دوست کے ساتھ تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔ سیارگان کا زیادہ رجحان شریک کار اور شریک حیات کے گھر پر ہوگا۔ اس وقت تک مالی معاملات پر گھریلو اثرات کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثرانداز ہونگی۔ وہ افراد جو بااختیار عہدے پر ہیں یا کسی جماعت کے راہنما ہیں انہیں اس ہدایت پر خاص طور پر عمل کرنا چاہئے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ اس سعد نظر کے اثرات کی وجہ سے آپ کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ پنچایتی فیصلے اور مقدمہ میں جیت ہوگی۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جاسکتے ہیں۔ جہاں آپ کا اثر رسوخ زیادہ ہو جائے گا۔ ذہنی سوچ کو پختہ کریں طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہے گا۔
نومبر (یکم تا 8) یہ ہفتہ شادی، خاندانی معاملات کے لیے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا سفر اور ختم ہوئے رابطے بحال کرے گا۔ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔ یہ بھی ممکن ہے شاید ایک جگہ تعلقات ختم ہوکر دوسری جگہ قائم ہوں۔ یاد رکھیں ہر برے کام کا انجام برا ہوتا ہے۔ منفی سوچ نہ آنے دیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہوسکتی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کرسکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلی عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جاسکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔
(17 تا 25) عطارد زحل تسدیس اشارہ ہے کہ دنیوی کامیابی کیریئر اور جاہ طلبی ایسے معاملات ہیں جس میں نمایاں بہتری دیکھیں گے۔ اکثر سنبلی افراد اپنے خاص مقاصد میں کامیابی حاصل کرلیں گے منتخب کیریئر یا کام میں کامیابی کی نئی بلندیاں طے کریں گے کامیابی کے معاملات میں خوش بختی آپ کے ساتھ رہے گی بغیر کوشش کے حالات ایسا رخ اختیار کریں گے کہ تمام کام آپ کی مرضی کے مطابق ہوجائیں گے۔
(26 تا 30) اس ہفتہ سیارہ عطارد زحل قران کے اثرات کے تحت محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ خوشخبری ملنے کی امید ہے حاسدین جو کچھ کررہے ہیں ان کو یقینا منہ کی کھانی ہوگی نہ بھولیں کہ اس وقت آپ پر جادوئی حملے بھی کئے جارہے ہیں۔ لکی عدد 65 ہے۔
دسمبر (یکم تا 8) تو اس وقت سنجیدگی سے کوئی نیا کام شروع کرنے کے متعلق سوچنا چاہئے یہ کیفیت سیارگان شاید کسی پریشان کن مسئلے کو بھی حل کردے گی۔ اگر ملک سے باہر رہنے اور کام کرنے کا موقع ملے تو اس پر ضرور غور کریں۔ ان معاملات سے متعلقہ زائچہ کے گھر میں سفر اور کام کا سیارہ موجود ہے جو کہ طویل عرصہ تک یہیں رہے گا۔ یہی چیز دیرپا فوائد لائے گی۔ مان لیں کہ آپ کی قسمت چمک رہی ہے۔
(9 تا 16) یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لئے موافق ثابت ہوگا محتاط رہیں ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔ اس ہفتہ شراکتی معاملات موافقت میں رہنے کا امکان ہے وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مالی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔ اس ہفتہ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہوجائے گی۔
(17 تا 25) روزگار سے متعلقہ معاملات کو شروع ہفتہ سے اہمیت رہے گی اہم کاموں کو مکمل کرنے اور کوششوں میں تیزی لانے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ہر وہ کام جس کے لیے ذاتی قوت اور کاروائی کی ضرورت ہے۔ اس کی تسلی بخش نتائج سامنے آئیں گے۔ کام کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ تاہم اسے پورا کرنے کی ہمت اور ترغیب ہوگی ساتھ کام کرنے والوں اور ماتحتوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ میں اگر معمولی نوعیت کے اختلافات پیدا ہوں تو رائی کا پہاڑ بنانے سے پرہیز کریں۔ شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہوجائے گا تمام قریبی تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دے گا۔ یہ ہفتہ ان افراد کے لیے موافق ثابت ہوگا جو شادی کرنا چاہتے ہیں یہ ہفتہ شادی کے متعلق اکثر امیدیں پوری کردے گا۔ محبت کے معاملات کے لیے سال کے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

حاجی خان نیوز ایجنسی ،تعلقہ و ڈسٹرکٹ ٹنڈو محمد خان ادارہ روحانیات

LIBRA | تاریخ پیدائش:۔ 24 ستمبر تا 23 اکتوبر | نام کا سر حرف:۔ ر، ت، ط | موافق دن:۔ جمعہ | حاکم سیارہ:۔ زہرہ

میزان

خاصیت:۔ باشعور شفقت آمیز شائستہ
امراض:۔ نزلہ زکام سر درد درد گردہ
نفسی خصلت:۔ حساس، جلد غم زدہ ہونے والے

موافق عدد:۔ 6
موافق رنگ نیلا، زرد، سبز، نارنجی
موافق پتھر پکھراج، عقیق، موتی

جنوری (یکم تا 8) روزمرہ کے کاموں کے دوران حادثہ پیش آنے کی یا صحت کو نقصان پہنچانے کی نشاندہی کر رہے ہیں وہ افراد جو بھاری مشینری کے ساتھ کام کرتے ہیں انہیں خاص طور پر محتاط رہنا چاہئے نقصان کا اندیشہ ہے صرف یہی نہیں بلکہ گھر میں بھی کوئی محنت طلب کام کرتے ہوئے بے حد محتاط رہیں۔ آپ کی برج کا حاکم آغاز سال سے ہی برج قوس میں ہوگا یہاں اس کا قیام 04 فروری تک رہے گا۔
(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ آسودگی اور خوشحالی ان ایام میں میسر آئیگی۔ ہمت سے کام لیں اور ذہانت کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر لائحہ عمل تیار کریں۔ نکاح کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ حالات آپ کے حق میں ہیں مالی حالات بھی بہتر ہوں گے احتیاط ضروری ہے۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ عزیز واقارب سے الجھنے سے گریز کریں اس سلسلہ میں بزرگوں سے مشورہ کرنا سودمند ثابت ہوگا۔
(17 تا 25) زہرہ قران شمس کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ دوسروں کو خوش رکھنے کے لئے صبح سے رات تک خوش باش رہیے اس سے وقت بھی اچھا کٹے گا اور مالی فائدہ بھی حاصل ہوگا۔ زیادہ سرمایہ کاری سے مکمل گریز کریں، آرٹ سے تعلق رکھنے والوں کی تخلیقی صلاحیتوں کی آزمائش کا وقت ہے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ میں آپ کا کاروباری معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا کہ اہم خبر سن سکیں گے۔ آپ کی سماجی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ رومان پر حضرات کو رومانوی ماحول میسر ہوگا۔ دوست احباب کا تعاون حاصل کر سکیں گے اندرون ملک سفر کے امکانات روشن ہیں۔ گھریلو اور قانونی امور کے بارے میں اہم خبر سن سکیں گے آپ کی آرزو پوری ہو سکے گی کسی دیرینہ دوست سے اچانک ملاقات ہو سکتی ہے۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ اختیارات اور روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کر کے اور مقاصد کے حصول میں ضبط نفس اور صبر و تحمل سے کام لے کر بہترین نتائج حاصل کر سکیں گے۔ زائد ذمہ داریاں ضرور آن پڑیں گی۔ ہمت اور حوصلہ سے کام لیں۔ مسائل حل ہو سکتے ہیں۔
(9 تا 16) آپ کے معاملات میں زحل کا لازمی اثر ہے ابھی زحل برج جدی میں ہے یہ آپ کے لئے نحس خبر ہے مشتری آپ کے زائچہ میں اچھی حالت میں ہے۔ اس لیے زائد ذمہ داریاں آپ کو بوجھ محسوس نہیں ہونگی۔ صبر و تحمل اور ثابت قدمی کے ذریعے جو کچھ حاصل کر چکے ہیں۔
(17 تا 25) قوت ارادی مضبوطی کریں آپکی مضبوط قوت کامیابی کی رکاوٹوں پر قابو پانے میں مدد دے گی۔ آپ اپنی بات منوانے کے لئے زبردستی بالکل نہ کریں اور حکمت عملی سے کام لیں اگر دوسرے آپ کی مخالفت جاری رکھیں تو مصالحت کر لیں یا پیچھے ہٹ جائیں۔
(26 تا 28) شادی شدہ افراد کے شریک زندگی سے تعلقات میں تناؤ ہوگا لیکن یہ ایسا وقت ہے کہ اگر تعلقات میں در پردہ تناؤ اور رنجشیں ہیں تو تمام باتیں شریک زندگی پر واضح کر دیں۔ گرما گرم بحث تو ہوگی مگر حالات بہتر ہو جائیں گے اور عورتوں کے لیے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔

مارچ (یکم تا 8) دوستوں کی مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ مجموعی طور پر یہ ماہ حالات میں بہتری اور تبدیلی لائے گا۔ اس ہفتہ کے اختتام تک کا وقت خوش قسمت دینا چاہتے ہیں تو معلومات حاصل کرنے کے لیے 4.5.6 سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں نقصان فائدہ میں بدل جائے گا۔ کسی عزیز دوست کے ساتھ مل کر کاروبار کا آغاز کر سکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہو جانے کا امکان ہے کوئی نئی خوشخبری سن سکیں گے۔
(9 تا 16) ان ایام میں اگر کہیں سے روپیہ وصول کرنا ہے تو تاخیر کے لیے تیار رہیں قریب قریب خصا طور پر محتاط رہیں اگر جلد بازی کی تو مشکل میں پھنس جائیں گے۔ اس ہفتہ مریخ کام کے معاملات سے متعلق گھر میں ہوگا اس وقت کام کا دباؤ بڑھ جائے گا لیکن اگر اس دباؤ کا پوری طرح مقابلہ کیا جائے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے سخت احتیاط کی ضرورت ہے گھبراہٹ، ذہنی دباؤ، ہائی بلڈ پریشر، خون اور جلدی امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ ڈراؤنے خواب اور دہشت کی کیفیت طاری ہو سکتی ہے اس وقت میں مخالفین بھی آپ پر غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ زہرہ تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ بہت جلد خوشی ملنے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی، یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے گھر میں ہے وہ آپ کے لئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جائیں اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو آپ کی خوشی دیرپا ہوگی۔ تزئین و آرائش کی کاموں میں دلچسپی رہے گی۔ کاروباری حالات بہتر رہیں گے۔ اس ہفتہ سفید رنگ مبارک ہوگا۔

اپریل (یکم تا 8) دل و دماغ کو صاف کرلیں۔ روحانیت کی طرف دل کو لائیں اس ہفتہ عدالتی امور بہتر طور سے انجام پائیں گے۔ لین دین کے معاملہ میں کوئی بھول نہ کریں بات بات پر جذبات میں نہ آئیں۔ آپ کی یہ عادت کسی دوست کے دل میں آپ کی جانب سے بے اعتمادی پیدا کرسکتی ہے۔ خوشخبری کی امید مل سکتی ہے ارادوں میں قوت پیدا ہوگی۔ مزاج میں رومانوی تاثرات غالب رہیں گے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے یہ ہفتہ آپ کے لئے خوش بختی لے کر آئے گا کیونکہ یہ آپ کے ستارے کے حساب سے آپ کے لئے بہترین ہفتہ ہے اس ماہ ذاتی خواہشات کی تکمیل کے لئے کوشاں رہیں گے۔ تعلیمی سفر کا امکان ہے۔ قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ اہم معاہدے پر دستخط کرسکیں گے۔ آپ پریشانی کے سبب بیمار بھی ہوسکتے ہیں لہذا بزرگوں کا تعاون آپ کے لئے فائدہ مند اور مفید ہوگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ رہائش کی تبدیلی ممکن ہے یا مکان کی مرمت کروا سکتے ہیں۔ ان دنوں خرید و فروخت سے گریز کریں۔ کوئی اہم کام شروع کرنے سے پہلے گواہ ضرور بنالیں ورنہ نقصان ہونے کی صورت میں تمام ملبہ آپ کے سر ڈال دیا جائیگا۔ 17 تا 18 اپریل آپ کے برج کا حاکم زہرہ درجہ شرف پر جارہا ہے۔ یہ سعد وقت اس وقت آپ کا ستارہ عروج پر ہوگا۔

(26 تا 30) مالی فوائد ملنے کا امکان ہے۔ لیکن حاصل ہونے والی رقم کا انعامی اسکیموں یا فضولیات میں ضائع نہ کریں۔ اس ہفتہ نئی عمارت کی تعمیر یا جائیداد کی خرید و فائدہ مند ثابت ہوگی۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے اس ہفتہ تھکن کا احساس زیادہ ہوگا۔ اعصابی کمزوری ہوسکتی ہے۔ گرم اشیاء کے استعمال پر توجہ دیں۔ موسم کے مطابق غذاء کا استعمال کریں۔ اگر احتیاط نہ کی تو لمبے عرصے تک مرض سے آپ کی جنگ رہے گی۔

مئی (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کاروباری افراد کو اس ہفتہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ چوری ہوسکتی ہے۔ نقصان سے بچنے کے لیے بہترین حکمت عملی بنائیں۔ دوران سفر محتاط رہیں۔ والدین یا شریک حیات سے اختلافات ہوسکتے ہیں اور نوبت جھگڑے تک آسکتی ہے۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں۔ کاروباری غرض سے کیا گیا سفر کامیاب نہ رہے گا۔ صحت میں خرابی ہوسکتی ہے۔

(9 تا 16) مشتری رہائشی اور شراکتی معاملات پر حکومت کرتا ہے۔ اس نظر کے مطابق گھریلو معاملات بہتری کی جانب آئیں گے۔ بگڑے ہوئے مسائل حل ہو جائیں گے اس کے علاوہ یہ ہفتہ جائیداد کی خرید فروخت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ زہرہ تثلیث مشتری نظر بھی جائیداد، شراکتی اور مالی معاملات کی موافقت میں ہوں گے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کرلیں۔ لکی عدد 84 ہے۔

(17 تا 25) زہرہ مشتری تسدیس کے تحت ان ایام میں شادی شدہ افراد کو زائد گھریلو سکون ملے گا اور تمام خاندانی اور قریبی تعلقات خوش گوار ہو جائیں گے اور ہم آہنگی سے واسطہ پڑیگا۔ تاہم آخری ہفتہ ایام میں کواکب غیر موافق نظرات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ ان دنوں دوسروں کی وجہ سے پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔ روٹھے ہوئے دوست کو منانے کا وقت ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 28 تا 31 مئی رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں صحت کی طرف سے خصوصی توجہ دیں معمولی امراض کا بھی فوری علاج کروائیں تو بڑے نقصان سے بچا جاسکتا ہے سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کرلیں کیوں آپ کی جانب سے کی گئی ذرا سی غفلت پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔

جون (یکم تا 8) کام کے معاملات میں زیادہ استحکام اور استواری پیدا ہو جائے گی۔ اب زحل کی قوت نمایاں ہو جائے گی باقی تمام ہفتہ کام اور روزگار متعلقہ معاملات میں بے ضابطگی رہے۔ کام کے معاملات میں زیادہ استحکام اور استواری پیدا ہو جائے گی۔

(9 تا 16) ان ایام میں بے حد مفید نتائج برآمد ہونگے۔ ترقی کا امکان ہے یا پھر زیادہ تسلی بخش ملازمت مل جائے گی۔ اگر موزوں ملازمت کی تلاش ہے تو 19 تا 22 تک کا وقت بہت موافق ثابت ہوگا یاد رکھئے کہ بہترین نتائج حاصل کرنے کے لئے بھرپور کوشش لازمی ہے۔ قانونی معاملات اور صورتحال میں مشکلات لائے گا اگر کسی تنازعے یا جھگڑے میں پھنس گئے تو اس سے باآسانی چھٹکارا نہیں ملے گا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کے اثرات نحس نظر زہرہ مشتری مقابلہ کے تحت ہیں ان ایام میں ایک دوست جس سے آپ کو بہت سے امیدیں تھیں اس ہفتہ دھوکہ دے جائیگا۔ اس سے احتیاط برتیں اور حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں آپ اپنی بال کی کھال نکالنے کی عادت کے باعث خود اپنے لئے مسائل کھڑے کرلیتے ہیں۔ زیادہ بولنا بھی اچھی عادت نہیں عدالتی امور سے دور رہیں ورنہ کوئی نیا مسئلہ کھڑا ہوسکتا ہے۔ لکی عدد 29 ہے۔

(26 تا 30) آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ 26 جون کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے۔ اب آپ اپنے رُکے ہوئے معاملات حل کرسکتے ہیں۔ من پسند فرد سے نکاح کا پیغام بھیجنا چاہیں بہترین وقت ہے خواتین اپنے نسوانی حسن میں اضافہ کے لئے خاص لوح بنواسکتی ہیں یا کسی شخص کی مکمل تسخیر کہ کبھی وہ آپ سے جدا نہ ہو یا ہمیشہ وہ آپ کے گن گاتا رہے۔ لوح یا نگینہ اوج زہرہ ادارہ سے ضرور بنوائیں۔

جولائی (یکم تا8) ایسے تمام قانونی معاملات جن میں کسی نہ کسی طرح روپیہ ملوث ہے اور معاہدات اور مشترکہ مالی معاملات سے متعلق طویل عرصے سے اگر مشکلات کا سامنا ہے تو انہیں حل کرنے کے لیے یہ وقت اس سال کا سب سے موافق وقت ہوگا۔ اگر ترکہ ملنے والا ہے یا کسی قسم کی قانونی ادائیگی ہونے والی ہے اس ہفتہ کے ختم ہونے سے پہلے پہلے کچھ اچھی خبریں مل سکتی ہیں۔ دوران سفر احتیاط کرنا ہوگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ زائد ذامہ داریوں کو بآسانی پورا کرسکیں گے کام کی طرف بھر پور توجہ دینے خاص مقاصد کو بھر پور طریقے پر آگے بڑھانے کے لیے یہ سب سے بہترین وقت ہوگا۔ اس ہفتہ جو کوشش کریں گے۔ وہ کسی نہ کسی طرح بعد میں آپ کے کام آئیں گی اگر ترقی کا چانک موقع ملا تو سب سے بہترین وقت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے لئے معاون ثابت ہونگی۔

(17 تا25) ان ایام میں بہت خاص نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل قائم ہورہی ہے آپ کو بہت تحفظ کی ضرورت ہے۔ خواتین سے اختلاف پیدا ہوسکتے ہیں نئے نئے تصورات کا مطالعہ کیجئے اور ان کے مطالب سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ اس لئے کہ آپ ایسا کرسکتے ہیں آگے بڑھنے سے پہلے اطمنان کرلیں کہ ہر شے اپنے مقام پر ہے۔ اپنی مہارت کو مزید کام کیلئے بروئے کام لائیں راستے میں آنے والی ہر خوشی کو خوش آمدید کہیں۔

(26 تا31) اس ہفتہ میں حالات آپ کے خلاف ہوں گے۔ یہ وقت جاہ طلبی اور گھریلو معاملات کیلئے عین موافق ہوگا۔ اگرچہ مکمل ہفتہ ہر لحاظ سے غیر موافق ہوگا۔ لیکن عطارد قران زہرہ بننے والی نظر کچھ تسلی دیگی اس وقت غیر متوقع طور پر کچھ روپیہ ہاتھ آئے گا۔ اس وقت جو روپیہ ہاتھ آئے اسے بچا کر رکھیں۔ عزیز و اقارب میں عزت بڑھے گی ایک دیرینہ الجھا ہوا مسئلہ بھی حل ہوسکتا ہے۔ دل نرم رہے گا، رحمدلی کی طرف بھی مائل ہوگا۔

اگست (یکم تا8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے اس نظر کے تحت کاروباری افراد آئندہ آنے والے وقت کیلئے ان دنوں بہترین حکمت عملی بنا سکتے ہیں۔ والدہ کی جانب سے وراثتی جائیداد یا مفت کی دولت ملنے کی توقع ہے انعامی اسکیموں میں فائدہ ہوسکتا ہے۔ جس سے کام اور کیرئیر کے معاملات میں مثبت اور ترقی پذیر رجحان کی نشاندہی ہورہی ہے۔

(9 تا16) سیارہ زہرہ آپ کے برج کا حاکم ہے۔ اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو با آسانی گرویدہ کرسکتے ہیں۔ ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے اپنی محبت دل میں لئے بیٹھے تھے اس ہفتہ اظہار محبت کرسکتے ہیں۔

(17 تا25) اگر ترقی کا اچانک موقع ملا تو یہی کوششیں خاص طور پر مفید ثابت ہونگی اگر موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس کوشش کا آغاز اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ کسی نئی تعلیمی یا تربیتی اسکیم میں حصہ لینے کے لیے یہ وقت موافق ثابت ہوگا اگر کسی کام لے لیے مزدوروں، پلمبروں، الیکٹریشن یا آرائش کرنے والوں کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ وقت جلد اور بہتر طریقے سے کام کی تکمیل لائے گا۔

(26 تا31) یہ ہفتہ زہرہ مریخ قران کے زیر اثر ہیں۔ محبت اور ملاپ کا ہفتہ ہے بگڑے معاملات درست کریں معاملات حسن و عشق حالات سازگار رہیں گے۔ اولاد کی صحت کی حفاظت ایک لازمی امر ہے احتیاط کریں۔ گھریلو حالات پرسکون نظر آتے ہیں۔ اہلخانہ سے متعلقہ مسائل حسب منشاء حل ہونگے۔ زوجین کے مابین موافقت رہے گی۔ غیر شادی شدہ حضرات میں سے اکثر حسب منشاء شادی کرانے میں کامیابی و کامران رہیں۔

ستمبر (یکم تا8) اس ہفتہ گھر سے نکلتے ہوئے یا رات کو کاروباری مقام یعنی دوکان یا دفتر کو تالا لگانے کے بعد اچھی طرح چیک کرلیں ذرا سی سستی نقصان دے سکتی ہے ملازمین پر بھروسہ نہ کریں خاص طور سے وہ خواتین جو کہ گھریلو ملازمہ رکھتی ہیں اس پر خاص نظر رکھیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے۔ علاوہ ازیں الیکٹرک اور الیکٹرونکس اشیاء غفلت کے باعث خراب ہوسکتی ہیں۔ اپنی قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں۔

(9 تا16) ان ایام میں عطارد قران زہرہ قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ میں ظاہر ہونگے۔ آپ کے برج سے متعلقہ چند افراد کی منگنی یا نکاح ہونے کا امکان ہے۔ وہ افراد جن کا شریک حیات سے جھگڑا تھا۔ ممکن ہے یہ ناراضگی چند معزز لوگوں کی وجہ سے ختم ہوجائے اور معاملات بہتری کی طرف آجائیں۔۔ وہ لوگ جو کہ من پسند شادی کے خواہش مند ہیں یا محبوب کو کچھ پیغام دینا چاہتے ہیں یہ ہفتہ ان کے لیے بہتر ہے۔

(17 تا25) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ قریبی دوست یا اولاد یا قریبی عزیز سے دُکھ پہنچ سکتا ہے لیکن آپ ہونے والے نقصان کو اپنے ذہن پر سوار نہیں کرنا ہے۔ حاکمانہ رویہ میں تبدیلی لائیں اس قدر بھی نرم نہ بنیں کہ لوگ آپکو نگل جائیں۔ جائیداد یا قیمتی شے کا فروخت کرنا اس ہفتہ میں بہتر نہیں۔ اس ہفتہ مختلف کاموں میں آپ کو ناکامی مل سکتی ہے۔ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کا ستارہ گردش میں ہے۔

(26 تا30) یہ ایام زہرہ مشتری تسدیس کے اثرات ظاہر کررہا ہے محبت کے معاملات کے لئے بھی موافق ثابت ہوں گے۔ مالی معاملات کے لحاظ سے کسی قدر مشکل ثابت ہوگی کیوں کہ اس وقت جذباتی نوعیت کی مشکلات سے واسطہ پڑے گا تاہم مجموعی طور پر یہ ہفتہ موافق ثابت ہوگا۔

دولت خان نیوز ایجنٹ، چشتیاں 0308-7252045 ادارہ روحانیات

اکتوبر(یکم تا8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج میزان میں 04اکتوبر کو داخل ہوگا جہاں پر اس سیارہ کا قیام 19 نومبر 2019ء تک رہیگا۔ میزان میں مریخ کو وبال ہوتا ہے ان ایام میں آپ کو شریک حیات سے متعلقہ تمام امور پر بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب بھی ہو سکتے ہیں۔ بات بات پر غصہ میں آجانا بنے ہوئے کام کو بھی بگاڑ دیتا ہے۔

(9 تا16) ان ایام خوشخبری کی امید ہے۔ سفر کے دوران احتیاط کریں۔ دشمنوں پر غالب رہنے کے لئے کوئی اچھا طریقہ نہیں ہے۔ آپ احساس کمتری سے باہر آئیں۔ مسئلہ خود بخود حل ہو جائیگا۔ مجموعی طور پر یہ ہفتہ آپ کے لئے بہتر ہوگا۔ لیکن آپ کے برج پر زحل کی نحوست پڑتی رہیگی ۔ زحل کا داخلہ برج جدی میں ہوا ہے ان ایام میں اس سیارہ کی نحوست میں اضافہ ہوگا سیاہ اناج، تیل سرسوں کا صدقہ ہفتے کے دن دیا جائے۔

(17 تا25) اس ہفتہ سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے ان ایام میں نکاح نسبت کیلئے بہتر ثابت ہوگا اگر انہی ایام میں کسی سے پیمان محبت باندھ لیں گے تو وہ استوار رہے گا۔ مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے۔ زہرہ 08اکتوبر سے 02نومبر برج عقرب میں رہے گی اس برج میں اس کو انتہائی گردش کا سامنا ہوتا ہے۔

(26 تا31) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت اس برج سے متعلقہ افراد کی منگنی یا شادی ممکن ہے ۔ محبوب سے ملاقات کا اچھا موقع ہے۔ بگڑے معاملات بہتری کی جانب رُخ اختیار کر لیں گے۔ مقدمہ اور پنچایتی فیصلوں میں کامیابی ہو گی۔ آپ اس دوران بہتر لائحہ عمل بھی تیار کر سکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں سیاروں کی نظر بتا رہی ہے کہ اس وقت اعتبار نہ کرنا سب سے اچھی عادت ہے۔

نومبر(یکم تا8) آپ کے برج کا حکم سیارہ زہرہ تیزی سے اتار چڑھاؤ کا شکار رہتا ہے۔ آغاز سال سے ہی سیارہ زحل کا قیام برج جدی میں ہے۔ یہ برج آپ کے حق میں وبال ہے۔ لیکن دوسری نظر سے دیکھا جائے تو اس برج کا حاکم سیارہ زحل آپ کے برج کے حاکم سیارہ زہرہ سے گہرا تعلق اور دوستی قائم کرتا ہے۔ مالی امور احتیاط طلب ہونگے۔ مگر 22مارچ 2020ء تک زحل کا قیام جدی میں رہے گا۔

(9 تا16) مختلف معاملات طے کرتے وقت محتاط رہیں ورنہ دھوکہ دہی کا خدشہ پایا جاتا ہے۔ سفر کرنے سے حتی الامکان گریز کریں چند اس سود مند ہوگا۔ اندرون خانہ کسی کی صحت کے ناقص رہنے کا بھی احتمال ہے۔ ازدواجی امور کی انجام دہی حسب منشاء ہوگی زوجین کے مابین مواقعت رہے گی۔ اور اپنی اہل خانہ کی صحت بہتر رہے گی غیر شادی شدہ حضرات حسب منشاء ازدواجی زندگی کی تکمیل میں کامیابی حاصل کر سکیں گے۔

(17 تا25) اب آپ زہرہ مشتری قران کے زیر اثر ہیں تمام مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوگا اس وقت آمدنی میں اضافہ کرنے کے زائد موافق میسر آئیں گے ایسی اسکیمیں جنہیں کچھ عرصہ سے کسی نہ کسی وجہ سے ملتوی کرتے آئے ہیں۔ ان پر زیادہ نفع بخش طریقے پر استعمال کرنے کے بھی مواقع ملیں گے۔ اس وقت جتنی کوشش کریں گے اتنا ہی آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔ لکی عدد 35 ہے۔

(26 تا30) معاہدات حسب منشاء طے نہ ہونگے۔ قانونی مسائل میں الجھنا بھی نقصان دہ ثابت ہوگا۔ دوسروں کو دخل اندازی کا موقع ہر گز نہ دیں نئے کاوبار کے اجراء سے بھی حتی الامکان گریز کریں البتہ ملازمتی فرائض کی بجا آوری سے فائدہ ملے گا۔ طبیعت میں متلون مزاجی پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہوگی اور دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذباتیت پر قابو لازمی ہوگا ورنہ بنتے کام بگڑ جائیں گے۔

دسمبر(یکم تا8) آپ زہرہ مریخ تسدیس اثرات کے زیر اثر ہیں جسمانی صحت بہتر ہو سکتی ہے شریک حیات سے تعلقات استوار رکھیں آپ بہتری کی طرف سفر کرنا شروع ہو جائیں گے۔ ایک قریبی عزیز آپ سے دھوکہ کرنا چاہتا ہے اور وہ کچھ رقم آپ سے حال کرنے کی کوشش میں ہے ارادہ کو بھانپنا ضروری ہے۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات اچھے ہو جائینگے۔ نئے منصوبوں کی تکمیل ممکن ہو سکتی ہے۔

(9 تا16) اس ہفتہ بہت نیک نظر قائم ہو رہی ہے زہرہ زحل قران کے باعث آپ کی زندگی میں بڑی تبدیلیاں آسکتی ہیں آئندہ آنے والے ایام آپ کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں وہ افراد جو کہ من پسند شادی کے خواہشمند ہوں ان کی خواہش کسی حد تک تکمیل پا سکتی ہے اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے یہ ہفتہ خوشی کا باعث ہوگا۔ روٹھے ہوئے دوستوں کو منانے کا مناسب وقت ہے۔ لکی عدد 68 ہے۔

(17 تا25) شریک حیات سے اگر اختلافات پیدا ہونگے۔ وہ وقتی طور پر ہونگے۔ وہ افراد یا خواتین جن کی نسبت وشادی کے معاملات عرصہ دراز سے التواء کا شکات چلتے آئے ہیں۔ وہ اس ہفتہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے۔ دولت کی فروانی ہوگی۔ آمدنی کے وسائل بڑھیں گے۔ غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔ بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔ نیلے رنگ کا لباس استعمال نہ کریں۔

(26 تا31) آپ کا دوست سیارہ زحل حالت وبال میں ہے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ دشمن جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتا ہے۔ ان اثرات سے بچنے کے لئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ یا لوح ردسحر پاس رکھیں۔

ملک نوید نیوز ایجنٹ کمالیہ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ 0305-9720805 ادارہ روحانیات

SCORPIO

تاریخ پیدائش:۔ 24 اکتوبر تا 22 نومبر | نام کا سرحرف:۔ ن، ذ، ظ، ض | موافق دن:۔ منگل | حاکم سیارہ:۔ مریخ

عقرب

خاص خصلت:۔ مضطرب، گرم مزاج

خاصیت:۔ وجدانی کیفیت، مضبوط قوت ارادی

امراض:۔ حلق کی بیماریاں، نزلہ، زکام، معدہ کے امراض

موافق عدد:۔ 9

موافق پتھر:۔ پکھراج، عقیق، موتی

موافق رنگ:۔ سرخ، قرمزی، تیز براؤن، میرون

جنوری (یکم تا 8) ہوش حواس کو ہاتھ سے نہ جانے دیں ورنہ مادی نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ اخراجات کی زیادتی سے ہر ممکن گریز کریں نئی سودے بازی، ریس وغیرہ میں بھی حصہ مت لیں سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا دوسروں کی مالی اعانت بھی نقصان دہ ثابت ہوگی۔ شراکتی امور کے ذریعے بھی نقصان ہوسکتا ہے۔ مخالفین سے محتاط رہنے کی سخت ضرورت ہے۔ خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی میں راز کا اخفاء لازمی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کا آغاز کچھ موافق انداز میں نہ ہوگا۔ مگر اس سے پریشان نہ ہوں۔ تاہم حالات اس ہفتہ کے وسط کے بعد حالات بہتر ہوں گے۔ عطارد تربیع مریخ نحس ثابت ہوگی۔ آپ کے شریک حیات یا عزیز کے لئے غیر متوقع نحوست لائے گا۔ صدقہ کا اہتمام ضرور کریں۔

(17 تا 25) دیرینہ جھگڑوں کا خاتمہ ہوگا، صلح کیلئے یہ وقت بہتر ہے۔ کسی پر بلاوجہ اپنا رعب اور دبدبہ نہ جھاڑیں۔ جتنا ہوسکتا ہے نرم لہجے سے بات کو نمٹانے کی کوشش کریں۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ایام بہتر ہیں۔ شادی شدہ افراد کیلئے خوشگوار ہفتہ رہیگا کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ یعنی مریخ، زہرہ تسدیس قائم ہورہی ہے۔ یہ سعد نظر آپ کو فائدہ دیگی۔ ذرا سی سستی یا کوتاہی آپ کیلئے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔

(26 تا 31) مالی امور احتیاط طلب ہونگے لاپرواہی سے مالی نقصان کا اندیشہ پایا جاتا ہے۔ انعامی اسکیموں وغیرہ میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ اپنی رقم گنوا بیٹھیں گے حفاظتی امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہوگی کوئی غلط قدم حیثیت و شخصیت پر حرف لا سکتا ہے۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ دوسروں سے وابستہ امیدیں پوری نہ ہونگی۔ غیر شادی شدہ حضرات حسب منشاء ازدواجی زندگی کی تکمیل میں تاخیر محسوس کریں گے۔ کاروباری امور کی انجام دہی حسب منشاء نہ ہوسکے گی۔ خواہ مخواہ کی رکاوٹیں نظر آتی ہیں کسی نئے کاروبار کا اجراء بھی سودمند ثابت نہ ہوگا۔ دوسروں کو شریک کار کرلینا بھی بہتر ثابت ہوگا۔ لیکن اس دوران کچھ موافق نظرات کی وجہ سے ڈھارس رہے گی۔

(9 تا 16) عطارد مریخ تسدیس بہتری کی جانب اشارہ دیتی ہے وہ معاملات جو کہ عرصہ دراز سے خراب چلے آرہے تھے بہتر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں شریک حیات کا تعاون رہیگا۔ ڈپریشن اور ہائی بلڈ پریشر کے مریض احتیاط برتیں تو کسی حد تک ان امراض سے نجات پا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) مشترکہ مفاد کے پروگراموں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات پر قابو پانا ایک لازمی امر ہوگا ورنہ بنتے کاموں میں رکاوٹیں حائل ہونگی۔ نقصان کا خدشہ ہے۔ خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی سخت احتیاط کی طالب ہوگی۔

(26 تا 28) شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر اشارہ دے رہی ہے ان ایام میں جن افراد سے بگڑی ہوئی ہے اُن سے صلح کا امکان ہے۔ کاروبار لحاظ سے بھی یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ والدین کے ساتھ ادب سے پیش آئیں تلخ کلامی سے گریز کریں۔ قرض دینے لینے کے لئے مناسب وقت نہیں ہے۔

مارچ (یکم تا 8) یہ ایام سیر و تفریح سوشل سرگرمیوں اور محبت کے معاملات کے لحاظ سے بھی بہت موافق ثابت ہوں گے خوش بختی کی علامت ہوں گے۔ سوشل زندگی مصروفیت لائے گی اور ارد گرد کے لوگوں میں آپ کی مقبولیت بڑھ جائیگی وہ افراد جو کوئی پارٹی یا دعوت کرنا چاہتے ہیں یا دوستوں اور ملنے جلنے والوں کے حلقے میں وسعت پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے موافق ایام ہیں۔ حالات اب آپ کے لئے بہتر ہونگے۔

(9 تا 16) ایسے کام جو کہ عرصہ دراز سے کسی نہ کسی رکاوٹ کے سبب ملتوی تھے سیارہ عطارد اور مریخی نظر کے افشاء سے مادی نقصان کے علاوہ حیثیت و شخصیت پر حرف آنے کا بھی سخت احتمال ہے مخالفین درپے آزار نظر آتے ہیں۔ ملازمتی امور کی انجام دہی میں کامیابی نصیب ہوگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر ماحول میں کشیدگی پیدا کرسکتی ہے۔ حالات میں اس قدر بگاڑ آسکتا ہے کہ آپ کو سخت ذہنی دباؤ سے گزرنا ہوگا۔ بلڈ پریشر زیادہ نہ ہونے دیں اس وقت نہایت پُرسکون رہیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ سفر کرنا فائدہ نہ دیگا۔

(26 تا 31) حکام بالا کا تعاون شامل حال رہے گا صحت کی حفاظت لازمی امر ہوگی۔ ان ایام میں زمین و مکان کی خرید فروخت یا تعمیر سے فائدہ کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ کاروباری سرمایہ کاری کے ذریعے سے بھی فائدہ ملے گا۔ معاملات حسن و عشق حالات سازگار رہیں گے۔ کاروباری افراد کو اس وقت اپنی خاص دلچسپیوں اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے خاص کوششیں کرنی چاہئے اور نئے تعلقات قائم کرنے چاہئیں۔

اپریل (یکم تا8) اولاد کی صحت کی حفاظت ایک لازمی امر ہے احتیاط کریں۔ گھریلو حالات پرسکون نظر آتے ہیں۔ المخانہ سے متعلقہ مسائل حسب منشاء حل ہونگے۔ زوجین کے مابین موافقت رہے گی۔ غیر شادی شدہ حضرات میں سے اکثر حسب منشاء شادی کرانے میں کامیابی وکامران رہیں گے۔ قانونی امور کی انجام دہی احتیاط طلب ہوگی۔ متفقہ طلب امور کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوسکے گا۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔

(9 تا16) اجنبی چہروں کو حلقہ دوستی میں شامل کرنے سے گریز کریں۔ دھوکہ دہی کا اندیشہ ہے۔ دوسروں سے وابستہ توقعات ہرگز پوری نہ ہوسکیں گی۔ قانونی امور احتیاط کے طالب ہونگے۔ متفقہ طلب امور کا فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوسکے گا۔ موافق سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی سعد نظران رکاوٹوں کو ختم کررہی ہے آپ کے برج کا حاکم سیارہ اس ہفتہ طاقت میں ہے امراض سے نجات پانے کیلئے قابل ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

(17 تا25) عزیز واقارب کی جانب سے خوشخبری ملنے کا امکان ہے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ کسی عزیز دوست سے ملاقات ہوسکے گی۔ اہم خبر سن سکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی کوئی تقریب گھر میں منعقد کرسکیں گے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس ہفتہ کوئی سازش کرنے والا حاسد بے نقاب ہوجائے۔ دشمنوں پر غلبہ ہوگا۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس ہفتہ ملے جلے حالات رہیں گے۔

(26 تا30) یہ ہفتہ عطارد مریخ کی نظر تسدیس کے تحت گزرے گا ایک مرض جو کہ عرصہ دراز سے آپ کیلئے پریشانیوں کا باعث بنا ہوا تھا اگر اس ہفتہ اس مرض سے نجات کیلئے باقاعدہ طور پر علاج شروع کیا جائے تو بہت جلد آپ صحت یاب ہوسکتے ہیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ صاحب اولاد افراد بچوں کی جانب خصوصی توجہ دیں خاص طور سے اُن کے تعلیم وتربیت کے معاملات باریک بینی سے دیکھیں۔

مئی (یکم تا8) بہت سے کام ایسے ہیں جن کا کرنے کا حکم آپ اپنے آپ کو نہیں دیتے بلکہ دوسروں سے توقع رکھتے ہیں۔ نئی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔ صحت کی بہتری کیلئے اپنی غذا کا خاص خیال رکھیں۔ عزیز واقارب سے تعلقات بہتر ہوسکیں گے۔ سیاہ رنگ استعمال نہ کریں۔

(9 تا16) یہ ایام زہرہ مریخ تسدیس کے تحت گزر رہے ہیں۔ شریک حیات سے کوئی اہم معاملہ طے کرسکیں گے اور ان کی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں پہلے سے کئے گئے معاہدے پر نظر ثانی کرنا بہتر اور فائدہ مند رہے گا۔ شرپسند عناصر کی ریشہ دوائیوں سے محفوظ رہیں گے بزرگوں کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اپنی دلی خواہش پوری کرسکیں گے۔ اپنی غذا کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا25) یہ ہفتہ اہم ثابت ہوسکتا ہے سیارہ مریخ آپ کے برج کا حاکم 16 مئی کو خانہ ہبوط میں داخل ہورہا ہے بہت احتیاط سے وقت گزارنا ہوگا۔ اس برج میں اس کا قیام 02 جولائی تک ہے۔ نقصان کا اندیشہ ہے صدقات مسلسل دیتے رہیں۔ اونچائی سے گر کر جسمانی نقصان ہوسکتا ہے۔ پانی والی جگہ سے بھی پھسل سکتے ہیں بہتر ہوگا کہ اس دوران ندی دریا سمندر تالاب پانی کے نزدیک جانے سے گریز کریں۔

(26 تا31) آپ اپنے مستقبل کے لئے بہتر طور پر منصوبہ بندی کرسکیں گے کاروباری تبدیلی کرنے کے مواقع بھی حاصل کرسکیں گے۔ گھریلو، کاروباری اور جائیداد کے مسائل کو حل کرسکیں گے۔ شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں۔ ورنہ پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ کوئی تقریب منعقد کرسکیں گے کوئی کاروباری معاہدے طے کرسکیں گے۔ صدقہ دیں یا فقیر کو کھانا کھلادیں۔

جون (یکم تا8) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ ان دنوں غیر ضروری اخرجات سے پرہیز کریں دور دراز سے کوئی بری خبر سن سکیں گے دوران سفر صحت کا خیال رکھیں اور محتاط رہیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔ پیشہ وارانہ صلاحیتیں ابھریں گی بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں کسی دیرینہ دوست یا کسی بچھڑتے ہوئے عزیز سے اچانک ملاقات ہوگی بعدر کے ہوئے کاموں کو خوش اسلوبی سے نمٹا لیا جائیگا۔

(9 تا16) کاروباری معاملات میں سخت محنت درکار ہوگی ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے گرمیوں میں سیر وتفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے آپ کی شخصیت دوسروں کو متاثر کرسکے گی طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو دور کرسکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے ساتھ رہیں گی۔ جس سے گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ کاروباری دوستوں سے کسی اہم کاروباری معاملات میں بات چیت کامیاب رہے گی۔

(17 تا25) ان ایام میں عطارد قران مریخ قائم ہورہا ہے جس کے قوی اثرات 17 تا22 جون ظاہر ہونگے ان ایام میں مرض سے نجات پا سکتے ہیں۔ اس ہفتہ سمندر، دریا، نہر یا تالاب کے قریب جانے سے گریز کریں۔ بلاوجہ کوئی الزام آپ پر ڈال دیا جائیگا۔ تبدیلیاں لانے کیلئے خود کو بھی تبدیل کرنا ہوگا آپ جو کچھ زبان سے کہہ رہیں اس پر خود بھی عمل کریں تو ہی دوسروں پر اثر ہوگا۔ بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے

(26 تا30) سیارہ مریخ 16 مئی کو برج جوزا سے ہبوطی برج سرطان میں داخل ہوا یہ برج آپ کے حاکم سیارہ کے لیے نحس ہے۔ 27 جون کو 28 درجہ پر ہبوط کی حالت قائم کریگا۔ اس برج میں اس کا قیام 02 جولائی تک ہوگا لہذا ہر قسم کے معاملات میں احتیاط برتیں خصوصاً آگ یا چھری یا ہتھیار کسی بھی قسم کا ہو محتاط رہیں لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اپنے برج کا صدقہ ضرور دیں یا لوح شرف مریخ ضرور بنوائیں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی — ادارہ روحانیات

جولائی (یکم تا 8) آپ کو چاہیئے کہ اس وقت جو بھی فیصلہ کریں بہت سوچ سمجھ کر کریں غلطی کا امکان نہ رہے۔ مقدمہ میں ناکامی کا اندیشہ ہے بہتر ہے کہ اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ہاری ہوئی بازی کو جیت جائیں۔ گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔ سخت مگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو وہ بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔

(9 تا 16) عطارد قران مریخ کے سبب یہ ہفتہ انعامی اسکیموں شیئرز یا جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے بالکل غیر موافق ہے آپ ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جہاں پر سرمایہ خرچ ہوتا ہے فی الوقت خاموشی سے سلسلہ کو جاری رکھیں۔ اس ہفتہ والدہ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ دماغ پر فضولیات اور بلاوجہ کے خیالات کی بھرمار نہ ہونے دیں۔ معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔ ذہنی طور پر بہت الجھے رہیں گے۔

(17 تا 25) اہم اطلاعات ملنے کا امکان ہے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی گھریلو اور خاندانی معاملات میں مصروفیات بڑھے گی سرمایہ کاری سودمند رہے گی عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہونگے۔ سیر و تفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔ سماجی تقریبات میں شرکت کرسکیں گے۔ خریداری کی طرف رجحان بڑھے گا آمدن اور خرچ میں توازن قائم رکھنے کی کوشش کریں۔

(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ کو درجہ اوج 30 جولائی حاصل ہو رہا ہے اس وقت یہ انتہائی قوت میں ہوگا جو کہ شرف کے بعد دوسری قوت ہے۔ بہت سی خوشخبریاں ملنے کی توقع ہے۔ آپ کی بہتر حکمت عملی کی بدولت دشمن منہ کی کھائیں گے روحانی اور جسمانی طور پر آپ طاقتور ہیں۔ الجھے ہوئے مسائل کو حل کرنے کے لئے یہ وقت بہترین ثابت ہوسکتا ہے۔ چھپے ہوئے دشمن ظاہر ہو جائینگے۔ اپنی کمزوریوں کو ختم کرنے کے لئے اپنے برج کے حاکم سیارہ کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ تاکہ آپ ہر کام میں مضبوط ہو جائیں۔

اگست (یکم تا 8) گھریلو معاملات میں دوسروں کو دخل اندازی سے پریشانیوں میں اضافے کا امکان ہے۔ دھیان رکھیں کہ آپ کے گھریلو معاملات میں تیسرا شخص دخل اندازی نہ کرے اور کوشش کریں کہ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ صدقہ دیں محتاط رویہ احتیاط کریں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے ابتدائی دنوں میں آپ سماجی تقریبات میں مصروف رہیں گے شام کو کسی عزیز دوست سے ملاقات ہو سکے گی۔ اپنے نجی مسائل کو حل کرسکیں گے کوئی نیا معاہدہ عمل میں آئے گا ذاتی ترقی کے لئے مثبت اقدامات کرسکیں گے۔ رومان پرور حضرات کو کوئی تعاون کرنے کی کوشش کریں خانگی امور میں خوش اسلوبی سے طے ہوسکیں گے۔ مگر یہ سب کچھ آپ کی گھریلو دلچسپی سے ہی ممکن ہوگا۔

(17 تا 25) یہ ایام مریخ زہرہ قران کے تحت گزر رہا ہے ان ایام میں آپ کو سیر و تفریح کی مواقع راس آئیں گے رومانوی ماحول سازگار رہے گا تقریبات میں شرکت کے مواقع پیش آئیں گے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھریلو کاروباری اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے سماجی تقریبات میں شرکت کے لئے یہ وقت موزوں ہے۔ سماجی حیثیت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ سرخ میرون رنگ فائدہ دے گا

(26 تا 31) ان ایام میں شمس قران مریخ قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ کسی بھی قسم کا نقصان ہوسکتا ہے لہٰذا آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔ مالی نقصان کی بھی توقع ہے۔ عزیز و اقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں تحریری معاہدہ اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔ کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 9 ہے۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد قران مریخ کی نظر اشارہ دے رہی ہے کہ کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جا رہا ہے نہایت احتیاط کرنی ہوگی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہوسکتا ہے اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں۔

(9 تا 16) کوئی قانونی معاہدہ طے کرسکیں گے۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پانے کا امکان ہے۔ رومانس کے مواقع حاصل ہونگے دوران سفر بچوں کے معاملے میں احتیاط کریں کوئی اہم تقریب منعقد کرسکیں گے خاص طور پر شادی کی تقریب میں شرکت کرسکیں گے۔ ازدواجی، کاروباری اور گھریلو مسائل حل کرسکیں گے۔ اس ہفتہ آپ ذرائع ابلاغ سے مستفید ہوسکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔

(17 تا 25) جسمانی صحت اس ہفتہ بہتر نہ رہیگی۔ کام کی زیادتی اور تھکن طبیعت میں بھاری پن پیدا کرسکتی ہے۔ ایک قریبی شخص آپ کو بے وقوف سمجھ کر نقصان دینا چاہتا ہے۔ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے گرد و پیش کا جائزہ لیں۔ ملازمت میں کوئی گڑبڑ ہوسکتی ہے۔ افسران بالا تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں تا حال آپ کے برج کا حاکم سیارہ گردش میں ہے نئی پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ گوشت کا صدقہ دیں۔

(26 تا 30) عزیز و اقارب کی جانب سے رقم کا تنازعہ ہوسکتا ہے ان دنوں نزلہ کھانسی یا سانس کے امراض پیدا ہونے کا خطرہ ہے صاحب اولاد حضرات کو اولاد کی طرف سے شکایت موصول ہوسکتی ہے۔ اسم اعظم ورد کریں شریک حیات کی جانب سے روحانی سکون حاصل ہوگا۔

اکتوبر (یکم تا8) سیارہ زہرہ 08 اکتوبر تا 02 نومبر برج عقرب میں قیام پذیر ہے زہرہ کے لئے عقرب نحس ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دونوں دور سے آیا ہو مہمان کا قیام آپ کے گھر پر ہو قیمتی اشیاء کا خیال رکھیں۔ ظاہری ہمدرد پر اعتبار نہ کریں دھوکہ بھی ہو سکتا ہے۔ بدنامی کا خدشہ ہے گھریلو الجھنوں میں اضافہ ہوسکتا ہے یہ بھی ممکن ہے کہ اس دوران آپ کی صحت خراب ہوسکتی ہے یا زخمی ہوجانے کا امکان ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ علم، حکمت دانائی بڑھانے والا اور اولاد، عزیز اقارب سے اچھے رشتے استوار کرنے والا سیارہ عطارد آپ کے برج میں داخل ہورہا ہے اس کا قیام 09 دسمبر تک رہے گا۔ اس دوران عطارد سے منسوب کاموں میں آپ کو کامیابی مل سکتی ہے۔ مقدمات اور پنچائتی فیصلوں میں جیت کا وقت ہے۔ تحریری معاہدوں تقریر میں کامیابی لاتا ہے۔ اولاد کے بہتر مستقبل کے لئے اچھا لائحہ عمل تیار کرسکتے ہیں

(17 تا 25) یہ ہفتہ شمس در عقرب کے تحت ہے 23 اکتوبر کو سیارہ شمس آپکے برج عقرب میں داخل ہورہا ہے جہاں اس سیارہ کا قیام 22 نومبر تک ہوگا اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے اپنے اللہ داد جوہر آزمائیے، خوشخبری قریب ہے، ہر قسم کی ذہنی الجھن کو جھٹک دیں۔ یہ وقت روایتی یا مروجہ کفایت سے متعلق ہے لیکن دوسروں سے زیادہ تعاون کی توقع نہ رکھیں آپ کی کوششوں کے بہتر نتائج نکلیں گے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آغاز سے کچھ بہتر ہونے والا نہیں ہے محتاط رویہ اختیار کریں کیونکہ وہ سیارہ جو علم حکمت کا سیارہ عطارد 31 اکتوبر حالت رجعت میں جارہا ہے اس کی یہ نحس حالت 21 نومبر تک رہیگی اس دوران کوئی بھی نیا معاہدہ کرنا یا کوئی دفتری کاروائی جس میں بحث وتکرار ہو گریز کریں۔ کسی بھی دشمن سے دھوکہ کا اندیشہ ہے۔ جسمانی مرض مزید بگڑ سکتے ہیں۔ موسم کے مطابق غذا اور لباس استعمال کریں۔

نومبر (یکم تا8) مذہب کے بارے میں مختلف منفی خیالات ذہن میں آسکتے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ مذہب سے دوری اور عبادت ریاضت میں کمی ہو لیکن مستقل مزاجی سے آپ معاملے کو بہتر طور سے حل کرسکتے ہیں۔ اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرینگے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں اور کوشش کریں کہ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔ لکی عدد 95 ہے۔

(9 تا 16) دوران گفتگو الفاظ میں نرمی پیدا کریں۔ شریک حیات اور اہل خانہ سے رویہ نرم رکھیں ورنہ گھریلو ماحول تنگی کا شکار رہیگا صحت بھی خراب ہوسکتی ہے۔ کسی عزیز کے ہاں سے صدمہ کی خبر آسکتی ہے۔ سفر ہرگز نہ کریں۔ بڑی عمر کے لوگوں سے اختلافات ہوسکتا ہے۔

(17 تا 25) سیارہ مریخ 19 نومبر کو اپنے طبعی برج یعنی عقرب میں داخل ہورہا ہے یہاں پر اس کا داخلہ آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ طاقت اور قوت لینے کا وقت ہے اپنے رُکے ہوئے کاموں کو کسی بھی طرح نکالنے اس برج میں اس کا قیام 03 جنوری 2020ء تک رہیگا۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنا یا بیماریوں سے نجات حاصل کرنا یا جادو سحر کا خاتمہ کرنے کیلئے اس سے بہتر کوئی وقت نہیں۔ مخالفین پر فتح حاصل ہوگی۔

(26 تا 30) ملازم پیشہ افراد کی ترقی کے امکانات روشن ہیں اخراجات میں اضافہ رہے گا۔ مفت کی دولت ملنے کا امکان ہے۔ ان ایام میں سفر نہ کریں تو بہتر ہے صحت بہتر ہوسکتی ہے اس ہفتہ کسی دوست کی جانب سے خوشی کی خبر ملے گی لیکن دوسری جانب ایک دوسرا دوست ہے آپ سے جدا بھی ہوسکتا ہے۔ کسی بھی شخص سے اختلافات کرنا آپ کے لئے بہتر نہیں ہے۔ طالب علموں کو جزوی کامیابی مل سکتی ہے۔

دسمبر (یکم تا8) زہرہ تسدیس مریخ نظر کے سبب محبت میں گرفتار ہوسکتے ہیں عقلمندی کئی مسائل سے نجات دلوائے گی قریبی سفر بھی پیش آسکتا ہے۔ شریک حیات یا قریبی دوست سے جو تنازعات پیدا ہو چکے ہیں ان کا حل کرنے کا بہترین وقت ہے لازم پیشہ افراد ان دنوں تبادلہ یا ترقی کیلئے کوشش کرسکتے ہیں۔ گھریلو ماحول تناؤ کا شکار رہیگا اہل خانہ سے کھل مل جائیں تو اس تناؤ میں کمی آسکتی ہے۔

(9 تا 16) اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہوسکتی ہے احتیاط کرنا اچھی عادت ہے مگر اعتماد نہ کرنا اس سے اچھی عادت ہے۔ اس ہفتہ عزیز واقارب کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ نہایت احتیاط کرنی ہوگی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہوسکتا ہے اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کی آغاز بھی اچھا نہ ہوگا۔ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہے گا افسردگی رہے گی۔ انعامی اسکیموں شیئرز یا جائیداد کی خرید وفروخت کے لئے بالکل غیر موافق ہے آپ ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جہاں پر سرمایہ خرچ ہوتا ہے فی الوقت خاموشی سے سلسلہ کو جاری رکھیں۔ اس ہفتہ والدہ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ دماغ پر فضولیات اور بلاوجہ کے خیالات کی بھرمار نہ ہونے دیں۔ سیاہ رنگ استعمال نہ کریں۔

(26 تا 31) معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔ ذہنی طور پر بہت الجھے رہیں گے۔ لیکن آپ کو چاہیئے کہ اس وقت جو بھی فیصلہ کریں بہت سوچ سمجھ کر کریں غلطی کا امکان نہ رہے۔ مقدمہ میں ناکامی کا اندیشہ ہے بہتر ہے کہ اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر ہاری ہوئی بازی کو جیت جائیں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 87 ہے۔ کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جارہا ہے۔

الفتح نیوز ایجنسی ،مہران مرکز سکھر 0300-3293790 ادارہ روحانیات

SAGITTARIUS

تاریخ پیدائش:۔ 23 نومبر تا 21 دسمبر | نام کا سرحرف:۔ ف | موافق دن:۔ جمعرات | حاکم سیارہ:۔ مشتری

قوس

خاصیت:۔ ہمدرد انصاف پسند خود مختار
نقائص خصلت:۔ تیز مزاج، مشتعل ہونے والا
امراض:۔ عرق النساء، لنگڑاپن، ہاضمہ کی خرابی

موافق عدد:۔ 3
موافق رنگ:۔ سفید، سبز، گولڈن
موافق پتھر:۔ شجری فیروزہ، حجر القمر

جنوری (یکم تا8) پیار اور محبت کا سیارہ زہرہ 07 جنوری تا 04 فروری آپ کے برج میں داخل ہو رہا ہے اس دوران شریک حیات سے معاملات بہتر ہو جائیں گے۔ طبعیت میں پیار محبت اور نرمی کا عنصر غالب رہے گا۔ غیر شادی شدہ قوسی افراد کے عشق محبت میں مبتلا ہو جانے کا امکان ہے۔ محبوب کو تحفہ تحائف دینے کا مناسب وقت ہے۔ پرانے دوستوں کے درمیان رہ کر اچھا وقت گزارا جا سکتا ہے۔
(9 تا16) ایک حاسد آپ کو دوسروں کی نظروں سے گرانے کی کوشش کر رہا ہے سمجھ لینا چاہئے کہ اس سے ہر صورت احتیاط کریں۔ ان ایام میں پنچایتی اور عدالتی معاملات بہتر کی طرف آسکتے ہیں آمدنی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات بہتری کی طرف آسکتے ہیں۔
(17 تا25) یہ ہفتہ زہرہ مشتری قران کے زیر اثر ہے۔ یہ دونوں سیارگان آپ کے برج میں ہیں بھرپور فائدہ ملے گا۔ ملازمتی امور فرائض کی بجا آوری بھی بطریق احسن ہوگی۔ ماتحت اور حکام بالا تعاون شامل حال رہے گا۔ صحت بہتر رہے گی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں لکی عدد 36,93, ہے۔ کاروباری اغراض کے تحت کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ غفلت طویل علالت کا موجب بن سکتی ہے۔
(26 تا31) ان ایام میں ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگی صاحب اولاد افراد کی اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی مالی پوزیشن بہتر ہونے کا امکان ہے۔ عزت و نصیب میں اضافہ ہوگا مشترکہ مفادات کے امور میں احتیاط سے کام لیں۔ ازدواجی اور رومانوی مسرتیں ملیں گی۔

فروری (یکم تا8) عطارد مشتری تسدیس کے نتیجہ میں والدین قریبی عزیز خصوصاً والد سے فائدہ ہو سکتا ہے اس ہفتہ کا آغاز اچھے طریقہ سے ہوگا زندگی میں خوشی اور غم اکھٹے ملتے ہیں۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ ٹیلی فون یا خط و کتابت کے ذریعے ایک دوست سے فائدہ پہنچے گا پر اعتماد کی فضا قائم کرنے کے لئے آپ کو کچھ تبدیلیاں لانی ہونگی۔ اپنے مقصد پر یکسوئی رکھیں۔ وقار بلند رکھیں۔ بلاوجہ گفتگو سے پرہیز کریں۔
(9 تا16) اس ہفتہ شمس تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت انعامی اسکیموں میں فائدہ ہوگا اور مفت کی دولت ملنے کا بھی امکان ہے۔ وراثتی جائیداد میں تقسیم ہو سکے گی۔ شیئرز کے کام میں فائدہ حاصل ہوگا۔ کاروباری غرض سے کیا گیا سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔
(17 تا25) اس ہفتہ میں عطارد تربیع مشتری کی نظر قائم ہو رہی ہے جو کہ نحس ترین نظر ہے۔ اس ہفتہ خفیہ اور حفاظتی امور احتیاط طلب ہوں گے کوئی بھی غلط قدم حیثیت و شخصیت پر حرف لا سکتا ہے لہذا راز کا پوشیدہ رکھنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر افسوس کرنا پڑے گا۔
(26 تا28) اس ہفتہ کے آخری ایام میں ملازمت پیشہ حضرات کو سازگار حالات درپیش ہونگے۔ شریک حیات کی وجہ سے اخراجات میں زیادتی ہوگی۔ ہمیشہ آپ ایسے معاملات میں نقصان اٹھاتے رہے ہیں۔ شک و شبہ کو دل میں جگہ نہ کرنے دیں۔ ملازمت میں ترقی نہیں ہے۔

مارچ (یکم تا8) شمس مشتری تربیع اشارہ دے رہی ہے کہ ملازم پیشہ افراد کے لئے یہ ہفتہ بہتر نہ رہے گا افسران بالا کا دباؤ رہے گا یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کی ملازمت خطرہ میں پڑ جائے۔ کاروباری حضرات کے لئے بھی اس ہفتہ کوئی اچھی خبر نہیں کسی نقصان کا اندیشہ ہے۔ رقم کا لین دین یا افسران بالا سے تعلقات کی خرابی یا نئی جائیداد کی حصول، الیکٹرونکس اشیاء کی خریداری، زیورات کا خریدنا ان دنوں میں نقصان دے سکتا ہے۔
(9 تا16) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اپنی سوچ کو مثبت انداز میں رکھیں کسی بھی بات کے شروع ہونے سے پہلے منفی رجحان کو ختم کر دیں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا کی جانب سے کوئی نقصان اٹھا بیٹھیں گے بہتر ہے کہ ہاتھیوں کی لڑائی میں کچلنے سے بچیں۔
(17 تا25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے سیارگان کی یہ نظر آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اس دوران نئے کام کی ابتداء انعامی اسکیموں میں حصہ لینا شیئرز، سونا چاندی کی خرید و فروخت فائدہ دے سکتی ہے۔
(26 تا31) اگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو سختی برداشت نہ کر سکے گی۔ اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔ کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔ حالات بہتری کی طرف آرہے ہیں طبیعت میں سے غصہ کا عنصر کم کریں ورنہ آئندہ کی کامیابی کو آپ ناکامی میں تبدیل کر بیٹھیں گے قوت ارادی مضبوط کریں۔ مخالفین آپ پر غلبہ پا سکیں یاد رکھیں کہ کچھ لوگ آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

صدیقی نیوز ایجنسی، لودھراں 0308-4450391 ادارہ روحانیات

اپریل (یکم تا8) اس ہفتہ قائم ہونے والی اہم سعد نظر شمس شلیث مشتری مالی فائدہ کی جانب گواہی دے رہی ہے اس دوران انعامی اسکیموں میں شامل ہونا نئی عمارت کی تعمیر یا نئی جائیداد کی خرید فائدہ مند ثابت ہوگی۔ آئندہ دنوں میں مالی حالات کمزور ہونے کا خطرہ ہے متوقع مالی کمزوری کو دور کرنے کیلئے ان ایام میں صاحب علم افراد سے مل کر اس نایاب قوت میں اپنے لئے خاص لوح تیار کرواسکتے ہیں۔ لکی عدد 97 ہے۔
(9 تا16) 10 اپریل تا 11 اگست کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری اسی برج میں رجعت پذیر ہو رہا ہے تقریباً 04 ماہ اپنی طاقت کھودے گا اس سیارہ سے منسوب کام ابھی التواء میں ڈال دیں۔ کاروباری معاہدوں پر دستخط کرنے سے قبل احتیاط کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔ قرض دینے اور لینے کے لئے بھی یہ ایام اچھے نہیں۔ اپنا طبی معاینہ کروائیں۔ امراض قلب، جگر، ہیپا ٹائٹس، شوگر جیسے امراض ہوسکتے ہیں۔
(17 تا25) (۳) کسی مشینری کے خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ بداخلاقی سے گریز کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کا موافق وقت نہ ہے اس ہفتہ کے نحس عدد 3,5,6,8 ہے۔ دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں زبان سے نکلی ہوئی بات اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔
(26 تا30) اس ہفتہ اگر کھانسی نزلہ یا زکام کی شکایت ہو تو بہتر معالج سے فوری علاج شروع کروائیں۔ ورنہ بیماری دیر سے ختم ہوگی دوستوں سے فائدہ ملنے کا امکان ہے لیکن اولاد کی طرف سے مایوسی ہوگی اور اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ یہ وہ وقت ہے کہ ایک کمزور دشمن بھی آپ پر حاوی ہوسکتا ہے۔ اچانک پریشانی آسکتی ہے اس ہفتہ آپ کے ستارے کمزور حالت میں ہیں ان ستاروں کی کمزوری میں مزید اضافہ ہوگا۔

مئی (یکم تا8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد شلیث مشتری قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت اہل خانہ کے ساتھ تفریح کا پروگرام بناسکتے ہیں ٹوٹی پھوٹی اشیاء کی مرمت بھی کرسکتے ہیں۔ ایک خوشخبری آپ کو انہی ایام میں مل سکتی ہے۔ کہیں سے رقم ملنے کی اُمید ہے یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انعامی اسکیموں میں آپ کو کامیابی مل جائے۔ اس ایام میں سبز رنگ استعمال کریں وراثتی جائیداد سے متعلق جھگڑا ختم ہونے کا امکان ہے۔
(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ شلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ کاروباری پوزیشن قدرے بہتر رہے گی۔ آمدنی میں بھی معقول اضافہ ہوگا۔ لیکن اخراجات کی زیادتی کے سبب جیب خالی ہی رہے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ قدرے جدوجہد کے بعد طے پاسکے گا۔ یہ ایام محبوب سے ملاقات کے لیے بہتر ہیں کوئی تحفہ بھیج کر محبوب یا شریک حیات کا دل جیت سکتے ہیں۔ سوجی اور شکر کا صدقہ جمعرات، جمعہ کے روز دیں۔
(17 تا25) بڑی عمر کی عورتوں سے رومانس کرنا تو اچھی بات نہیں یہ الگ بات ہے کہ وہ اگر آپ کو پسند کریں اور ان کی توجہ آپ کی جانب رہے جسمانی صحت کا خیال رکھیں۔ اگر اولاد جوان ہے تو اس سے مشورہ ضرور کریں ضروری ہی نہیں کہ بڑی عمر کے لوگ آپکو درست مشورے دیں۔ زائچہ میں بچوں کی جانب سے بہتر لائحہ عمل پیش کرنے کی نشانی موجود ہے۔ قریبی عزیز کو ادھار رقم ہرگز نہ دیں کوشش کریں
(26 تا31) اس ہفتہ مشتری عطارد مقابلہ نحس فضا قائم کررہے ہیں آپ اس ہفتہ اپنے مخالفین کے سامنے کمزور ہیں اور انہیں صلح پر آمادہ کرنے کی کوشش کریں۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ایام بھی کچھ بہتر ہیں۔ اہم امور کے سلسلے میں بزرگوں سے مشورہ لینا بہتر رہے گا۔

جون (یکم تا8) ان ایام میں قرض نہ دیں چاہتے ہیں کہ سابقہ دی گئی رقم یا قرض واپس مل جائے اور کھیں آپ نے رقم کی واپسی کا تقاضا نہ کیا تو آئندہ کئی ماہ تک آپ کو وہ رقم نہ ملے گی۔ دوستوں کی جانب سے بدنامی کا خدشہ ہے۔ گھریلو ماحول تنگ رہیگا ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے آپس کی پیار محبت ختم ہوچکی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی نہیں ملے۔ مخالفین کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ بگڑے ہوئے معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔
(9 تا16) ان ایام میں نحس نظر مشتری شمس مقابلہ قائم ہے شیئرز اور قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت نقصان دے سکتی ہے میں دل و جگر کے امراض بھی پیدا ہوسکتے ہیں اور وہ افراد جو متعلقہ امراض میں مبتلا ہیں مذکورہ مرض شدت اختیار کرسکتا ہے۔ اچھے معالج سے رابطہ کریں اپنے برج سے متعلق صدقہ ضرور دیں اگر آپ کے پاس لوح شمس اور لوح مشتری ہے تو اس قسم کی نظرات آپ کے لیے زیادہ نقصان دے ثابت نہ ہوگی۔
(17 تا25) یہ ہفتہ زہرہ مشتری مقابلہ کے تحت اشارہ کررہا ہے کہ جائیداد یا زمین، پلاٹ کی خرید فروخت فائدہ نہ دیگی۔ والدین یا بزرگوں سے بھی مالی فوائد حاصل کرنے کا اچھا وقت نہیں ہے۔ ان ایام میں صدقہ کے لیے زیر زمین پیدا ہونے والی اشیاء دینا مناسب رہیگا۔ اس صدقے کی برکت سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے۔ سفید اور گولڈن رنگ استعمال نہ کریں بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کو خاطر کامیابی نہ ملے گی
(26 تا30) ان دنوں نیا کام شروع کرنا بھی آپ کے حق میں بہتر نہیں دوران سفر احتیاط کریں۔ مخلص دوستوں سے مشورہ کرنا آپ کے حق میں بہتر ہے۔ بلکہ مزید معاملات خراب ہونگے۔ باوجود کوشش کے بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کو خاطر خواہ کامیابی نہ ملے گی مزید معاملات خراب ہوجائینگے باوجود کوشش کے بیرون ملک سفر کر بھی کریں تو ناکامی ہوگی ہوسکتا ہے کہ واپس خالی ہاتھ آنا پڑے۔ حادثہ کا خطرہ ہے۔

جولائی (یکم تا8) حالات تیزی سے بہتری کی جانب آنا شروع ہو گئے ہیں۔ وراثتی جائیداد سے حصہ لینے کی قوی امید ہے عرصہ سے رکا ہوا ایک مسئلہ بھی حل ہونے کی جانب اشارہ ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ لیکن اتنا بھی نہیں کہ لالچ میں سب کچھ لٹا کر بیٹھ جائیں۔ قریبی عزیزوں خصوصاً بہنوں کی جانب سے اچھی خبر ملنے کی امید ہے اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی۔ اپنے اسم اعظم کا ورد کریں۔
(9 تا16) یہ ایام آپ کے حق میں نہ جائیں گے۔ ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔ فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔ مشہور ہے کہ انسان غصہ کی حالت میں ہی پہچانا جاتا ہے کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں اپنے ارادے کو جاری رکھیں کئی کوئی جھول نہ آنے دیں۔ جذبات میں آ کر آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں۔ احتیاط کرلیں ایک دبا ہوا مسئلہ دوبارہ سے سر اٹھائے گا۔
(17 تا25) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا عمل میل جول بڑھے گا با مقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ آپ کے لئے خوشخبری ہے کہ ایک طویل عرصہ جو کہ مایوسی اور احساس کمتری میں گزرا اب بہتری کی طرف آ رہے ہیں۔ طبیعت میں بے چینی رہیگی اپنے منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کسی جانب سے آپ اس دوران نظر بد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں
(26 تا31) گرد و پیش کا جائزہ لیں اور خاموشی سے اپنے کام کو انجام دیں۔ ذہن میں نئے خیالات اور خوابوں کی بھرمار رہے گی۔ ہوائی قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ آپ ان دنوں عملی کام کریں۔ قانونی نوعیت کے کام کرنے کے لئے یہ ہفتہ بہترین ہے کہ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو منگنی کا امکان زیادہ ہے یا اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔ طبیعت میں بہادری اور ہمت پیدا کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں۔
اگست (یکم تا8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 04 تا09 اگست رہیں گے۔ جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے تھے۔ اس ہفتہ قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ لکی عدد 31,36 ہیں۔ کہیں سے مفت کی دولت مل سکتی ہے۔ ذرا سی کوشش سے بڑا مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔ قیمتی اشیاء چوری ہو جانے کا اندیشہ ہے آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔ بزرگ کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ اختلافات ختم کردیں اور ان کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں۔
(9 تا16) 10 اپریل تا 11 اگست کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری اسی برج میں رجعت پذیر ہو رہا ہے تقریباً 04 ماہ اپنی طاقت کھونے کے بعد یہ سیارہ سابقہ قوت پر بحال ہوگا۔ اس کی استقامت کے ثمرات اسی ہفتہ ملنا شروع ہو جائینگے۔ کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں ورنہ بعد میں پچھتاوے کے کچھ ہاتھ میں نہ آئیگا۔ ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔
(17 تا25) اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت حصول مال و دولت میں کی گئی کوششیں کامیاب ہو سکیں گی۔ پہلے سے بہتر طریقہ سے کاروبار چلا سکیں گے۔ انعامی اسکیموں میں فائدہ حاصل ہوگا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 53,35 ہے۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ چھٹیوں کے لئے سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کے لئے تعلیم پر پوری توجہ دیں۔
(26 تا31) یکے بعد دیگر دل میں یہ خیال آتا رہے گا کچھ ہونے والا ہے ہمیشہ مصروف رہیں اکیلے رہنے میں آپ ہی کا نقصان ہے۔ تنہائی سے نکلیں اور دوستوں میں وقت گزاریں۔ پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس پر دھیان نہ دیں لیکن اس وقت احتیاط کرنی چاہئے۔ ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔ آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں لیکن سستی کو نزدیک نہ آنے دیں۔
ستمبر (یکم تا8) ان ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ سے نظر تربیع قائم کر رہا ہے جو کہ نحس علامت ہے۔ شریک حیات یا محبوب سے تعلقات خراب ہو سکتے ہیں لہٰذا ان ایام میں آپ دوری اختیار کریں بہتر ہوگا ورنہ معاملات خرابی کی جانب نکل سکتے ہیں۔ چند دوست نما دشمن آپ کے گرد سازشوں کا جال بُن رہے ہیں۔ محتاط رہیں عزیز و اقارب سے بھی کسی بات پر تلخی ہوسکتی ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ عطارد تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اب ایام میں فضول بحث سے گریز کریں قریبی عزیز و اقارب سے حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں یہ ایام آپ کیلئے پریشانیاں لا سکتا ہے شدید ذہنی دباؤ میں بھی مبتلا ہو سکتے ہیں خوشخبری ملنا متوقع ہے۔ سب کچھ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ آپ چاہیں تو حالات کو بدل سکتے ہیں ذہنی تناؤ کا شکار رہینگے۔ ماحول میں بہتری آئیگی۔ ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کررہا ہے۔ آپ کو ہوش و حواس رکھ کر بات کرنا ہوگی۔ نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں۔
(26 تا30) زہرہ تسدیس مشتری کی سعد نظر کے تحت بہت جلد خوشی ملنے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی، یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے گھر میں ہے وہ آپ کے لئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جائیں اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو یقیناً آپ کی خوشی دیرپا ہوگی۔ ان ایام میں کاروباری غرض سے کیا گیا سفر بہترین ثابت ہوگا ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔

ادارہ روحانیات بابا عبدالرحمن اخبار فروش، نزد آسن سینما رحیم یار خان

اکتوبر (یکم تا8) ایک خوشخبری ملنے والی ہے حالات بہتری کی جانب آرہے ہیں نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام ہیں۔ والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کے لئے وہ انعامات، برکات، تجلیات ہیں جو کہ آپ کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔ طبیعت میں خوشگوار عنصر موجود ہے گا راز کی بات کسی سے نہ کہیں دل کی بات دل میں رہنے دیں۔

(9 تا16) اس ہفتہ قائم ہونے والی اہم سعد نظر شمس تثلیث مشتری مالی فائدہ کی جانب گواہی دے رہی ہے اس دوران انعامی اسکیموں میں شامل ہونا نئی عمارت کی تعمیر یا نئی جائیداد کی خرید فائدہ مند ثابت ہوگی۔ مگر آئندہ دنوں میں مالی حالات کمزور ہونے کا خطرہ ہے متوقع مالی کمزوری کو دور کرنے کیلئے ان ایام میں صاحب علم افراد سے مل کر اس نایاب قوت، میں اپنے لئے خاص لوح تیار کرواسکتے ہیں۔ کاروباری قرض نہ لیں۔

(17 تا25) ایک الجھا ہوا مسئلہ سلجھ جائیگا۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات استوار رکھیں ایک شخص آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوران سفر احتیاط کی ضرورت ہے۔ تیز رفتاری سے گریز کریں۔ کسی شے کے کھوجانے کا بھی اندیشہ ہے۔ سبز رنگ فائدہ دیگا۔ ناجائز معاملات سے گریز کریں۔ عزیز و اقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپ کے حق میں ہی فیصلہ ہوگا۔ سفر سے بہتر نتائج برآمد ہونگے لیکن طویل سفر سے گریز کریں۔

(26 تا31) یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنی بہتری کی طرف آرہے ہیں لوگوں کی باتوں پر توجہ نہ دیں وقت کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہوجائیگا۔ ازدواجی الجھنوں کا امکان ہے۔ شادی کے سلسلہ میں رکاوٹ ہوسکتی ہے۔ لاپرواہی ہرگز نہ کریں چوری بھی ہوسکتی ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔ صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔

نومبر (یکم تا8) محبوبہ، عشق، پیار محبت، خوبصورتی کا حاکم سیارہ زہرہ جس کو خوش بختی کا سیارہ بھی کہا جاتا ہے۔ برج قوس میں 02 تا26 نومبر رہے گا۔ اس وقت منگنی، نکاح شادی کی تقریبات رسم انجام دے سکتے ہیں۔ یہ محبت اور پیار بانٹنے والے ایام ہیں۔ اہل خانہ یا شریک حیات کے ہمراہ سیر تفریح کا پروگرام بنالیں۔ دوستوں اور پیار کرنے والوں کے درمیان رہ کر آپ اس وقت کو اور زیادہ خوبصورت بناسکتے ہیں۔

(9 تا 16) سیارہ مشتری نومبر 2018ء کو برج قوس میں داخل ہوا تھا مفت کی دولت حاصل کرنے کا یہ سیارہ 02 دسمبر 2019ء کو برج قوس سے جدی میں داخل ہورہا ہے ایسے افراد جو کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں ان کے لئے 02 دسمبر تک فائدہ اٹھاسکتے ہیں اب بھی نہایت مبارک وقت ہے لکی عدد 1,3,5 ہیں۔ چاہیں تو ان اعداد سے بڑا فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ اچانک مفت کی دولت ہاتھ آسکتی ہے کئی بگڑے ہوئے اور پیچیدہ مسائل حل ہوجائینگے لیکن اس ہفتہ کے آخری ایام ازدواجی زندگی پر اچھا اثر نہ ڈالے گا اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں

(17 تا25) ان ایام میں زہرہ قران مشتری قائم ہورہا ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لیے مناسب وقت ہے۔ کاروباری شراکت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ خواتین پوشیدہ امراض کا علاج کروائیں تو جلد افاقہ ہوگا۔ شریک حیات سے مالی فوائد متوقع ہیں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ اس ماہ 22 نومبر کو مال دولت، عزت حاکمیت کا سیارہ شمس آپ کے برج میں داخل ہورہا ہے۔ اس دوران کاروباری نئی اسکیمیں شروع کرسکتے ہیں اپنے کاروبار کو فروغ دینے کے لیے نئی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔ شمش کا قیام برج قوس میں 22 دسمبر تک رہے گا۔

(26 تا30) آپ اطمنان کرلیں کہ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ ہفتہ بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں جو کہ آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ اس ہفتہ گھر کی مرمت کروائیں اور قابل مرمت دیگر اشیاء خصوصا الیکٹرک اور الیکٹرانک سے متعلقہ کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

دسمبر (یکم تا8) کاروباری حالات میں خاصی تبدیلی آسکتی ہے۔ یہ ایام جائیداد کی خریداری کیلئے مناسب ہیں قوی امید ہے کہ ان دنوں میں آپ رکا ہوا پیسہ یا قرض بھی واپس مل جائے کچھ ستارے آپ کے حق میں بہتر جارہے ہیں کسی نوعیت کا فائدہ ملنے والا ہے۔ بڑے پیمانے پر لین دین سے واضح تبدیلی آئیگی اچھی قیمت پر خریداری یا فروخت سے فائدہ ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان سے ثابت ہوسکتی ہے۔

(9 تا16) شراکتی کاروباری معاملات بہتر ہوں گے۔ اہم دستاویز پر دستخط کریں گے اور لوگوں کی توجہ رہے گی محبت کے معاملات اہم رہیں گے

(17 تا25) ذہنی توجہ سے آپ ایک بگڑے ہوئے کام کو بہتر انداز سے سنوار سکتے ہیں ہم مزاج افراد سے رابطہ رکھیں۔ بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا۔ ایسے حالات اور واقعات پیش آسکتے ہیں۔ جو آپ کی ترقی کو مزید بڑھانے میں مددگار ثابت ہونگے خواں مقصد کچھ بھی ہو کامیابی ملے گی۔ صلاحیتوں کو بہتر بنائیں اس سلسلہ میں ضروری معاملات جمع کریں دور دراز سے دوستوں سے خاص مسئلہ پر مشورہ کیا جاسکتا ہے۔

(26 تا31) ان ایام میں مشتری قران شمس کی سعد نظر ہے۔ ڈوبی ہوئی رقم ملنے کا امکان ہے۔ یہ ہفتہ خوش بختی لائے گا۔ کاروبار میں بھی نفع ہوسکتا ہے۔ عزت مال دولت حاصل کرنے کا اچھا وقت ہے۔ یہ ایام خرید و فروخت کے لیے معاون ثابت ہونگے قیمتی اشیاء کی خریداری سے فائدہ ہوسکتا ہے۔

CAPRICON

تاریخ پیدائش:۔ 20 دسمبر تا 20 جنوری | نام کا سرحرف:۔ ج، خ | موافق دن:۔ ہفتہ | حاکم سیارہ:۔ زحل

جدی

خاصیت:۔ خود اعتماد، غیرت مند، دلکش | موافق عدد:۔ 8

نقائص خصلت:۔ خودغرض، حد سے زیادہ خود اعتماد | موافق رنگ: نیلا، سیاہ، جامنی، آتشی

امراض:۔ دانتوں کے امراض، اعصابی تناؤ، جلدی امراض | موافق پتھر: سفید عقیق، چشم سلیمانی، نیلم

جنوری (یکم تا 8) ان ایام میں زحل قران شمس قائم ہو رہا ہے۔ یہ نحس ترین وقت ہے کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ کر لیں مالی نقصان کو اندیشہ ہے ان ایام میں چوری بھی ہو سکتی ہے۔ گھر سے باہر جانے سے قبل اپنی قیمتی اشیاء کو سنبھال کر رکھیں۔

(9 تا 16) عطارد کا تعلق علم قلم اور عمل جبکہ زحل کو روحانیت کا سیارہ کہتے ہیں۔ یہ دونوں سیارگان ایک درجہ نقطہ پر ہیں کسی بزرگ سے دعا کرنے پر آپ کی مشکل حل ہوگی۔ دور دراز کا سفر پیش آسکتا ہے۔ مصیبت اور پریشانی کے خاتمہ کیلئے گھر میں پرندے رکھیں۔ اپنے ہاتھ سے باجرہ دیں۔ موجودہ وقت میں مصیبت صدقہ کی برکت سے ٹل سکتی ہے۔ قریبی بزرگ سے رابطہ کریں اور خاص طور سے دعا کروائیں۔

(17 تا 25) علم حکمت، عقل و دانش، اولاد، بھائی، رشتہ داروں سے اچھے تعلقات کا سیارہ عطارد 24 جنوری تا 10 فروری آپ کے برج میں داخل ہو رہا ہے۔ اس دوران اپنے معاملات حل کر سکتے ہیں۔ مقدمہ اور پنچائتی فیصلوں میں بھی کامیابی کا وقت ہے۔ بچوں کے مستقبل کا فیصلہ بھی کریں۔

(26 تا 31) عزت، دولت اور شہرت کا سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج جدی میں وبال و نحوست کی شعاعیں خارج کرتا ہے 06 جنوری کو گرہن یافتہ ہو رہا ہے اس ہفتہ یہ سیارہ اپنی سعد قوتیں کھو دے گا گرہن کے وقت انتہائی ناقص اور کمزور ہو جائیگا۔ اس ہفتہ بہت محتاط رہنے کی ضرورت ہے کاروباری لین دین قیمتی اشیاء کی خریداری نئے کاروبار کی ابتداء یا قرض لینے یا دینے کیلئے یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ مناسب نہ ہے۔ ایسے جدی افراد جو کہ عارضہ قلب و جگر میں مبتلا ہیں اپنے مرض کا باقاعدہ علاج کروائیں سستی یا لاپرواہی ہرگز نہ کریں۔

فروری (یکم تا 8) ازدواجی الجھنوں کا امکان ہے۔۔ شادی کے سلسلہ میں رکاوٹ ہو سکتی ہے۔ ضروری بھی نہیں کہ ہر شخص آپ کی بات مانے۔ قیمتی اشیاء چوری ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ گھر سے نکلتے وقت احتیاط کرنا بہتر ہے۔ قریبی عزیزوں خصوصا بہنوں کی جانب سے اچھی خبر ملنے کی امید ہے اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی۔ احتیاط کریں ایک دبا ہوا مسئلہ دفتر یا خاندان میں دوبارہ سے سر اٹھائے گا۔

(9 تا 16) کاروباری افراد کو اس وقت اپنی خاص دلچسپیوں اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے خاص کوششیں کرنی چاہئیں اور نئے تعلقات قائم کرنے چاہئیں۔ اس وقت جتنا زیادہ سے زیادہ تنوزع پیدا کریں گے اتنا ہی آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔ ان ایام میں میرون رنگ استعمال کریں۔

(17 تا 25) اگر آپ کے اندر فنکارانہ صلاحیت اور کچھ کر گزرنے کی امنگ ہے تو اپنے خول سے باہر نکلئے اور اپنی صلاحیتوں کو منوائیے آپ کی مسرتوں کا انحصار متواتر مشاہدے اور دوسروں کے نظریات سے آگاہی پر ہے۔ اپنے آپ کو پہنچانئے اپنی صلاحیتوں کا اندازہ کیجیے اور اپنے آپ کا محاسبہ کیجیے سنجیدگی سے اپنے آپ کو پہنچانئے اور اپنی غلطیوں کو درست کیجیے شہرت و مقبولیت کے لئے موزوں وقت ہے۔

(26 تا 28) اس ہفتہ عطارد اور زحل دونوں طالع کی موافقت میں ہونگے۔ چنانچہ آپ کی روزمرہ سرگرمیوں پر بے حد خوش گوار اثر ڈالیں گے رشتہ داروں، خاندان والوں اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہو جائیں گے ماحول ایسا ہو جائے گا کہ اس سے آپ کو خوشی ملے گی۔

مارچ (یکم تا 8) مارچ کا پہلا نصف حصہ تمام خرید و فروخت کے لیے بھی بہت موافق ثابت ہوگا چنانچہ اگر آپ مناسب قیمت پر خریداری کرنا چاہتے ہیں یا کسی خاص مقصد کے لئے چندہ اکٹھا کر رہے ہیں تو یقینا کامیاب رہیں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ شمس زحل تسدیس کے تحت ہے ہمت اور صبر کو ہاتھ سے نہ جانے دیں یہ ہفتہ آپ کے لئے مبارک ثابت ہو سکتا ہے اس ہفتہ زحل اور شمس اچھی حالت میں ہیں نظر تسدیس کی وجہ سے اُلجھے ہوئے معاملات درست ہو سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ ضرور دیں۔

(17 تا 25) عطارد آپ کے زائچہ میں اچھی پوزیشن میں ہے زحل کے ہمراہ تسدیس کی نظر بنا رہا ہے آپ تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور ملازمت یا کام میں ترقی کے لئے کوشش کر رہے ہیں تو یہ وقت کامیابی لائے گا۔ یاد رکھیں ان ایام میں سائل کو خالی ہاتھ نہ بھیجیں کچھ نہ کچھ ضرور دیں۔

(26 تا 31) آپ کی مالی خوش اسلوبی اور کاروباری ترقی کا دارومدار محنت کی بجائے قسمت پر ہے اور قسمت آپ پر جلدی ہی مہربان ہوگی۔ لاپرواہی ہرگز نہ کریں چوری بھی ہو سکتی ہے۔ وراثتی جائیداد سے حصہ لینے کی قوی امید ہے عرصہ سے رکا ہوا ایک مسئلہ بھی حل ہونے کی جانب اشارہ ہے۔

ناولٹی بک ڈپو، میر پور ماتھیلو 072-3651182 ادارہ روحانیات

اپریل (یکم تا 8) ان ایام میں ایک سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے۔ان ایام میں منگنی شدہ افراد کی شادی ہونے کا امکان ہے۔عزیز واقارب کی طرف سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔اپنے منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔یہ بھی ممکن ہے کہ کسی جانب سے آپ اس دوران نظر بد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ان ایام میں آپکو محتاط رہنا ہوگا۔محبوب سے ملاقات کیلئے یہ اچھے دن نہیں ہیں۔تلخ کلامی سے بات بگڑ سکتی ہے۔سوچی سمجھی اسکیم کے تحت آپ کے ساتھ ایک چال چلی جائیگی۔دوران سفر خاص خیال رکھیں۔چوری کا اندیشہ ہے۔والدین کی جانب سے صدمہ مل سکتا ہے۔یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنی بہتری کی طرف آ رہے ہیں لوگوں کی باتوں پر توجہ نہ دیں
(17 تا 25) کاروباری افراد آئندہ آنے والے وقت کیلئے ان دنوں بہترین حکمت عملی بنا سکتے ہیں۔دوران سفر احتیاط کرنا ہوگا۔والدہ کی جانب سے وراثتی جائیداد یا مفت کی دولت ملنے کی توقع ہے۔بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔انعامی اسکیموں میں فائدہ زہرہ تسدیس مشتری کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں اپنے ارادے کو جاری رکھیں کئی کوئی جھول نہ آنے دیں۔
(26 تا 30) سیارہ زحل کی رجعت 30 اپریل تا 18 ستمبر تک ہے آپ کے برج کا حاکم زحل درجدی رجعت پذیر ہوگا اس دوران نحس نظرات بھی شامل ہوں گی جس کی وجہ سے نحوست میں زیادہ اضافہ ہوا جادو یا حادثہ یا چوری یا جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے مزدور اور ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ دورانیہ اچھا نہیں کوشش کریں کہ بہت خاموشی سے اس وقت کو گزاریں اور اپنے برج سے متعلق صدقہ ضرور دیں۔

مئی (یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے اس ہفتہ معمولی بات پر بڑا جھگڑا کھڑا ہو سکتا ہے۔وہ افراد جن کی منگنی کی بات چل رہی تھی۔یا نکاح قریب تھا۔خدشہ ہے کہ کسی بھی وجہ سے یہ معاملہ ختم ہو جائے۔آپ دوستوں سے توقعات حد سے زیادہ رکھ لیتے ہیں قریبی عزیزوں سے حالات کو بہتر بنائیں کاروباری پوزیشن بہتر نہ رہیگی۔لیکن اخراجات میں بھی اضافہ رہے گا۔
(9 تا 16) ان ایام میں شمس تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔جس کے اثرات 10 تا 14 مئی رہینگے۔ان ایام میں کیا گیا،نیا کاروبار آپ کو فائدہ دیگا۔کاروبار کی غرض سے ہونے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔دوست احباب کی طرف زیادہ میں اضافہ ہوگا۔خاندان کے ساتھ سیر وتفریح کا پروگرام بھی بن سکتا ہے۔ان ایام میں انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتی ہیں لیکن اتنا بھی نہیں کہ لالچ میں سب کچھ لٹا کر بیٹھ جائیں۔
(17 تا 25) صحت منداور لمبی عمر پانے کیلئے اس ہفتہ بہترا قدامات کر سکتے ہیں کوشش کریں کہ اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کروائیں امراض سے نجات کیلئے تجویز کردہ نسخہ جات اس ہفتہ بہت تیزی سے اثرانداز ہو سکیں گے بہترین معالج کی تلاش ہے تو کوشش کریں کہ آپ کے معالج کے نام کا سرحرف س،ش ص،ث یا ج،خ سے ہو ان شاء اللہ جتنے بھی امراض ہیں آپ اُن سے بہت جلد نجات پا سکیں گے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ان ایام میں مرد حضرات کو خواتین سے فائدہ ہو سکتا ہے کسی بزرگ خاتون یا والدہ سے دعا کروانے کے لیے یہ وقت نہایت سازگار ہے تا کہ آپ کو اپنے مقصد میں جلد کامیابی حاصل ہو اس ہفتہ برج کے مطابق اپنا صدقہ لازمی دیں۔ان دنوں خصوصی خیال رکھیں۔اپنے معاملات کو جاری رکھئے۔والدہ کی جلد صحت یابی کے لئے ان کا صدقہ دیں۔

جون (یکم تا 8) سعد نظر زہرہ تثلیث زحل کے مثبت اثرات اس ہفتہ بھی ہوں گے۔سیاسی وسماجی فائدہ ہوگا۔اس ماہ منگنی یا نکاح ہونے کا امکان بھی ہے۔تعلیم آپ سے خاصی تعاون کرے گی۔یہ سلسلہ عشق ومحبت آپ کو کامیابی مل سکتی ہے۔اس ہفتہ قرض نہ دیں اور نہ ہی قرض لیں۔ملے جلے حالات رہینگے۔شروع ہفتہ میں ناکامی حسرت و یاس مایوسی کی کیفیت طاری رہیگی لیکن آپکو اس سے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔
(9 تا 16) بہتر یہی ہے کہ خاموشی سے اپنے کام کو انجام دیں۔ذہن میں نئے خیالات اور خوابوں کی بھرمار رہے گی۔ہوائی قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ آپ ان دنوں عملی کام کریں۔قانونی نوعیت کے کام کرنے کے لئے یہ ہفتہ بہترین ہے کہ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو منگنی کا امکان زیادہ ہے یا اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں۔طبیعت میں بہادری اور ہمت پیدا کریں کوشش کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں۔
(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔اس نظر کیوجہ سے اس ہفتہ کے دوران مالی حالات میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔کسی مقام پر جم کر بیٹھنا نصیب نہ ہوگا۔اس ہفتہ سیاحت و سفر میں رہیں گے اور مالی مفاد کم حاصل ہوں گے۔اس ہفتہ دوران سفر محتاط رہیں۔
(26 تا 30) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا عمل میل جو بڑھے گا با مقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔فائدہ پہنچ سکتا ہے۔گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔یہ ایام آپ کے حق میں نہ جائیں گے۔کاروبار میں ترقی ہو گی۔یکے بعد دیگر دل میں یہ خیال آتا رہے گا کچھ ہونے والا ہمیشہ مصروف رہیں اکیلے رہنے میں آپ ہی کا نقصان ہے۔لکی عدد 58 ہے۔

جولائی (یکم تا8) اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ملازمین سے نقصان کا خدشہ ہے کوشش کریں کہ اپنے راز کسی کو نہ دیں۔ کاروبار میں لین دین احتیاط سے کریں نقصان کا خدشہ ہے کوئی بھی کام والدین یا بزرگوں کے مشورہ کے بغیر نہ کریں۔ اپنے روزمرہ کے کاموں کو وقت پر کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ نے کوئی جائیداد خریدنی ہے تو اس کیلئے وقت سازگار نہیں ہے۔
(9 تا16) تنہائی سے نکلیں اور دوستوں میں وقت گزاریں۔ پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔ اس پر دھیان نہ دیں لیکن اس وقت میں بد اخلاقی سے گریز کریں یقینا آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ ایک شخص آپ کو مالی دھوکہ دینا چاہ رہا ہے احتیاط کرنی چاہیئے۔ وہ خودغرض آپ کے نزدیک ہی سے اپنے لفظوں میں تناؤ پیدا کریں کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔
(17 تا25) زحل جس کے زیادہ تر امور کا تعلق آپ کی زندگی سے ہے اس ہفتہ زہرہ سے نحس نظر قائم کر رہا ہے۔ ان ایام میں وہ افراد جن کی منگنی یا نکاح ہو چکا ہے اپنے سسرالی رشتہ داروں سے نرم رویہ رکھیں۔ جتنا ہو سکتا ہے بحث وتکرار سے گریز کریں کسی کے بھی جھگڑے میں بلاوجہ کودنے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ آپ کو لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔ چند لوگ مل کر آپ کے خلاف سازشوں کا جال بن رہے گا۔
(26 تا31) اگر سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔ صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں۔ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ دن بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں جو کہ آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کر رہا ہے۔
اگست (یکم تا8) ڈراؤنے خوابوں سے پریشانی نہ ہوں یہ الگ بات ہے کہ آپ کو آئندہ پیش آنے والے خطرات سے قبل از وقت آگاہ کیا جا رہا ہے۔ صدقات کی طرف خاص دھیان دیں۔ بزرگ کی زیارت کے لئے لازمی جائیں۔ روحانی محافل میں شرکت کریں تا کہ روحانی سکون میسر آئے۔ یہ بات مان لیں کہ آپ کمزور نہیں لیکن آپ کو کمزور ظاہر کرنے کی کوشش جاری ہے۔ کاروباری پوزیشن اس ہفتہ بہتر رہے گی۔
(9 تا16) کامیابی کی طرف مسلسل بڑھتے جائیں۔ عدالتی امور سے متعلق معاملات کو خوب غور وفکر سے دیکھیں کوشش کریں کہ تحریری ،تقریری معاملات میں کہیں بھی کوئی لچک یا جھول آپ کی طرف سے باقی نہ رہے۔ عزیز واقارب سے تعلقات بہتر نہ ہونگے۔ معاملات مسلسل خرابی کی جانب بڑھ رہے ہیں بھائیوں یا بہنوں کی طرف سے کوئی دکھ پہنچ سکتا ہے۔ تو آپ اس لکیر کو نہ پیٹیں جہاں سے سانپ گزر چکا ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ بننے والی اہم نظر عطارد تربیع زحل کی وجہ سے دیرینہ دوستی ٹوٹ سکتی ہے یا کسی کسی قسم کے شکوک آسکتے ہیں جائیداد کے معاملات بگڑتے چلے جائینگے۔ دشمن آپ پر غلبہ حاصل کرنے کی مکمل کوشش کریں گے جس میں وہ کسی حد تک کامیاب ہوتے نظر آرہے ہیں۔ مخالفین سے بہت حد تک محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ بغیر پڑھے کسی دستاویز پر دستخط نہ کریں۔ ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔
(26 تا31) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل ہے محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ کوشش کریں کہ ان دنوں خاموشی اختیار کرلی جائے۔ کڑوے اور سخت جملے بولنے سے گریز کریں۔ کسی تقریب جانے کا اتفاق ہوگا جہاں پر آپ کی ملاقات کچھ پرانے دوستوں سے ہوگی آپ نے ان سے اپنے دُکھ بیاں نہیں کرنے کیونکہ آپ کی اسی عادت کی وجہ سے آپ کے اپنے بھی آپکو چھوڑ چکے ہیں۔
ستمبر (یکم تا8) زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ مگر ان ایام میں زحل راجع ہے یہ ہفتہ والدین اور بزرگوں کو زائد توجہ کی ضرورت پڑے گی۔ زائد ذمہ داریاں آن پڑیں گی۔ جلد بازی میں آ کر کوئی قدم ہرگز نہ اٹھائیں اور ہر معاملے میں خاموشی اختیار کریں۔ خاموشی اختیار کریں شریک حیات یا محبوب سے عہدوپیماں کرنے کا مناسب وقت ہے اس ہفتہ آپ میں شخصی کشش میں بھی اضافہ ممکن ہے۔
(9 تا16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے۔ کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور مخالفین پر با آسانی غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہو سکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ کم عمر افراد کو والدین اور بزرگ رشتہ داروں سے فائدہ ملے گا۔ عبادت وریاضت کی طرف کا دھیان نہ رہے گا اس ہفتہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب ہوگا۔
(17 تا25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل 18 ستمبر کو مستقیم ہو رہا ہے اس برج میں زحل کا قیام 22 مارچ 2020ء تک رہیگا۔ یہ وقت ہے جب آپ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ عبادت اور ریاضت کی جانب دھیان رہے گا۔ بگڑے ہوئے معاملات تیزی سے بہتری کی طرف آئینگے۔
(26 تا30) ان ایام میں لڑائی جھگڑے کا خدشہ ہے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چند لوگ آپکی اچھی شہرت کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ شریک حیات سے تعلقات میں خرابی یا شہرت میں کمی کا باعث ہو سکتی ہے۔ یہ ہفتہ نہایت پُرسکون گزارنے کیلئے زبان کو تالا لگائیں اسی میں بھلائی ہے۔ آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جب آپ کے ہاتھ میں کچھ رقم آجاتی ہے تو گویا آپ سے بڑا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔

طاہر بک ڈپو ،نزد نخلستان ہوٹل دیپال پور 0300-4854922 ادارہ روحانیات

اکتوبر (یکم تا8) اس ہفتہ شمس تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ احساس کمتری میں اضافہ ہوگا دل میں بزدلی اور خوف کا عنصر غالب رہے گا آمدنی میں اضافہ ہونے کی بجائے اخراجات مزید بڑھ جائینگے۔ خوش شکل چہرے دیکھ کر دوستی کا ہاتھ اس کی جانب بڑھانے کی کوشش کریں گے لیکن دوسری جانب سے مثبت جواب نہ ملنے کی وجہ سے مایوسی ہوگی۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ دینے کا اہتمام لازمی کریں۔
(9 تا16) اس ہفتہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب ہوگا۔ اگر آپ نے کوئی جائیداد خریدنی ہے تو اس کیلئے حالات اور وقت سازگار ہے لیکن آئندہ چند ہفتہ میں یہ حالات تبدیل ہونگے۔ کامیابی کی طرف مسلسل بڑھتے جائیں۔ عدالتی امور سے متعلق معالات کو خوب غور وفکر سے دیکھیں کوشش کریں کہ تحریری، تقریری معاملات میں کہیں بھی کوئی لچک یا جھول آپ کی طرف سے باقی نہ رہے۔ یہ سب عطارد بزحل تسدیس کی وجہ سے ہے۔
(17 تا25) اس ہفتہ سعد نظر زہرہ تسدیس زحل ہے یہ ایام آپ کے لئے خوش بختی لائیں گے کیونکہ یہ آپ کے ستارے کے حساب سے آپ کے لئے بہترین ہفتہ ہے اس ہفتہ ذاتی خواہشات کی تکمیل کے لئے کوشاں رہیں گے۔ تعلیمی سفر کا امکان ہے۔ قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ اہم معاہدے پر دستخط کر سکیں گے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کر لیں کیوں کہ آپ پریشانی کے سبب بیمار بھی ہو سکتے ہیں
(26 تا31) عبادت وریاضت کی طرف کا دھیان رہے گا۔ لہذا بزرگوں کا تعاون آپ کے لئے فائدہ مند اور مفید ہوگا۔ اس ہفتہ گھر کی مرمت کروائیں اور قابل مرمت دیگر اشیاء خصوصا الیکٹرک اور الیکٹرانک سے متعلقہ کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ڈوبی ہوئی رقم ملنے کا امکان ہے۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات استوار رکھیں ایک مجبور بے کس شخص آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔

نومبر (یکم تا8) ان ایام میں شمس آپ کے برج کے حاکم سیارہ زحل سے نظر تسدیس قائم کر رہا ہے جس کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ اس ہفتہ بزرگوں سے دُعا کروائیں تو رزق کی بندش ختم ہو سکے گی یا رزق میں وسعت ہوگی۔ والدین کی خدمت کریں تو مصیبت ٹل جائے گی
(9 تا16) عطارد زحل کی سعد نظر عندیہ دے رہی ہے کہ آپ بھرپور قوت کا اظہار کر سکتے ہیں کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ واپس اپنی طاقت میں آچکا ہے۔ سیارہ کی اس قوت کی وجہ سے حالات کی بہتری اور کھویا ہوا اعتماد بحال ہوگا۔ لیکن یاد رکھیں کسی پر بھروسہ کرنا آپ کے لئے نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ بہت سے معاملات حالات آپ کی گرفت میں ہے۔ جائیداد کی خرید وفروخت کے لئے مبارک ایام ہیں۔
(17 تا25) آپ اس وقت طاقت ور انسان ہیں آغاز ہفتہ سے ہی حالات میں بہتری ملے گی محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ خوشخبری ملنے کی امید ہے حاسدین جو کچھ کر رہے ہیں ان کو یقینا منہ کی کھانی ہوگی یہ بھولیں کہ اس وقت آپ پر جادوئی حملے بھی کئے جا رہے ہیں سیارہ زحل قوت اور طاقت میں ہونے کی وجہ سے ان حملوں کو بے اثر کر رہا ہے۔ لیکن یاد رکھیں کسی پر بھروسہ کرنا آپ کے لئے نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔
(26 تا30) رواں ہفتہ کے دوسرے نصف حصے میں خط وکتابت یا سفر محبت کے معاملے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں خط وکتابت یا سفر کے ذریعے محبت کا عنصر داخل ہو جائیگا اپنے جذبات پر قابو رکھیں اور دکھاوے کی محبت کا اظہار نہ کریں ورنہ کسی کو دشمن بنا لیں گے۔ ان دنوں سفر سے پرہیز کریں قانونی اور آفیشل معاملات طے کرتے ہوئے بھی ان دنوں بہت محتاط رہیں صرف یہی نہیں۔

دسمبر (یکم تا8) یہ ایام زہرہ قران زحل کے تحت گزریں گے بلا سوچے سمجھے سرمایہ کاری نہ کریں ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھانا ہی عقل مندی ہے۔ اس بات کا قوی امکان موجود ہے کہ اپنے مسائل کو سمجھنے میں غلطی کر سکتے ہیں اگلا قدم اٹھانے سے پہل خوب غور وفکر سے کام لیجیے۔ اس راستے پر جس پر کہ آپ گامزن ہیں۔ آپ کو اپنے دوستوں کی مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہے لہذا ان کی تجاویز اعتماد اور بھروسے کی نظر سے دیکھیں۔
(9 تا16) بہت محتاط رہنے کے ایام ہیں مبادا آپ خواہ مخواہ الجھ کر رہ جائیں۔ وہ ہستی جو آپ کے بہت قریب ہے اس سے پیار بھری گفتگو آپ کو دائمی مسرت عطا کر سکتی ہے اگر دوسرے لوگ بھی اس میں ملوث ہوں تو ان کی پرواہ نہ کریں۔ بلکہ رشتہ داروں اور سسرالی رشتہ داروں سے بھی ان دنوں بہت حکمت عملی سے پیش آئیں گے۔ اس ہفتہ کے آخری ایام سفر کے لئے غیر موافق ہوگی لہذا اگر ہو سکے تو سفر ملتوی کر دیں۔
(17 تا25) ان ایام میں ملازم پیشہ افراد ہفتہ کے آغاز سے ہی خاص توجہ دیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ کام کی زیادتی اور ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے طبیعت میں سستی رہیگی۔ مایوسی نہ اُمیدی کو قریب نہ آنے دیں ضروری بھی نہیں کہ آپ نے جس سے جو امیدیں لگائی ہوں وہ ان پر اسی طرح پورا اترے۔ اس وقت میں بھرپور قوت کا اظہار کر سکتے ہیں حالات کی بہتری اور کھویا ہوا اعتماد بحال ہوگا۔
(26 تا31) بہت سے معاملات حالات آپ کی گرفت میں ہے برج ثور، حوت سے تعلق رکھنے والا شخص آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہو گا۔ یعنی وہ افراد جن کے نام ب، و، ح، د، سے شروع ہوتے ہیں آپ کے لئے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں شراکتی کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ تو برج ثور حوت سے متعلقہ شخص کے ساتھ کریں یقینی فائدہ ہوگا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے موزوں وقت ہے وقت کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہو جائیگا۔

AQUARIUS تاریخ پیدائش:۔ 21 جنوری تا 19 فروری | نام کا سرحرف:۔ س' ش' ٹ' گ | موافق دن:۔ ہفتہ | حاکم سیارہ:۔ یورانس

دلو

خاصیت:۔ مدد کرنے والا' جذبہ ایثار' باحیاء | موافق عدد:۔ 4

امراض:۔ آنتوں کے امراض' ہیپاٹائٹس | موافق پتھر:۔ نیلم' حدید' عقیق سیاہ

نقائص خصلت:۔ جذباتی' جلد غصہ کرنے والا | موافق رنگ:۔ سفید' کریم' ہلکا نیلا' آسمانی

جنوری (یکم تا 8) ان ایام میں زحل قران شمس قائم ہو رہی ہے۔ شراکت داری سے فائدہ ہوگا۔ مالی معاملات خود اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ رقم کا حساب کتاب اچھی طرح جانچ پڑتال کریں۔ لاپرواہی مالی نقصان دے سکتی ہے۔ اس ہفتہ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔
(9 تا 16) عطارد قران زحل نحس اثرات ظاہر کر رہا ہے کسی بھی قسم کا معاہدہ خاص طور سے دستاویزات پر دستخط کرنے سے قبل غور سے پڑھ لیں نچلے درجے کے لوگ ملازمین آپ کو نقصان دے سکتے ہیں آپ کیلئے جال تیار کیا جا چکا ہے۔ ایک قریبی عزیز آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سے بچنے کوشش کریں قرب و جوار پر نظر رکھیں کہ کون کیا کر رہا ہے؟ آنکھیں اور کان کھلی رکھیں۔ کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں۔
(17 تا 25) آپ کے برج میں عزت، دولت اور شہرت کا سیارہ شمس کو گرہن لگ رہا ہے نحس قوی اثرات آپ کو کمزور کر دینگے اس دوران کوئی بھی معاہدہ کرنا یا خرید و فروخت آپ کیلئے نقصان کا باعث ہوگا۔ 21 جنوری کو یہ لگنے والا گرہن تین دن قبل اور تین دن بعد تک اثرات ظاہر کرتا رہیگا۔ مالی معاملات میں نقصان کا اندیشہ ہے اس دوران نہایت محتاط رہنا ہوگا۔ ممکنہ خدشات سے بچنے کیلئے صدقہ دیں۔
(26 تا 31) شریک حیات سے حالات استوار رکھیں سخت لہجہ اپنانے سے گریز کریں۔ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خواب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنا آپ کے لئے نیا مسئلہ کھڑا کر سکتے ہیں۔

فروری (یکم تا 8) اپنے غموں کو بھول کر دوستوں کا خندہ پیشانی سے استقبال کریں اگر آپ انہیں یہ یقین دلانے میں کامیاب ہو گئے تو وہ آپ کے بڑے سے بڑے مسئلے کو بھی حل کرا دیں۔ صاحب اقتدار اور بااختیار لوگوں پر تنقید اور طنز سے گریز کریں ان کا منصوبہ آپ سے بہتر ثابت ہوسکتا ہے لہذا ان کے ساتھ قدم ملا کر چلئے ان کے دل میں آپ کی بہت قدر ہے۔ اور کوئی خوش گوار سفر اختیار کریں گے۔
(9 تا 16) ان ایام میں آپ کے معمولات پر زہرہ زحل قران کے اثرات رہیں گے آپ کا منصوبہ خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو، اس کے لئے بہت محنت کی ضرورت ہے، اسے شروع کرنے میں تاخیر سے کام مت لیجیے شروع کرنے کے بعد اس پر سختی سے کاربند رہیں۔ آگے بڑھنا فائدہ مند ہے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تسدیس زحل نظر کچھ خاص اشارے دے رہی ہے رسل و رسائل، خط و کتاب لکھنے اور سفر سے متعلقہ معاملات کے ذریعے بھی اس وقت کامیابی ملے گی دوست یا رشتہ دار سے متعلق کچھ ایسی خبریں ملیں گی جن کے نتیجے میں آپ کو اپنے منصوبوں میں تبدیلی لانے پڑے گی۔
(26 تا 28) اس وقت آپ زیادہ نمایاں کردار ادا کر کے اور اپنی کوششوں میں اضافہ کر کے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ مستقبل میں اگر کاروبار یا تفریح کی غرض سے کوئی اہم سفر کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں انتظامات کیلئے وقت موافق ثابت ہوگا۔ فی الوقت عدالتی امور التواء میں کر دیں۔

مارچ (یکم تا 8) ایک خوشخبری ملنے والی ہے حالات بہتری کی جانب آ رہے ہیں نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام ہیں۔ والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ ایک الجھا ہوا مسئلہ سلجھ جائیگا۔ طبیعت میں خوشگوار عنصر موجود رہے گا۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات سعد رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آ جائیگی۔ بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہو جائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔
(17 تا 25) ان ایام میں عطارد زحل تسدیس کی مبارک نظر بن رہی ہے مقاصد کے حصول کے لئے نئی ترغیبیں ملیں گی۔ اس کے علاوہ جو لوگ ساتھ کام کرتے ہیں ان میں جوش و خروش بھی با آسانی پیدا کر سکیں گے۔ اگر آپ سماجی معاملات، سیاست یا فلاحی کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ تو اس ماہ آپ کو ان کاموں میں حصہ لینے کے بھرپور مواقع میسر آئیں گے اور مرضی کے مطابق ماحول اور کام کرنے کا موقع ملے گا۔
(26 تا 31) اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں ورنہ بعد میں پچھتاوے کے کچھ ہاتھ میں نہ آئیگا۔ آپ کو مالی لین دین کے معاملات میں مکمل ہوشیار رہنا ہے۔ کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر بہترین ہوگا ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔ نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔ آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں۔

اپریل (یکم تا8) اس ہفتہ عطارد تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ ظاہر ہونگے ۔ مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے ۔ اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے ۔ گھریلو ماحول بہت خوشگوار رہیگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے ۔ اس سعد نظر کے تحت آپ اپنے آپ کو پہلے سے زیادہ طاقتور محسوس کریں گے دشمنوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کریں اپنے مطالبات منوائیں آپ بظاہر کمزور ہیں لیکن کمزور نہیں ۔ احساس کمتری کو نزدیک نہ آنے دیں ۔ والدین اور عمر رسیدہ لوگوں سے فائدہ ہوسکتا ہے ۔ لیکن اسی دوران قریبی عزیز کے صدمے سے بھی دو چار ہوسکتے ہیں ۔

(17 تا25) ان ایام میں شمس تربیع زحل کا نحس اثر ہوگا مالی نقصان کا اندیشہ ہے محبوب یا مخلص دوست بھی دھوکہ دے سکتا ہے ۔ حد سے کیا گیا اعتبار بھی نقصان دہ ثابت ہوگا ۔ روپے کے لین دین میں احتیاط برتیں اس ہفتہ سیاہ اور نیلے رنگ کے لباس کا استعمال نہ کریں اپنے کمرے کے پردے اور بستر کی چادر تبدیل کر کے سفید، کریم، سبز، رنگوں کا استعمال کریں ۔ پریشانی سے بچاؤ کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم سوالاکھ بار ضرور ورد کریں ۔

(26 تا30) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم زحل رجعت پذیر ہو رہا ہے اس کی یہ رجعت برج جدی میں ہے عزیز واقارب خصوصاً والدین سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے نرم رویہ اختیار کریں اس دوران دشمنوں کی جانب سے جادو کے وار بھی کئے جاسکتے ہیں رجعت 30 اپریل تا18 ستمبر تک ہے اس سیارے کی رجعت ہے ۔ چھوٹے اور نیچ درجہ کے لوگوں سے بھی نقصان ہوسکتا ہے ۔ چوری کا خدشہ ہے ۔

مئی (یکم تا8) ان ایام میں نحس نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے ۔ ان ایام میں کسی سے جھگڑے کے نتیجے میں بھی علیحدگی ہوسکتی ہے ۔ جوان اولاد سے جدائی کا اندیشہ ہے ۔ کسی بزرگ یا والدین سے بھی جدائی ہوسکتی ہے اختلافات بڑھ سکتے ہیں خواتین میں پوشیدہ امراض بڑھ جانے کا خدشہ ہے ۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اس دوران جتنا زیادہ ہوسکتا ہے محتاط رہیں صدقہ لازمی دیں ۔ روپے کے لین دین بحث وتکرار فائدہ نہ دیگی ۔

(9 تا16) اس ہفتہ شمس تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے ۔ صحت بہتر ہو جائیگی مال و دولت میں اضافہ ہوگا ۔ رزق میں ترقی اور وراثتی جائیداد بھی مل سکتی ہے مذہبی لگاؤ بڑھ جائیگا ۔ مشکلات سے ان ایام میں خاتمہ ہو جائیگا ۔ آپ بڑے وفادار اور سچے ہیں ۔ والدین یا بزرگوں سے بھی مالی فوائد حاصل کرنے کا اچھا وقت ہے ۔ ان ایام میں صدقہ کے لیے زیر زمین پیدا ہونے والی اشیاء دینا مناسب رہیگا ۔ اس صدقے کی برکت سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے علاوہ ازیں دل، جگر، ریڑھ کی ہڈی جیسے امراض کی شدت میں بھی کمی اس صدقہ کی برکت سے ہوسکتی ہے ۔

(17 تا25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے ۔ ان ایام میں غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج سے منسلک ہوسکتے ہیں ۔ کاروبار میں تیزی سے مالی فائدہ ممکن ہوگا ۔ خوشی کی تقریب منعقد کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں ۔ دوست، عزیز واقارب کے ساتھ تقریب منعقد کرسکتے ہیں ۔

(26 تا31) اگر آپ نے کسی کو اس دوران قرض دیا تو واپس نہ ملے گا بلکہ واپسی کا مطالبہ کرنے پر لڑائی جھگڑا پیدا ہو جائیگا ۔ مشہور ہے کہ کسی کو قرض دینا بے وقوفی اور قرض دے کر واپس مانگنا اُس سے بڑی بے وقوفی ہے بہتر ہے کہ بڑی بے وقوفی سے بچنے کیلئے چھوٹی بے وقوفی نہ کی جائے ۔ بھیانک خواب نظر آرہے ہیں تو خراب حالات کی طرف اشارہ دیتے ہیں ۔ ملازم پیشہ مالی اور کاروباری حالات اچھے نہ رہینگے

جون (یکم تا8) دوران سفر احتیاط کی ضرورت ہے ۔ تیز رفتاری سے گریز کریں ۔ کسی شے کے کھو جانے کا بھی اندیشہ ہے ۔ سبز رنگ فائدہ دیگا ۔ ناجائز معاملات سے گریز کریں ۔ عزیز واقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپ کے حق میں ہی فیصلہ ہوگا ۔ اس ہفتہ کی ابتداء بہتری سے ہوگی سفر سے بہتر نتائج برآمد ہونگے ۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا ۔ بگڑے معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں ۔

(9 تا16) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے ۔ اپنے حلقہ احباب سے نرم رویہ میں گفتگو کریں لڑائی جھگڑا سے گریز کریں ۔ کوشش کریں کہ اس ہفتہ میں کوئی مقدمہ یا پنچایتی فیصلوں میں نہ جائیں بدنامی کا خدشہ ہے ۔ آپ کی طبیعت میں مایوسی غالب کا عنصر رہے گا ۔

(17 تا25) راز کی بات کسی سے نہ کہیں دل کی بات دل میں رہنے دیں ۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے ۔ خصوصاً قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں ان ایام میں چوری ہونے والی اشیاء کا ملنا ناممکن سی بات ہے ۔ بزرگ کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے ۔ اختلافات ختم کر دیں اور ان کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں ۔ اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہے ازدواجی متاثر ہوسکتی ہے ۔

(26 تا30) اپنی انتھک محنت کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے ۔ غصہ کو قابو میں رکھیں ۔ چرب زبانی سے پرہیز کریں ۔ اس ہفتہ آپ کو شدید چوٹ بھی آسکتی ہے ۔ صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں دل سے متعلقہ امراض ابھر سکتے ہیں ۔ کوئی بیماری کی علامت پائیں تو فوری طور پر معالج سے رجوع کریں ۔ معمولی مرض کو معمولی ہرگز نہ سمجھیں ۔

بلوچ نیوز ایجنسی ملتان روڈ مظفر گڑھ — ادارہ روحانیات

جولائی (یکم تا8)03 جولائی کو لگنے والا مکمل سورج گرہن کی وجہ سے ان ایام میں نقصان بے اعتباری، ناپسندیدگی اور تمام قسم کی کمزوریاں، ناکامی آنے کا خدشہ ہے انہیں پاس بھٹکنے نہ دیں۔ یہ نحس ایام ہیں ممکن ہے کہ کوئی حادثہ رونما ہو جائے بے احتیاطی برا انجام دے سکتی ہے۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ بات بات پر غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ جلد بازی سے مالی نقصان متوقع ہے۔
(9 تا16) آپکے برج کا حاکم سیارہ نحس حالت سے گزر رہا ہے۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں ہے۔ ان ایام میں کیا گیا کاروبار نقصان کی طرف جاسکتا ہے۔ مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ دوستوں یا گھریلو جھگڑے ہونے کا امکان ہے۔ کسی بزرگ کی طرف سے صدمہ مل سکتا ہے اس ہفتہ کے آخری ایام میں جزوی طور پر چاند گرہن کے بھی اچھے اثرات ظاہر نہ ہوں گے۔ اس ہفتہ بہتے پانی میں صدقہ ڈالیں۔
(17 تا25) پنچایتی فیصلے اور خاندان میں عزت برقرار رکھنے کا ہفتہ ہے۔ اہم فیصلے سوچ سمجھ کر کریں اپنی طبیعت میں لچک ضرور پیدا کریں لہجہ نرم اور شگفتہ ہو تو کئی مخالف بھی آپ کی بات سننے کو تیار ہو جائیں گے۔ بزرگ کی بات ماننے میں ہی فائدہ ہے روحانی فیض میسر آسکتا ہے۔ عبادت وریاضت کی طرف دھیان رہے گا صحبت نیک کریں روحانی سکون میسر ہوگا۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے اچھا ہفتہ ہے۔
(26 تا31) اس ہفتہ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کھلے پانی میں جانے سے گریز کریں سرسبز مقامات طبیعت میں تازگی پیدا کریں گے۔ اہل خانہ آپ کی جانب سے کسی اہم خبر کی منتظر ہیں لیکن طبیعت سے چڑچڑا پن ختم کریں بات بات پر جھگڑنا آپ کے وقار کو خراب کرتا ہے جو کچھ ہو چکا اسے دل و ذہن سے نکال دیں۔ ایک شخص آپ کی تاک میں ہے ممکن ہے کہ اس کا تعلق برج میزان سرحرف نام ر، ت، ط سے ہو۔
اگست (یکم تا8) ایک عزیز کی جانب سے پریشانی لاحق ہوسکتی ہے دوران سفر محتاط رہیں اندیشہ ہے کہ کوئی بڑا نقصان نہ ہو جائے۔ روپے پیسہ ضائع نہ کریں کسی قسم کا حادثہ پیش آسکتا ہے۔ دور دراز سے دوستوں سے خاص مسئلہ پر مشورہ کیا جاسکتا ہے۔ تخلیقی سرگرمیاں بڑھیں گی اس ہفتہ سفر نہ کرنا آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ جذبات کو قابو میں نہ رکھیں ورنہ جسمانی اور مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔
(9 تا16) اس ہفتہ محتاط رہیں جسمانی بیماری میں بخار اور سردرد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ جمعہ کے روز شکر کا صدقہ دیں یا منگل کے دن 9 دانے سرخ مرچ ثابت آگ میں ڈال دیں آنے والی پریشانی سے کسی حد تک نجات مل جائیگی۔ خفیہ دشمن سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں اپنی قوتوں کا بھرپور فائدہ اٹھائیں دوراندیشی سے آپ اپنے مسائل حل کرسکتے ہیں اس ہفتہ کے آخری دو دن آپ کے لئے خوشخبری لاسکتے ہیں۔
(17 تا25) گھریلو معاملات اور جائیداد کا مسئلہ خاموشی سے طے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اگر بڑی نوعیت کا کام آپ خود کرنا چاہ رہے ہیں تو جلد بازی سے گریز کریں۔ محبت کے معاملات ایک کونہ میں رکھے رہنے دیں کسی سے اظہار محبت بھی کرنا ہو تو فی الوقت خاموش رہیں وہ افراد جن کی منگنی ہو چکی ہے حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہے کچھ الزامات لگائے جاسکتے ہیں۔ کام کی زیادتی سے تھکن محسوس کریں گے۔
(26 تا31) ملازمین کو رکھنے سے قبل خوب جانچ پڑتال کرلیں نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ ذہنی توجہ سے آپ ایک بگڑے ہوئے کام کو بہتر انداز سے سنوار سکتے ہیں ہم مزاج افراد سے رابطہ رکھیں۔ بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا۔ ایسے حالات اور واقعات پیش آسکتے ہیں۔ جو آپ کی ترقی کو مزید بڑھانے میں مددگار ثابت ہونگے خواں مقصد کچھ بھی ہو کامیابی ملے گی۔ صلاحیتوں کو بہتر بنائیں اس سلسلہ میں ضروری معاملات جمع کریں۔
ستمبر (یکم تا8) ان ایام میں ایک خاص سعد نظر زہرہ مثلیث زحل قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جن افراد کی منگنی ہو چکی ہے ان کی شادی ہونے کے امکان ہے۔ محبوب سے عہد و پیماں کرنے کا مناسب وقت ہے۔ تعلیم پر بھی خاص توجہ دینی ہوگی۔ کچھ لوگ آپ سے ملنے کے خواہشمند ہیں جن کو آپ مسلسل غیر اہم سمجھتے جارہے ہیں تعلقات بڑھانا آپ کے حق میں بہتر رہے گا پرانے دوست سے مل کر خوشی ہوگی۔
(9 تا16) اس ہفتہ شمس مثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ وقت جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ کاروباری فائدہ اور کامیابی اور مالی اقبال مندی حاصل ہوگی۔ ملازمت پیشہ افراد کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ خواتین سے متعلقہ امور میں مدد حاصل ہوگی لیکن بہت احتیاط کی ضرورت ہے اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جان لیں ہر فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا۔ مالی مشکلات کا اندیشہ ہے احتیاط سے قدم اٹھائیں۔
(17 تا25) نحس ترین نظر عطارد، زحل کے مابین ہے اس وجہ سے آپ کے برج کے حاکم سیارہ کی گردش اس ہفتہ زیادہ ہوگی پریشانیوں میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ دماغی ذہنی امراض میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ جادو ٹونہ اور نظر بد حسد کی وجہ سے نقصان ہوسکتا ہے۔ کسی بھی روحانی شخصیت سے رابطہ کریں ورنہ یہ حالات آپکے لئے انتہائی نقصان دے ثابت ہوسکتے ہیں چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ اپنے رازوں کو کسی سے نہ کہیں۔
(26 تا30) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت مختلف معاملات طے کرتے وقت محتاط رہیں ورنہ دھوکہ دہی کا خدشہ ہے۔ سفر کرنے سے حتی الامکان گریز کریں۔ شریک حیات کی صحت کے ناقص رہنے کا بھی احتمال ہے۔

اکتوبر (یکم تا 8) ان ایام میں شمس تربیع زحل کی نظر قائم ہورہی ہے۔اس ہفتہ جائیداد کی خرید وفروخت میں نقصان ہوسکتا ہے۔نیا کاروبار شروع فی الحال نہ کریں اگر شروع کرنا ضروری ہوتو پہلے صدقہ لازمی دیں۔ایک مخلص دوست آپ کی راہنمائی کریگا مگر آپ اپنی ضد پر قائم رہنے کی وجہ سے نقصان کر بیٹھیں گے۔والدین کی جانب سے صدمہ مل سکتا ہے۔دوست احباب میں آپ کی عزت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں آپ کا حاکم سیارہ مضبوط پوزیشن میں ہے عطارد زحل کی مثبت نظر آپ کو فائدہ دے گی اس ہفتہ کسی خاص مقصد کے لئے عزیز یا دوست سے تعاون کرنا چاہتے ہیں تو بآسانی مل سکے گا۔اور وہ افراد جو اس پوزیشن میں ہیں کہ آپ کو مشورہ اور مدد دے سکیں وہ بھی اس وقت آپ کی دلچسپیوں کی موافقت میں ہوں گے۔رشتہ داروں سے بھی تعلقات خوشگوار ہوجائیں گے ان کی آمد یا ان سے ملاقات پر بہت خوشی کا احساس ہوگا

(17 تا 25) ملازمت پیشہ افراد کا افسران بالا سے تعاون حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ورنہ ناگہانی حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔رومانوی ماحول میسر آئے گا کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ذہنی دباو کے بڑھ جانے اور افشائے راز کا خدشہ ہے کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے کرسکیں گے۔ملازمت کے معاملات میں احتیاط ضروری ہے۔دوستوں اور حلقہ احباب میں آپ کی شخصیت ابھرے گی۔کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی

(26 تا 31) کواکبی صورتحال مجموعی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔گھریلو مسائل کو گھر میں ہی بیٹھ کر حل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ذہنی اور جسمانی توجہ عملی معاملات کی جانب مائل رہیگی۔ ملازمت،کاروباری معاملات بہتر ہونگے ایک رکا ہوا مسئلہ بھی حل ہوسکتا ہے اطمینان بخش حل مل جانے کا امکان ہے۔شراکتی کاروبار سے گریز کریں یقیناً نقصان آپ کے ہی حصہ میں آئیگا۔

نومبر (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہورہی ہے اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آجائیگی۔بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہوجائینگے۔مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔کاروبار میں نئی جدت لاکر زیادہ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ اپنے اخراجات کنٹرول کریں آپ اپنی دولت ایسی جگہ تعلقات پر ضائع کررہے ہیں جس کا کوئی حاصل نہیں۔

(9 تا 16) سیارہ زحل عطارد کے ہمراہ قران کی نظر قائم کررہا ہے آپ کے برج کا حاکم سیارہ بہتر پوزیشن میں ہونے کے سبب اس راہ محبت کے معاملات پر بھی دباؤ پڑیگا ان معاملات میں اگر حال ہی میں سست روی کا سامنا رہا ہے تو اب حالات بہتر ہوجائیں گے اور یہ وقت پرانا واقع ثابت ہوگا۔اس وقت زندگی میں ایک سے زیادہ مداحوں کے داخلے کا امکان بھی ہے شادی شدہ افراد کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا اور اگر آپ کے بچے ہیں تو بھی زائد ہم آہنگی اور سکون وخوشی سے ملے گی۔شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ بلاوجہ بحث سے گریز کریں۔

(17 تا 25) ان ایام میں سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کے تحت آپ کے بگڑے ہوئے معاملات سلجھنا شروع ہوجائینگے۔وہ افراد جو کہ کاروباری سفر کی غرض سے بیرون ملک جانا چاہتے ہیں اُنکا یہ سفر کامیاب ہوگا۔ازدواجی زندگی خوشگوار ہوگی۔والدین کے ساتھ مل کر سیر وتفریح کا کوئی پروگرام بنا سکتے ہیں۔موبائیل فون،الیکٹرانکس کی اشیاء کی خرید وفروخت کرسکتے ہیں۔خوش بختی کا یہ ہفتہ کچھ نئی تبدیلیاں بھی لاسکتا ہے۔

(26 تا 30) عطارد اور سیارہ زحل اس ہفتہ اہم خاص مثبت زاویہ پر ہیں اب زندگی سے متعلق آپ کی سوچ سنجیدہ ہوجائے گی اور آپ تحفظ اور مستقبل میں استحکام حاصل کرنے سے متعلق زیادہ پریشان رہیں گے۔اب آپ کو کچھ زائد ذمہ داریاں بھی قبول کرنی پڑیں گی جس کی وجہ سے آپ کے اضافی معمولات فضولیات پر بھی اثر پڑے گا یعنی اس پر پابندیاں عائد ہوجائیں گی اور اس میں کمی کرنی پڑے گی۔نیلا رنگ استعمال کریں۔

دسمبر (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہوسکتا ہے۔بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے۔ مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔آپ یہ موقع کسی صورت ہاتھ سے جانے نہ دیں۔مالی مسائل آپ کی توجہ کے زیادہ متقاضی ہیں۔

(9 تا 16) زہرہ زحل قران کے سبب اپنے ضرورت مند دوستوں سے پرخلوص مشورہ ضرور کریں لیکن انہیں اس بات پر مجبور کریں کہ وہ ہر حال میں آپ کے مشوروں پر عمل بھی کریں اس طرح آپ ان کے اعمال کے نتائج کی ذمہ داری سے بچے رہیں گے۔آپ نے اپنے آپ کو بہت سی باتوں میں اُلجھالیا ہے جتنی بھی غیر اہم باتیں ہیں انہیں ذہن سے اتار پھینکئے اور انہی امور پر توجہ دیجیے جو واقعی کسی اہمیت کے حامل ہیں

(17 تا 25) کاروباری حالات میں خاصی تبدیلی آسکتی ہے۔یہ ایام جائیداد کی خریداری کیلئے مناسب ہیں قوی امید ہے کہ ان دنوں میں آپ کی رکی ہوئی رقم قرض بھی واپس مل جائے۔زیادہ توجہ قوت فیصلہ کی جانب رہیگی اپنے ارادے مضبوط رکیں اور جو کچھ کرنا ہے کر گزریں۔ایسے کام جن کو اب تک آپ غیر اہم سمجھتے آئے یا ادھورا چھوڑا ہوا تھا کہ مکمل کرلیں۔ان دنوں کچھ ستارے آپ کے حق میں بہتر جارہے ہیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آخری ایام میں ہالہ دار سورج گرہن لگ رہا ہے اس کے نحس اثرات کی وجہ سے مالی نقصان ممکن ہے۔

PICES

تاریخ پیدائش:۔ 20 فروری تا 20 مارچ | نام کا سر حرف:۔ ف، چ | موافق دن:۔ جمعرات | حاکم سیارہ:۔ مشتری



حوت

خاصیت:۔ مہربان باشعور مہم شخصیت — موافق عدد:۔ 3

امراض:۔ لنگڑا پن آنکھوں کے امراض — موافق پتھر زمرد یا قوت

خاص خصلت:۔ علاوہ بھی میں جلد غصہ کا اظہار — موافق رنگ گہرا سبز تیز براؤن خاکی

جنوری (یکم تا 8) آپ کو سیر و تفریح کی مواقع راس آئیں گے رومانوی ماحول سازگار رہے گا تقریبات میں شرکت کے مواقع پیش آئیں گے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھریلو کاروباری اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے سماجی تقریبات میں شرکت کے لئے یہ وقت موزوں ہے۔ سماجی حیثیت میں اضافہ ہوا۔ اس ہفتہ کے ابتدائی دنوں میں آپ سماجی تقریبات میں مصروف رہیں گے
(9 تا 16) ان ایام میں بڑے پیمانے پر لین دین سے واضح تبدیلی آئیگی اچھی قیمت پر خریداری یا فروخت سے فائدہ ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان سے ثابت ہو سکتی ہے۔ ہفتہ کے آخر میں چند نحس نظرات نقصان کی جانب اشارہ دے رہی ہیں۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے چوری بچنے کے لئے خود احتیاط کریں۔ حصول مال کے خاطر کی گئی کوششیں ناکام ہو سکتی ہے۔ جس سے آپ اپنے کاروبار کو فروغ دے سکتا ہے.
(17 تا 25) زہرہ قران مشتری کے سبب دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہونگی اس ہفتہ اخراجات بڑھ جائیں لیکن قرض کی وصولی بھی ہو گی تاہم باوجود صالح نیت کے قرض کی ادائیگی نہ ہو سکے گی۔ ان ایام میں کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ غیر شادی شدہ حضرات کی شادی میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہونگی۔ تمام معاملات عشق و محبت میں سازگاری کی ہرگز توقع نہ رکھیں۔۔ معاملات آپ کے حق میں نہیں ہیں۔
(26 تا 31) تاہم زحل کی طالع میں موجودگی صبر و تحمل اور استحکام عطا کرتی ہے یہ صبر و تحمل اور استحکام نہ صرف یہ کہ پیش آنے والی مشکلات کا مقابلہ کرنے میں مدد دے گا بلکہ خاص مقاصد اور دلچسپیوں کو بھی آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ خاص طور پر جو قطعی فضول اور اہم نہیں ہے۔

فروری (یکم تا 8) عطارد تسدیس مشتری عندیہ دے رہا ہے کہ جو بات نرم رویہ سے حل ہو جائے اسے سختی سے کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عمرہ اور زیارت کے خواہشمند حضرات کی اس ہفتہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ آپ اس ہفتہ اپنے مخالفین پر غالب ہیں اور انہیں صلح پر آمادہ کر سکتے ہیں آپ دشمنوں پر بدستور غالب رہیں گے مکان کی تبدیلی کے خواہشمند حضرات ابھی کوئی قدم نہ اٹھائیں۔ لکی عدد 68 ہے
(9 تا 16) شمس تسدیس مشتری کے مثبت اثرات کی وجہ سے ان ایام میں دشمنوں کی جانب سے خطرات ٹل سکتے ہیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہو سکتا ہے۔ خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں۔ عزیز و اقارب کے ساتھ کوئی تقریب منعقد کر سکتے ہیں۔
(17 تا 25) خاتون خانہ کا رجحان گھریلو آرائش و تزئین کی طرف بڑھنے کا شراکت کے کاموں میں معاون افراد سے فائدہ حاصل کر سکیں گے قانونی امور توجہ طلب رہیں گے غیر ضروری کاموں میں حصہ لینے سے گریز کریں اور فضول قسم کے دوستوں اور فضول خرچی کے مشاغل سے احتیاط برتیں۔
(26 تا 28) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے اس ہفتہ کوئی بھی جائیداد خریدنا یا قیمتی اشیاء کی خریداری نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ مالی نقصان سے بچنے کے لئے احتیاط ضروری ہے۔ کسی بھی غیر متعلقہ شخص پر اعتماد نہ کریں۔

مارچ (یکم تا 8) شام کو کسی عزیز دوست سے ملاقات ہو سکے گی۔ اپنے نجی مسائل کو حل کر سکیں گے کوئی نیا معاہدہ عمل میں آئے گا ذاتی ترقی کے لئے مثبت اقدامات کر سکیں گے۔ رومان پرور حضرات کو کوئی تعاون کرنے کی کوشش کریں خانگی امور میں خوش اسلوبی سے طے ہو سکیں گے۔ اس ہفتہ رومان پرور حضرات کوئی نیا رومانس شروع کر سکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی بچوں کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔
(9 تا 16) ان ایام میں اخراجات میں زیادتی ہوگی لیکن آئندہ کیلئے کچھ بچا کر رکھنا آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے اخراجات کا ایک جن آپ کے سر پر مسلط ہونے والا ہے آنے والے اہم اور مشکل وقت کیلئے آپکو بہتر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ مشتری کے درمیان قائم ہونے والی سعد نظر حالات کی بہتری کا اشارہ دے رہی ہے اس نظر کے تحت طبیعت میں خوشی کا عنصر غالب رہیگا آپ کو آرام کا وقت ملے گا یا کسی تفریحی مقام پر جانے کا اتفاق ہوگا ماحول کی تبدیلی کی وجہ سے صحت بہتر رہے گی۔
(26 تا 31) اس ہفتہ کے ابتدائی ایام میں کسی اہم شخصیت سے ملاقات ہو سکے گی آپ کی شخصیت میں مقناطیسیت پیدا ہوگی اپنی سحر انگیز شخصیت سے دوسروں کو متاثر کر سکیں گے تفریح کے پروگرام بنانے میں اہم رہیں گی گھریلو مسائل کو حل کر سکیں گے۔ سیاہ رنگ مبارک ہے۔

پاک نیوز ایجنسی، تاجران کتب اسٹیشنرز و آرڈر سپلائرز۔ تربت۔ ادارہ روحانیات

اپریل (یکم تا8) مشتری کی عطارد سے قائم ہونے والی نحس نظر اس ہفتہ اچھے اثرات ظاہر نہ کرے گی اور مادی فوائد حاصل کرنے کے لئے یہ ایام مناسب نہ ہیں۔ مگر کامیابی کے لئے اس ہفتہ کے شروع ہی سے بھرپور کوشش کریں۔ اور حاصل ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اس طرح آپ نقصان کو فائدہ میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ تیز دھار آلات اور ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں لکی عدد۔

(9 تا16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خوشی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں اس ہفتہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ سرمایہ کاری میں لگے ہوئے روپے سے فائدہ ہوگا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔

(17 تا25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری زہرہ سے تربیع بنا رہا ہے اچھے حالات میں نہیں لہذا دوران سفر احتیاط کریں کسی قیمتی شے کی چوری کا خدشہ ہے یا مشینری خراب ہو سکتی ہے وہ افراد جن کا تعلق شیئرز یا انعامی بانڈ یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے ہے اس ہفتہ محتاط رہیں اگر کسی کو آپ نے رقم دی تو واپس نہ ملے گی نئے کاروبار کے آغاز کیلئے یہ ہفتہ مناسب نہ ہے۔ شراکتی کاروبار بھی فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔

(26 تا30) آپ کی صحت جسمانی کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے خواہشمند افراد کی ملازمت مل سکے گی۔ مگر یہ سب کچھ آپ کی گھریلو دلچسپی سے ہی ممکن ہوگا۔ قیمتی اشیاء کی حفاظت کریں۔ گھر نکلنے سے قبل حفاظتی انتظامات اچھی طرح دیکھ لیں۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ ٹانگوں میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ معدہ کے امراض بھی پیدا ہونگے۔ گھریلو اور کاروباری مسائل حل کر سکیں گے روپے پیسے کے لین دین احتیاط برتیں

مئی (یکم تا8) اس ہفتہ ایک عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں اہم فیصلے بہت آسانی سے کر پائیں گے جن میں آپ کو کامیابی ملے گی۔ قریبی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنائیں۔ عدالتی فیصلے اور معاہدے کرنے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اپنے کاروبار کو نئے طریقہ سے آگے بڑھائیں نئی نئی کاروباری اسکیموں سے آپ کا کاروبار جلد ہی ترقی کر پائیگا۔

(9 تا16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ کاروباری پوزیشن قدرے بہتر رہے گی۔ آمدنی میں بھی معقول اضافہ ہوگا۔ لیکن اخراجات کی زیادتی کے سبب جیب خالی ہی رہے گی۔ پریشان نہ ہوں غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ قدرے جدوجہد کے بعد طے پا سکے گا۔ یہ ایام محبوب سے ملاقات کے لیے بہتر ہیں کوئی تحفہ بھیج کر محبوب یا شریک حیات کا دل جیت سکتے ہیں۔ اندرون ملک دوران سفر محتاط رہیں۔

(17 تا25) شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ کاروبار میں منافع بدستور قائم رہے گا، گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ گذشتہ کے لئے معاہدے پر عمل درآمد کر سکیں گے۔ کاروبار کے معاملے میں کوئی اچانک سفر پیش آ سکتا ہے کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی اپنے درخشاں مستقبل کے لئے کوئی اقدام کر سکیں گے۔

(26 تا31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری، عطارد سے مقابلہ کے درجہ پر ہے ان ایام میں نحس حالت سے گزر رہا ہے لہذا انعامی اسکیموں یا نئے کاروبار کے آغاز یا کسی کو قرض دینے یا لینے کے لئے یہ مناسب وقت نہ ہے اس ہفتہ قیمتی اشیاء کی چوری کا بھی اندیشہ ہے بہت زیادہ احتیاط کرنا ہوگی۔ وہ افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند تھے اس ہفتہ اگر انکو اسکے متعلق کوئی خبر آتی ہے تو وہ اچھی نہ ہوگی۔

جون (یکم تا8) آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کوئی کاروباری پریشانی آ سکتی ہے۔ آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی کوئی کاروباری پریشانی آ سکتی ہے۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا ماحول میں مزید خوشگواری رہے گی اپنی نجی مسائل کو حل کر سکیں گے ملازمت کے خواہش مند افراد کو کسی اہم شخصیت کی مدد سے ملازمت کا حصول ہو سکے گا۔ اپنے غصہ پر کنٹرول کرنا ضروری ہے۔

(9 تا16) ان ایام میں شمس مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے جس کی وجہ سے آپ کے بنتے ہوئے کام بگڑنا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر ہے کہ ان ایام میں آپ اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں بزرگوں سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔ اپنے پرانے دوستوں کے ساتھ ایک محفل کا انتظام کریں جس میں اپنے مسائل ان سے شیئر کریں ان شاء اللہ کوئی نہ کوئی مناسب حل نکل جائیگا۔ فی الوقت حالات بدستور قائم رہینگے۔

(17 تا25) زہرہ مقابلہ مشتری اشارہ دے رہا ہے کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کرتے ہوئے آئندہ کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ کسی قریبی عزیز سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ اپنے ماتحت افراد پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ والدین کی جانب سے صدمہ مل سکتا ہے۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ قانونی دستاویزات پر دستخط کرنے سے قبل اچھی طرح چھان پھٹک کر لیں۔

(26 تا30) اس ہفتہ کے آغاز میں ہی بہتری کے اثرات نظر نہ آئینگے۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات اچھے ہو جائینگے۔ نئے منصوبوں کی تکمیل ممکن ہو سکتی ہے۔ آپ اس دوران بہتر لائحہ عمل بھی تیار کر سکتے ہیں۔ ہفتہ کے آخری ایام سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ لکی عدد 07 ہے۔

جولائی (یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران مریخ قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 28 تا 29 جون ظاہر ہو نگے یہ نظر آپ کے لئے فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہو سکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے لیکن یاد رکھیں سیاروں کی نظر بتا رہی ہے کہ اس وقت اعتبار نہ کرنا سب سے اچھی عادت ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنالیں طالب علم اس ماہ خاص توجہ دیں ورنہ اچھی خبر سننے کو نہ ملے گی ہر معاملہ میں احتیاط کریں۔ گھریلو خواتین ملازمین کو نظر میں رکھیں اور زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ چوری کا خطرہ ہے

